یا اللہ بحق کہیعص کے تو ہماری کفایت و حمایت کر ان دشمنوں سے اور ان کے آگے ذلت و خواری یعنی بسر افتادگی ان کی پیش آور ہو اور ان کے تئیں واسطے ہر حبیب و دوستدار کے فدیہ بلا مقرر کر اور یا اللہ تو ان پر ایسا غضب مسلط کر جو بہت جلد بدلا لینے والا ہو آج یا کل ان کی جمعیت کو پریشان کر یا اللہ ان کی جماعت کو پراگندہ کر دے اور ان کی فزونی یا تیزی کو کم کر دے اور ان کی کثرت کو گھٹا دے یا اللہ واردات و آفات کو ان پر مقرر کر دے یا اللہ ان پر عذاب نازل کر یا اللہ ان کو دائرہ حلم سے نکال کہ وہ صبر و تحمل نہ کر سکیں اور امداد مہلت ان سے سلب کرے اور ان کے ہاتھوں میں ہتھکڑی ڈال دے اور ان کے دلوں کو باندھ لے اور ان کی آرزوئیں ان کو نہ پہنچیں یا اللہ ان کی جامہ دری کر رسوائی تمام از برائے تفضیح اپنے دشمنوں کے اور برائے نصرت یابی اپنے نبیوں اور رسولوں کے تیرے دشمنوں پر یا اللہ اپنے دشمنوں کو ہم پر زور آوری نہ دے اور ہمارے گناہوں کے سبب ان کو ہم پر غالب نہ کر (ہم سات بار کہے (اس لئے کہ حم سات ہیں) اور بعد ساتوں حم کے ان معروف لفظ یعنی بحق حم وہ لوگ نصرت نہ پاویں یا اللہ بحق جمیع حق کے ہماری حمایت کر جن چیزوں سے ہم خوف کرتے ہیں یا اللہ ہم کو برائیوں سے بچا اور محل اور مورد بلا نہ کر یا اللہ جس آرزو کی ہم امید رکھتے ہیں اور جو اس امید سے فوق و بالاتر ہے وہ سب ہم کو عطا کر اے وہ خداوند جس کے فضل سے ہم اسی کے فضل کا سوال کرتے ہیں

اعدائک اللهمّ لاتمکّن الاعداء فینا ولا تسلّطهم علینا بذنوبنا حٰمٓ
ت بہ حٰمٓ الامر وجاء النصر فعلینا لا ینصرون اللهمّ بحق حٰمٓعٓسٓقٓ
حمیت بما نخاف اللهمّ فاصرف الاسوء ولا تجعلنا محلاً للبلوی اللهمّ
واعط من الرجاء وفوق الرجاء والامل یامن یفضله لفضله یسأل لهی
نعجل دوبار للاجابۃ ۱۲ یامن اجاب نوحا فی قومه یامن نصر ابراهیم
علی عداته یامن ردّ یوسف علی یعقوب یامن کشف ضرّ ایوب یامن
اجاب دعوة زکریا یامن قبل تسبیح یونس بن متی یامن ردّ موسی الی امّه
ویا من اعطی الخضر علی علمه نسئلک اللهمّ باسرار اصحاب هذه
الدّعوات المستجابات ان تقبل ما دعوناک وان تعطینا ما سألناک
انجزلنا وعدک الذی وعدته بعبادک المؤمنین لا اله الّا انت سبحنک
انّی کنت من الظّلمین انقطعت اٰمالنا وعزّتک الّا منک وخاب رجاء
نا وحقّک الّا فیک.

یا للہ العجل اس لفظ کی دوبار تکرار کرے الاجابت اس لفظ کی بھی تکرار کی جائے چنانچہ مجموع دونوں کو العجل یعنی بہت جلد دعا مستجاب ہوے وہ خداوند جس نے دعا نوح کی دوبارہ ۱۲
لے اس کی قوم کی قبول کی اے وہ خداوند جس نے ابراہیم کو اس کے دشمنوں پر منصور و مظفر کیا اے وہ خداوند جس نے یوسف کو یعقوب کے پاس پہنچایا اے وہ خداوند جس نے دعا زکریا کی پذیرائی کی اے وہ خداوند جس نے تسبیح یونس ابن متی کی بطن ماہی سے شنوائی کی اے وہ خداوند جس نے موسیٰ کو ان کی ماں کے پاس لوٹایا اے وہ خداوند جس نے خضر کو علم وسیع عطا فرمایا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے میرے پروردگار بواسطہ اسرار ان لوگوں کے جو اصحاب ان دعوات مستجاب کے ہیں سوال میں اس امر کا کہ تو ہم سے قبول کر جس چیز کی ہم نے تجھ سے دعا اور ہم کو عطا کر جو کچھ ہم نے تجھ سے سوال کیا ہے اور اپنے وعدہ کو وفا کر وہ وعدہ جو تو نے بندگان مومنین سے کیا ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے تیری ذات پاک ہے

ان انطات غارة الارحام وانعدت فاقرب الشیء منا نصرة الله
یا غارة الله جدّ السّیر مسرعه فی حلّ عقدتنا یا غارة الله
وعدت العادون وجازوا ورجونا الله مجیراً وکفی بالله ولیّاً وکفی
بالله نصیراً وحسبنا الله ونعم الوکیل ولا حول ولا قوّة الّا بالله العلیّ
العظیم سلامٌ علی نوح فی العلمین استجب لنا امین تین بار فقطع
دابر القوم الّذین ظلموا والحمد لله ربّ العلمین فاصبحوا لایری الّا
مساکنهم کذلک نجزی المجرمین وصلّی الله علی سیّدنا محمّد وعلی
اله وصحبه وسلّم

تمام ہوا احزاب النصر بعون اللہ تعالیٰ اور در بارہ اس حزب کے شاعر نے کہا ہے ؎

لِحِزْبِ النَّصْرِ اَسْرَارٌ سَنِیَّة	وَلِلرَّخْصِ اَلْطَافٌ خَفِیَّة
وَاَنَّا بِالْاِجَابَةِ قَدْ وُعِدْنَا	وَتَرْکُ سُؤَالِ مَوْلَانَا خَطِیَّة

اور میں ظالمین سے تھا قسم ہے تیری عزت و جلال کی ساری امیدیں ہماری منقطع ہیں سوائے اس امید کے جو تجھ سے ہے اور قسم ہے تیرے حق کی تمام آرزوئیں ہماری بے آس ہیں سوائے اس آرزو کے جو تیرے پاس ہے اگر غیرت ذوی الارحام نے تجھ سے دیری اور دوری کی ہے تو قریب ترین شے مجھ سے نصرت و فیروزی حق تعالیٰ ہے اے غیرت خدا جلدی کر واسطے میری عقدہ کشائی کے مجھ پر تعدی کی تعدی کرنے والوں نے اور جور و ستم کیا اور ہم امیدوار ہیں حق تعالیٰ سے اور پناہ مانگنے والے ہیں اور حال یہ ہے کہ حق تعالیٰ کافی ہے حمایت و مدد کرنے والا اور اللہ کافی ہے نصرت و فیروزی دینے والا اور اللہ ہم کو بس ہے اور ہم کو توانائی دعوت نیکوکاری کی نہیں ہے مگر بتوفیق خداوند برتر و بزرگ تر کے سلام ہے نوح علیہ السلام پر منجملہ تمام عالمین کے یا اللہ پذیرا کر ہماری دعا کو آمین اور بعدہ یہ آیتیں پڑھیں۔ ۱۲ لے فقطع الخ یعنی قطع ہوگئی نسل ظالموں کی اور جمیع حمد ثابت ہے واسطے حق تعالیٰ کے سو وہ حق تعالیٰ کے سو وہ لوگ ایسے ہوگئے کہ سوئے ان کی عمارت کے اور کچھ نشان ان کا نظر نہیں آتا اور ہم گنہگاروں کو ایسی سزا دیتے ہیں ۱۲ اے اس حزب کے لئے اسرار لطیف ہیں اور واسطے حق تعالیٰ کے الطاف پوشیدہ

قال الله تعالیٰ ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون
عن عبادتی سیدخلون جہنم داخرین۔

دعا قضائے حوائج

اور بعض ادعیہ میں سے یہ دعا بھی ہے برائے قضائے حوائج کے کریں
کے ساتھ دو رکعت نماز اس طرح کہ بخلوص نیت حمد حق تعالیٰ
بجا لاویں اور استغفار کریں الحمد للہ واستغفر اللہ جس قدر ہو سکے زبان سے
کہیں اور درود و سلام اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجیں پھر یہ دعا پڑھیں۔

[۲] اللّٰهُمَّ یاجامع الشتات یامخرج النبات ویامحی العظام الرمیم
ویامجیب الدعوات ویاقاضی الحاجات ویامفرج الکربات ویاسامع
الاصوات من فوق سبع سمٰوات ویافاتح خزائن الکرامات ویامالک
حوائج جمیع المخلوقات ویامن ملأ نوره الارض والسمٰوات ویامن

اور ہم قبول دعا کے ساتھ موعود ہیں اور حال یہ ہے کہ اے ہمارے دوست ترک سوال کرنا خطا ہے چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا بر آئینہ جو لوگ میری عبادت و عبودیت سے بے پروائی کرتے ہیں وہ عنقریب داخل جہنم ہوں گے ذلیل و خوار ہو کر ۱۲۔ [۲] یا اللہ اے جمع کرنے والے پراگندوں کے اے اگانے والے سبزہ کے اے زندہ کرنے والے استخوانہائے ریزہ ریزہ اور از ہم پاشیدہ کے اے قبول کرنے والے دعوات کے اے بر لانے والے حاجات کے اے کھولنے والے مشکلات کے اے سننے والے آوازوں کے ساتویں آسمان کے اوپر سے اے کشایندہ در ہائے کرامات کے اے مالک بر آئندہ مقاصد تمام عالم کے وسیع در سا ہے شنوائی تیری جمیع صورت و صدا کو اور محیط دعاوی کے ... اسرار ... اشیاء کو میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیری قدرت کے جو ہر شے پر قادر ہے اور بوسیلہ تیرے استغنا اور بے نیازی کے جو اپنے جملہ خلق سے ہے ۱۲۔

احاط بکل شیء علما واحصی کل شیء عددا وعالم بما مضی
وما هو آت اسئلک اللّٰهم بقدرتک علی کل شیء وباستغنائک عن
جمیع خلقک وبحمدک ومجدک یااله کل شیء ان تجود علی بقضاء
حاجتی وهی کذا وکذا انک قادر علی کل شیء یارب العٰلمین۔ [۱] بجائے کذا
بجائے کذا وکذا کے یہ کہے کہ وہ حاجت میری فلاں فلاں ہے یعنی اس حاجت کا نام
لیوے کہ مطلب اس کا برآمد ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر برآمد مطلب میں درنگ ہو تو اس عمل
کی تکرار تین بار یا سات بار کی جاوے تا آنکہ ظفر بر حصول مطلب ہوگا باذن اللہ تعالیٰ

اور بعض ادعیہ میں سے دعائے سفیان الثوری رحمہ اللہ ہے اور وہ دعا یہ ہے

اللّٰهم رب کل شیء واله کل شیء وولی کل شیء وخالق کل شیء
وقاهر کل شیء بقدرتک یامالک کل شیء والعالم بکل شیء
والحاکم علی کل شیء والقاهر علی کل شیء بقدرتک علی کل شیء
اغفرلی کل شیء واقض لی کل شیء وهب لی کل شیء ولا تسألنی عن
شیء ولا تحاسبنی بشیء واضح ہو کہ اسناد میں اس دعا کے مروی ہے کہ بعض مردم
نے بعض صالحین کو بعد مرگ کے اپنے خواب میں دیکھا اور یہ حال تھا کہ وہ مرد صالح

[۱] اور بوسیلہ تیری حمد و مجد کے سوال یہ ہے کہ تو بخشش کر مجھ پر بعطائے میری حاجت کے اور میری فلاں فلاں حاجت ہے ۱۲۔

[۲] یا اللہ پروردگار کل شے کے اور معبود کل شے کے اور مالک ہر شے کے اور خالق ہر شے کے اور قاہر و غالب ہر شے کے اپنی قدرت سے اے مالک ہر شے اے عالم و دانا ہر شے اور حاکم ہر شے پر اور قادر ہر شے پر اپنی قدرت سے جو کل اشیاء پر رکھتا ہے عطا کر مجھ کو جملہ اشیاء اور بخشش کر میرے لئے جملہ اشیاء اور مجھ سے باز پرس نہ کر کسی چیز کی اور مجھ سے محاسبہ نہ لے کسی چیز کا۔

اپنی بخشش میں ... مجھے ... صاحب ... نے اس سے پوچھا
کہ حق تعالیٰ ... معلوم ... کہا حق تعالیٰ نے مجھے اپنے سامنے
کھڑا ... امید ... پڑھ ... تو ... میں نے
... اغفرلی کل شیء یعنی عطا کر مجھ کو
... غفرت لک ... بخشش تیرے لئے بعد
... کل شے تو فرمایا قد
وھبت لک یعنی بخشی ... تجھ کو ... ولا تسائلنی عن
شیء یعنی مجھ سے کسی ... ولا نسئلک یعنی میں تجھ سے کچھ
نہ پوچھوں گا ... ولا تحاسبنی یعنی مجھ سے کسی چیز کا محاسبہ نہ کر تو فرمایا ولا
احاسبک یعنی میں تجھ سے کسی چیز کی بابت محاسبہ نہ کروں گا اور بعضوں نے اس دعا
میں چند کلمات زیادہ کئے ہیں وہ یہ ہیں[1] وَلا یَضُرُّہٗ شَیْءٌ وَلَا یَنْفَعُہٗ شَیْءٌ ولا
یَنْقُصُہٗ شَیْءٌ ولا یُکَدِّرُہٗ شَیْءٌ وَاَشْیَاءُ کَثِیْرَۃٌ ولیکن اول یعنی بلا زیادت
مشہور زیادہ ہے اور بعض ادعیہ میں سے دعائے شیخ ابن ابی حمزہ ہے جو منقول ہے حذیفہ
رضی اللہ عنہ سے اور وہ مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا حذیفہؓ سے تو
اس دعا کے ساتھ دعا کر اور اپنی دعا سے حاجت طلبی یعنی دعا مانگنے سے پیشتر اس دعا کو
مقدم کر بعد اس کے جو حاجت رکھتا ہو طلب کر کہ یہ دعا تیری مستجاب ہوگی اور جو کوئی
اس دعا کے ساتھ دعا کرے گا تو ایمان اس کا قوی و استوار ہوگا وہ دعا یہ ہے[2] اللّٰھُمَّ
لا مانعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلا یَنْفَعُ ذا

[1] کوئی شے اس کو ضرر نہیں پہنچا سکتی اور کوئی شے اس کو نفع پہنچا سکتی کوئی شے اس کا نقصان نہیں کر سکتی اور کوئی شے اس کو مکدر خاطر نہیں کر سکتی یعنی اس میں کیفیت کدورت تاثیر نہیں کرتی ۱۲

الجدِّ منک الجدُّ اللّٰھُمَّ[1] لا مُضِلَّ لِمَنْ ھَدَیْتَہٗ ولا ھادیَ لِمَنْ اَضْلَلْتَہٗ ولا
مُشْقِیَ لِمَنْ اَسْعَدْتَہٗ ولا مُسْعِدَ لِمَنْ اَشْقَیْتَہٗ ولا مُعِزَّ لِمَنْ اَذْلَلْتَہٗ ولا مُذِلَّ
لِمَنْ اَعْزَزْتَہٗ ولا رافعَ لِمَنْ خَفَضْتَہٗ ولا خافضَ لِمَنْ رَفَعْتَہٗ اللّٰھُمَّ اھْدِنا لِمَا
اَمَرْتَنا ووَفِّ لَنا بِمَا ضَمِنْتَ لَنا مِنْ خَیْرِ الدُّنْیا والآخرۃ وقَوِّنا ایمانًا
ویقینًا فیما رَجَّیْتَنا و انْصُرْنا عَلٰی اَعْدائنا فی الظّاھِرِ والْباطِنِ واَسْئَلُکَ
بما سَاَلَکَ بہٖ خلیلُک ابراھیمُ علیہ السّلامُ مِنَ النُّورِ والسَّنیٰ
وبما سَاَلَکَ بہٖ سیّدُنا ومولانا محمّدٌ صلّی اللّٰہُ علیہ وآلہٖ وسلّم من النّصرِ
والتّوفیقِ وحقیقۃِ التّمکینِ انّک حمیدٌ مجیدٌ

[1] یا اللہ جو چیز تو نے اپنی سرکار سے عطا کی اس کو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جس چیز کو تو نے روک دیا ہے اس کا دینے والا کوئی نہیں ہے اور جو کچھ تو نے حکم کیا اس کا پھیرنے والا نہیں ہے اور تیرے سامنے کسی کی تونگری بچا نہیں سکتی یا اللہ جس کو تو نے ہدایت کی اس کو کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جس کی گمراہی کی تو نے اس کو کوئی ہدایت نہیں کر سکتا اور جس کو تو نے سعید کیا ہے اس کا شقی کرنے والا کوئی نہیں ہے اور کوئی عزت دینے والا اس شخص کا نہیں ہے جس کو تو نے ذلیل کیا اور کوئی ذلت دینے والا اس شخص کا نہیں ہے جس کو تو نے عزت دی ہے اور کوئی اٹھانے والا نہیں اس شخص کا جس کو تو نے گرایا اور اس کو پست کرنے والا نہیں ہے جس کو تو نے ابھارا یا اللہ تو ہماری رہنمائی کر اس امر کی جس کا تو نے ہم کو حکم کیا ہے اور وفا کر ہمارے حق میں جس بات کی تو نے ہمارے لئے ضمانت و ذمہ داری کی ہے خیر دنیا و آخرت سے اور قوی کر ہمارے یقین کو جس بات میں تو نے ہم کو امیدوار کیا ہے اور ہمارے ایمان کو اور یقین کو قوی کر جس کی تو نے ہم سے امید کی اور ہم کو نصرت اور فیروزی دے ہمارے دشمنوں پر ظاہر میں اور باطن میں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں جس بات کا تیرے خلیل ابراہیم علیہ السلام نے تجھ سے سوال کیا تھا۔

۱۲ منہ

در حقیقت [illegible] جناب [illegible] بن سالم رحمہ اللہ سے انہوں نے
[illegible] دیکھتا تھا [illegible] پاس آ کر
[illegible] ساتھ [illegible]
[illegible] میری [illegible] کہ خداوند عز وجل
[illegible] اور تیری [illegible] ایک شخص
[illegible] دعا مانگ
[illegible] ہاتھوں [illegible] آنکھوں پر پھیر چنانچہ جس طرح
اس شخص نے [illegible] میری [illegible] میں بعد ازاں حق تعالیٰ نے اس کی آنکھوں
کو روشن کر دیا اور اس نے اپنے سامنے ایک شیخ بزرگ کو کھڑے ہوئے دیکھا بعد ازاں وہ
غائب ہو گیا اور ایک مدت دراز تک پوشیدہ رہا پھر قریب مرگ میری جدہ کے ظاہر ہوا
اور اس کو اس اسم مبارک سے خبر دی کہ وہ اول سورۂ حدید ہے۔ عَلِیْمٌ بِذَاتِ
الصُّدُوْر تک اور آخر سورۂ حشر ہے منقول ہے کہ کسی شخص نے جناب امیر المومنین علی
بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ بہترین دعوت میں سے کون سی دعا نبی صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مخصوص آپ کو تعلیم کی ہے۔ فرمایا مجھے گمان نہ تھا کہ کوئی مجھ سے
اس بات کا سوال کرے گا۔ بعد ازاں فرمایا جب تو ارادہ طلب اپنی حاجت کا کرے تو
چھ آیتیں اول سورۂ حدید سے تلاوت کر اور وہ یہ ہیں۔ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ تا عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْر اور آخر سورۂ حشر هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ تا آخر سورۂ حشر و بعد ازاں یہ دعا پڑھ
اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ هُوَ[1] کَذَا وَکَذَا وَلَا یَزَالُ[2] هٰکَذَا وَلَا یَکُوْنُ هٰکَذَا[3] اَحَدٌ غَیْرُہٗ

[illegible] خود یقیں سے ہے اور جس بات کا سوال ہمارے مالک و مولیٰ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے یہ تھا کہ وہ نصرت و توفیق تھی در ہر آئینہ تو ہی سزاوار حمد بے حد ہے۔۱۲

افعل بی کذا کذا چنانچہ ایسا ہی ہوگا موافق تیری حاجت کے کہ حق تعالیٰ ہر شے پر
قادر ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کی
یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد کوئی ایسی دعا ہے جو رد نہ ہو۔ فرمایا یہ دعا تو پڑھ
اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْلٰی الْاَعَزِّ الْاَکْرَم و بعض علماء سے منقول ہے کہ
جب تو حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو شروع کر درود سے اوپر نبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے اور درود ہی پر ختم کر کیونکہ دعا کے اول و آخر جب درود پڑھیں تو دونوں
درود ایسی دو دعا میں ہیں کہ رد نہیں ہوتیں اور ان دونوں کے درمیان جو دعا ہوتی
ہے وہ بھی مردود نہ ہوگی اور بعض ادعیہ سے وہ دعا ہے جو منقول ہے [illegible] بل
تجرید سے چنانچہ انہوں نے کہا جب تجھ کو کوئی حاجت جناب قدس الٰہی میں درپیش ہو تو
مساجد الٰہی میں سے کسی مسجد کی طرف قصد کر اور پس قبلہ رو ہو کر توقف کر اور بسوئے
حق سبحانہ وتعالیٰ متوجہ ہو کر یہ دعا پڑھ[1] اَللّٰهُمَّ اِلَیْکَ قَصَدْتُ وَبِبَابِکَ وَقَفْتُ
وَبِجَنَابِکَ انْتَجَاتُ وَاِیَّاکَ سَأَلْتُ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ
تَوَسَّلْتُ وَبِاَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ وَاَوْلِیَائِکَ تَشَفَّعْتُ فَاقْضِ اللّٰهُمَّ حَاجَتِیْ
وَنَفِّسْ کُرْبَتِیْ وَمَا نَزَلَ بِیْ مِنْ خَسْرَتِیْ۔ وبعد ازاں اپنی حاجت اور اپنے ارادہ
کا نام لیوے و بعد ازاں دو رکعت نماز ادا کرے اول رکعت میں سورۂ فاتحہ و سورۂ قل
یا ایہا الکافرون پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور معوذتین

---

۱ اس ہکذا سے مراد صفات باری تعالیٰ ہیں سو بجائے ہکذا کے آخر آیات حشر پڑھنا چاہئے اس
طرح کہ لایزال ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو تا آخر سورۂ حشر یعنی ہمیشہ سے ہے یہ بات اور ہمیشہ رہے
گی کہ وہ ایسا ہے جس کے سوائے کوئی لائق الوہیت نہیں اور وہ ایسا ہے ۱۲ ۔۲ اس ہکذا سے مراد
صفات حق تعالیٰ ہے یعنی نہیں ہے اور نہ ہوگا ایسا صاحب صفت سوائے اس خداوند عز وجل
کے ۱۲ ۔۳ میرے ساتھ ایسا ایسا کر یعنی فلاں اور فلاں حاجت روا کی تو تجھ سے سوال کرتا ہوں
واسطہ تیرے اسم برتر و بزرگ تر و پاک تر کے ۱۲

پڑھے اور جس وقت میر سجدہ میں ہو تو یہ آیت تلاوت کرے۔ وایوب اذ نادی ربہ انی مسنی الضر [illegible] بعد ازاں سر سجدے سے اٹھا کر تشہد پڑھے اور سلام پھیرے [illegible] قبلہ رو کھڑا ہو اور مشغول ہو کے بجوش دل یہ دعا پڑھے [illegible] عن المعاصی وفضلک وجودک [illegible] اذا استجار بها [illegible] وقد استجرت بک [illegible] ولا تحرمنی [illegible] وقلبی وقد املت ملک [illegible] وعصی [illegible] ظننه بک برحمتک یا ارحم الراحمین۔

چنانچہ اس دعا کو پڑھ کر حاجت اپنی طلب کرے جو کچھ اس کی آرزو ہوگی بر آوے گی اور دوبارہ دعا کے نفس امر میں شرط حسن نیت ہے جیسا کہ اس کی نیت صحیح

؎ یا اللہ تیری ہی طرف رجوع کی اور تیرے ہی دروازہ پر کھڑا ہوں اور تیرے ہی جناب میں التجا کی اور تجھ ہی سے سوال کیا اور ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ پکڑا اور تیرے انبیاء اور رسولوں اور تیرے [illegible] کے ذریعہ سے میں نے شفاعت مانگی سو یا اللہ تو میری حاجت بر لا اور میری سختی اور حیرت کو دور کر ۲؎ یعنی وہ لوگ جو تعلقات دنیا سے کنارہ کش ہیں ۱۲۔

۱؎ یہ دو آیتیں مغضبا تک سورہ انبیاء کے چھٹے رکوع میں ہیں ۱۲۔ ۲؎ یا اللہ تیرے حلم و آگاہی نے [illegible] سوال کرنے سے مجھ کو بے پروا کر دیا اور تیرے فضل و جود نے مجھ کو طلب کرنے سے بے نیاز کر دیا الٰہی دستور عرب و عجم کا یہ ہے کہ جب کوئی ان سے طلب حمایت میں آنا چاہتا ہے تو وہ اس کو اپنی پناہ میں لے لیتے ہیں اور حال یہ ہے کہ تو خداوند عرب و عجم اور تمام ممکنات میں تیری نزدیکی اور پناہ چاہتا ہوں تو چاہئے کہ تو اپنے جوار رحمت میں مجھ کو پناہ دے اور مجھے اپنے دروازے سے محروم نہ پھیر اور میری لغزشوں سے درگزر کر اور میں تجھ سے امید [illegible] رکھتا ہوں تو میرا سوال پذیر کر اور میری آرزو بر لا اور جو کچھ میں تجھ سے

ہوگی ویسی تاثیر ہوگی جیسا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے ۱؎ انما الاعمال بالنیات و انما لکل امرئٍ مانوی یعنی درستی کل اعمال کی منحصر ہے اعمال درست پر حسن عمل موقوف ہے حسن نیت پر لہذا بر آمد حاجات موقوف ہے نیک نیت پر و بالاعتقاد تصل الی المراد یعنی باعث اعتقاد درست کے آدمی اپنے مقصود کو پہنچتا ہے۔ انتہٰی۔ اللہ تعالیٰ اور بعض ادعیہ سے وہ دعا ہے جو بذکر حضرت زید بن حارثہ منقول ہے جس وقت کردی نے ارادہ زید کے قتل کا بقوال سے کیا کہا کہ زید تو اپنی موت کے لئے آمادہ ہو تب زید نے کہا مجھے اس قدر مہلت دے کہ میں دو رکعت نماز ادا کروں اس نے کہا بہت یعنی فسوس و تعجب ہے کہ تیرے سواروں نے بھی ایسے وقت میں نماز پڑھی ہے مگر ان کی نماز نے ان کو کچھ فائدہ نہ دیا چنانچہ زید نے وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھی اور اس دعا کے ساتھ دعا مانگی [illegible] ملائکہ نے زید کو گھیر لیا اور وہ دعا یہ ہے ۲؎ اللّٰھم یا ودود یا ودود یا ذا العرش المجید یا مبدئ یا معید یا فعالٌ لما یرید اسئلک بنور وجھک الذی ملأ ارکان عرشک وبقدرتک التی قدرت بھا علی جمیع خلقک وبرحمتک التی وسعت کل شیء لا الٰہ الا انت برحمتک استغیث یا غیاث المستغیثین اغثنی تین بار بعد ازاں زید پر کردی نے حملہ کیا اور حربہ

طلب کرتا ہوں عطا کر یا ارحم الراحمین ۱۲۔

۱؎ سوائے اس کے نہیں ہے کہ تمام اعمال متعلق نیت و قصد ہوتے ہیں اور واسطے ہر [illegible] شخص کے واسطے [illegible] وہی ہے جو وہ نیت کرتا ہے ۱۲۔ ۲؎ یا اللہ یا دوست [illegible] کرنے والے اے خداوند عرش عظیم کے پیدا کرنے والے تمام خلق کے ابتداء [illegible] کرنے والے [illegible] اے پورا کرنے والے اپنے ارادے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں [illegible] تیرے [illegible] یعنی جہت و معرفت کے جس نے تیرے [illegible] ارکان عرش کو [illegible] اور بوسیلہ تیری قدرت کے جس سے تو نے جملہ مخلوق پر قدرت رکھی ہے اور [illegible] تیری رحمت

[illegible] قتل کے لیے کھڑا تھا ناگاہ ایک شہسوار گھوڑا دوڑاتا آ پہنچا اور صدا دیتا تھا کہ [illegible] کردی نے طرف اس آواز کے التفات جو کی تو دیکھا [illegible] اور اس کے ہاتھ میں حربہ تھا سوار نے کردی کو مار کر پشت [illegible] اور قتل کر ڈالا اور زید سے یہ کہا کہ اے زید جب اول مرتبہ دعا [illegible] کردی کہ اس بیچارہ عاجز کے لیے کون مددگار ہے میں نے کہا میں [illegible] ہفتم میں تھا جب تو نے دوسری بار دعا کی ہے تو اس دم [illegible] اس وقت تو نے تیسری مرتبہ دعا کی ہے تو تیرے پاس [illegible] اے زید تو خوب جان لے کہ جو کوئی تیری اس دعا کے ساتھ دعا [illegible] وقت مستجاب ہوگی۔ چنانچہ جب زید نے مدینہ کو مراجعت کی اور بحضور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کیفیت کی خبر دی تو فرمایا کہ اے زید اللہ حق تعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسم اعظم تعلیم کیا ہے وہ اسم اعظم کہ جس سے جب دعا کی جاوے مستجاب ہو اور جب اس کے ذریعے سے سوال کیا جاوے مقصود بر آوے اور اس کے لیے محمد بن ادریس الرازی نے اپنی کتاب میں جو جامع ادعیہ ہے ایک باب خاص وضع کیا اور اس میں کہا کہ باب الاسماء التی ترعزعت الملئکۃ منھا۔ یہ باب ہے ان اسما کا جن سے فرشتے لرزتے ہیں اور تھراتے ہیں۔ اور بعض نے جو کتابوں میں جوابی تذکرہ کا تجربہ کیا ہو تو اس میں ذکر زید کا نہیں کیا بلکہ بجائے زید ایک تاجر کا ذکر لکھا ہے اور بعض ادعیہ میں سے وہ ہے جو منقول ہے ابو زید عمارۃ بن زید رحمہ اللہ سے چنانچہ عمارہ نے کہا مجھ سے روایت بیان کی سفیان الثوری نے انہوں نے روایت ابو عبیدہ سے کی اس نے ابی الزناد سے اس نے اعرج سے اس نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ ہر آئینہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حق تعالیٰ کے

[illegible] ہر شے کی رکھتی ہے کہ کوئی الہ لائق الوہیت نہیں سوائے تیرے اے فریادرس [illegible] [illegible] فریادرسی کر اور لفظ اغثنی کی تکرار تین بار کرے۔ ۱۲

لیے نو دو نہ نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کر کے پڑھا کرے وہ داخل جنت ہوگا۔ چنانچہ عمارہ نے کہا کہ میں ان اسماء کا ہمیشہ جویا تھا مگر میں نے کسی کو نہ پایا جو اس کی حقیقت حال پر مجھ کو کرتا تو آنکہ میں نے ایک شخص سے ملاقات کی جو صاحب ہمت تھا اور اس کی ہمت اس بات میں مصروف تھی کہ وہ استنباط علم کا اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا کرتا تھا اور وہ شخص مرد پرہیزگار اور عالم اور مستجاب الدعوات تھا اور لوگ ناقل ہیں کہ وہ ہمیشہ یوم عرفہ کو مدینہ سے روانہ ہوتا تھا اور اسی روز موقف عرفات میں حاجیوں کے ساتھ حاضر ہوتا تھا اور حج سے چوتھے روز مدینہ میں پھر آتا تھا اور اسی طرح کے اخبار و حالات اس کے مشہور ہیں مگر یہ کہ اس نے مجھ سے عہد لے لیا اور تاکید کی اس باب میں اس کا نام ظاہر نہ کروں آخر عمارہ کہتے ہیں کہ میں نے اس سے درباب اسماء عظام حق تعالیٰ کے سوال کیا کہ جن کے ساتھ دعا کرنے سے انسان محروم نہیں رہتا تو اس نے مجھ سے بعد سرزنش و امتناع کے یعنی بعد تاکید اخفائے غیر کے یہ کہا کہ اے عمارہ مجھ کو تیرے ساتھ وثوق و اعتماد نہ ہوتا تو میں تجھ کو نہ بتاتا سو یہ تیرے پاس امانت رہے کہ اس کے تئیں کسی کو نہ سکھلانا مگر جس شخص کے دین سے راضی ہو اور مطمئن ہو یعنی جو شخص تیرا دیندار اور تیرا ہم مذہب ہوا اے عمارہ یہ اسماء کتاب اللہ میں مذکور ہیں چنانچہ اس شخص نے ان اسماء کو مجھ سے بیان کیا اور کہا کہ میں نے اس کے ساتھ ہر بار دعا مانگی ہے تو اس کو قریب اجابت پایا اور ایک جماعت نے مجھ سے اس کو لکھ لیا اور ان سب نے مجھ سے اس کی سرعت تاثیر و عجالہ اجابت ظاہر کی اور پھر یہ کہا کہ اے عمارہ ان اسماء کے اندر اسم اعظم ہے سو جب تو اس کے ساتھ دعا کرنے کا ارادہ کرے تو چاہیے کہ روز پنجشنبہ روزہ رکھ اور شب جمعہ کے ثلث اخیر میں وقت سحر ان اسماء کے ساتھ میں دعا مانگ قسم ہے اس حق تعالیٰ کی جس کے سوائے کوئی لائق الوہیت نہیں ہے جو بندۂ مومن اس کے ساتھ دعا مانگے گا بالضرور حق تعالیٰ مستجاب کرے گا یہاں تک کہ اگر وہ شخص برائے رفتار بالائے آب یعنی پانی پر چلنے کا سوال کرے گا یا ہوا پر یا زمین

نماز و ریس کے قصد سے کرے گا تو لئے بھی ما اس کی قبول ہوگی اور اسماء یہ ہیں۔
یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا مالک یا محصی یا قدیر یا علیم یا حکیم یا
تواب یا بصیر یا واسع یا بدیع یا سمیع یا کافی یا رؤف یا شاکر یا الٰہ یا
واحد یا غفور یا حلیم یا قابض یا باسط یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم یا
ولی یا غنی یا حمید یا وہاب یا قائم یا سریع یا رقیب یا حسیب یا شہید
یا عفو یا مقیت یا وکیل یا فاطر یا قاہر یا قادر یا لطیف یا خبیر یا محیی یا
مجیب یا نعم المولیٰ و یا نعم النصیر یا حفیظ یا رقیب یا مجیب یا قوی
یا مجید یا ودود یا ذوالعرش المجید یا فعال لما یرید یا کبیر یا متعال یا
حنان یا منان یا خلاق یا رزاق یا صادق یا وارث یا شکور یا غافر یا قابل
التوب یا شدید العقاب یا ذا الطول یا ذا القوۃ یا متین یا بر یا ملیک یا
مقتدر یا باقی یا ذا الجلال و الاکرام یا اول یا آخر یا ظاہر یا باطن یا
قدوس یا سلام یا مؤمن یا مہیمن یا عزیز یا جبار یا متکبر یا خالق یا بارئ
یا مصور یا مبدئ یا معید یا احد یا صمد۔ تمام ہوئے یہ اسمائے شریف جو مستنبط
ہیں قرآن عظیم سے اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے برآمد حاجات کے ختم قرآن مجید ہے
چنانچہ بعض علماء نے کہا ہے کہ ہم نے بخط بعض علماء کے لکھا ہوا دیکھا ہے کہ ختم قرآن مجید
برائے برآمد حاجت مجرب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے مگر تلاوت اس میں کوئی شک
نہیں ہے مگر تلاوت اس ترتیب اور اس طریق سے موجب شتابی قبول دعا کے ہے کہ روز
جمعہ سے شروع کرے اور اس روز اول سورۂ بقر تا آخر سورۂ مائدہ قراءت کرے اور روز شنبہ
سورۂ انعام سے تا آخر سورۂ توبہ و روز یکشنبہ اول سورۂ یونس سے تا آخر سورہ مریم و روز دو
شنبہ سورۂ طٰہ سے تا تمام سورۂ قصص و روز سہ شنبہ سورۂ عنکبوت سے تمام سورۂ ص و روز چہار
شنبہ سورۂ زمر سے تا تمام سورۂ رحمٰن اور روز پنجشنبہ سورۂ واقعہ سے تا اختتام قرآن مجید پھر

استغاثات جس کا ذکر شروع باب میں ہے ترجمہ کیا گیا ہے ۱۲

جب ختم کرے تو سجدہ کرے اور حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے ان شاء اللہ تعالیٰ
اس کا مقصود حاصل ہوگا اور لیکن استغاثات چنانچہ بعض ان میں یہ اشعار ہیں۔

الیک وانت الحاکم العالم للشکوی — وانت الذی تدری السرائر والنجوی
سألتک بالکتب التی منک انزلت — وبالمرسلین المنقذین من البلوی
وبالعلماء العاملین بعلمهم — وبالاولیاء السالمین من الدعوی
وبالبیت والمسعی وزمزم والصفا — وبالحرمین الامنین من الاسوی
وبالمسجد الاقصی و بالجبل الذی — تحط علیه السیئات کما یروی
تصب لی رزقا حلالا بلا عنا — وترزقنی العلم الشریف مع التقوی
وتحفظنی من شر خلقک والزنا — ومن شر شیطان ونفس وما تهوی
وتقبضنی عند مماتی مسلما — وتدخلنی یا ربنا جنة المأوی
وصل علی المختار ما هبت الصبا — وما هام مشتاق الی نحوه الوی
کذا الال والاصحاب ما لاح کوکب — وما فاح عطر ثم علم لهم یروی

اور بعض استغاثات میں سے وہ استغاثہ ہے جو منقول ہے محمد البکری سے
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور وہ یہ اشعار ہیں۔

۱ تیری طرف شکایت ہے اپنے احوال کی کہ تو ہی حاکم و عالم ہے اور تو ہی خداوند ہے جو جانتا
ہے دل کی باتوں کو اور سرگوشی کو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوسیلہ ان کتابوں کے جو تیرے پاس
سے نازل ہوئیں اور بوسیلہ تیرے ان رسولوں کے جو نجات دیئے گئے سخت بلا سے اور بواسطہ ان
عالموں کے جو عامل ہیں اپنے علم کے اور بواسطہ ان اولیاء کے جو سالم و بری ہیں دعویٰ خودی
سے و بواسطہ بیت کعبہ و مقام سعی و زمزم و صفا و مروہ کے اور بواسطہ کعبہ و حرم مدینہ کے کہ یہ دو
حرم برائیوں سے امن میں ہیں اور بواسطہ مسجد اقصیٰ کے اور بواسطہ اس جبل کے کہ جس پر
سارے گناہ فرو ہو جاتے ہیں جیسا کہ مروی ہے یعنی جبل عرفات سوال یہ ہے کہ تو پہنچا اے
میرے لیے رزق حلال بلا رنج و تعب اور تو مجھے روزی عطا کر علم شریف عطا کر ساتھ

۱ یارب یا عالم السرائر یا من هو لا غیره للطیف الخبیر

ادرک عبد [illegible] مستجیرا وما سواک المجیر

رب انی کم ترى فی نکبة انت حسبی وانت نعم النصیر

حاش لله [illegible] لک منی منا خاف اسیر

اه [illegible] وحسبی وملاذی وغنی سواک نصیر

ان [illegible] فکم بی من ذنوب وانت رب غفور

ان لی [illegible] فی وجهه دلیل اسیر

قد [illegible] حسبی [illegible] مصطفی البشیر النذیر

فعلیه یارب صل وسلم [illegible] غیاهب وستور

اور بعض شفاعات میں سے وہ استغاثہ ہے جو منقول ہے جلال الدین السیوطی

پرہیزگاری اور تو میری حفاظت کر شر خلق سے اور زنا سے اور شر شیطان اور شر ہوائے نفس سے اور تو میری روح کو قبض کر وقت میری موت کے تو اس حالت میں کہ میں مسلمان و فرمانبردار ہوں اور داخل کر تو مجھے اے میرے پروردگار جنت عدن میں جو جائے قرار اور جائے پناہ ہے اور تو درود و سلام بھیج مختار و برگزیدہ یعنی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک کہ باد صبا رواں رہے گی یعنی ہمیشہ اور جب تک کہ مشتاق سرگشتہ ہیں اور اس مختار کی طرف مائل ہیں اور اسی طرح آل واصحاب پر جب تک کواکب تاباں ہیں اور جب تک عطر خوشبو فشاں ہے اور جب تک علم ان کا روایت کیا جائے گا ۱۲ ۱ اے میرے پروردگار اے جاننے والے دل کے بھیدوں کے اے وہ خداوند جس کے سوائے کوئی لطیف و خبیر نہیں ہے تھام اس بندہ خوار و حقیر و پناہ خواہ کو اور حال یہ ہے کہ سوائے تیرے کوئی پناہ دہندہ نہیں ہے اے میرے پروردگار ہر آئینہ میں جیسا تو دیکھتا ہے کہ بہت شکستہ حال ہوں اور تو جبر کسر کرنے والا اور تو اچھا ناصر مددگار ہے کاش اللہ بعید ہے اس بات سے کہ میں ظلم کیا جاؤں اور کہاں ہے تو مجھ سے کہ جس سے میں خوف کرتا ہوں اشارہ کروں آہ افسوس ہے اے میرے الٰہ اور میرے جائے پناہ کہ سوائے تیرے کون ناصر و مددگار ہے۔ اگر شدت و سختی میرے سبب گناہوں کے ہے تو میرے گناہ بھی

رحمۃ اللہ علیہ سے وارد وہ ابیات یہ ہیں۔

۱ یا من الیه بجوده نتوسل وعلیه فی کل الامور نعول

ادعوک رب تضرعا وتذللا فاذا رددت یدی فمن ذا اسئل

۲ قادنی املی الیک ودلنی جودٌ عنیک ووفاقه وتدلل

وعلمت انک لا تخیب املا ضحی لجودک یا کریم یؤمل

بنور وجهک کن لذنبی غافرا فعلیک فی غفرانه اتوکل

اور بعض استغاثات سے یہ ابیات ہیں۔

۳ یارب ما زال لطفٌ منک یشملنی وقد تجددنی ما نت تعلمه

فاصرفه عنی کما عودتنی کرما فمن سواک لهذا العبد یرحمه

کیا کم ہیں حالانکہ تو پروردگار میرا آمرزگار ہے۔ میں بڑی سختی میں ہوں تو میری کشودگی و کشائش کر کہ میں اس کے وہم و اندیشہ میں خوار و گرفتار ہوں۔ و تحقیق کہ میں نے وسیلہ پکڑا ہے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور مجھے بس ہے کہ وہ تیرا برگزیدہ پسندیدہ اور خلق کو خوشخبری دینے والا جنت کی اور ڈرانے والا جہنم سے ہے۔ اے میرے پروردگار اس پر درود و سلام بھیج جب تک کہ دور کرتی ہیں تاریکیاں اور پردے یعنی دونوں چیزیں مردم کو باز رکھتی ہیں اور کنایہ اس سے زمانہ دوام ہے۔ ۱۲۔

۱ اے وہ خداوند جس کی طرف میں وسیلہ پکڑتا ہوں اے میرے پروردگار میں تجھی کو پکارتا ہوں ازروئے زاری و خواری کے سوا اگر تو میرے ہاتھوں کو خالی پھیرے تو اور کون ہے جس سے میں سوال کروں۔ ۱۲۔

۲ کہ تحقیق میری امید مجھ کو تیری طرف کھینچ لائی ہے اور میری رہبری کی ہے تجھ پر تیری جود و بندہ نوازی نے اور میرے فاقہ اور عاجزی نے اور میں نے خوب جان لیا کہ ہر آئینہ تو مایوس نہیں کرتا ہے کسی امیدوار کو ہمیشہ تیرے کرم کی اے کریم توقع کی جاتی ہے تو بواسطہ اپنے

اور بعض شیوخ [illegible] کہ جو کوئی [illegible] حاجت میں [illegible]
[illegible]
[illegible]۔

یا من یری ما فی الضمیر ویسمع ... انت المعد لکل ما یتوقع
یا من یرجی للشدائد کلها ... یا من الیه المشتکی والمفزع
یا من خزائن رزقه فی قول کن ... امنن فان الخیر عندک اجمع
ما لی سوی فقری الیک وسیلة ... فبالافتقار الیک فقری ادفع

تو عرفان کے میرے [illegible] کا آمر، گارگہ میں تجھی پر توکل و تکیہ رکھتا ہوں تیری آمرزش میں ۱۲۔
۱ اے میرے پروردگار ہمیشہ لطف تیرے جانب سے میرے شامل حال ہے و تحقیق تجدید
[illegible] ہے میرے حق میں وہ شے جس کو تو ہی جانتا ہے یعنی مجھ پر نئی نئی واردات گزرتی
ہیں جن کو تو ہی جانتا ہے سو اس کو تو مجھ سے پھیر دے اپنے کرم سے جس طرح تو نے [illegible]
میری طرف کیا ہے یا یہ معنی ہوں کہ جس طرح تو نے اپنے کرم کو میری طرف عود دیا ہے کیونکہ
سوائے تیرے اس بندہ کا کون ہے جو اس پر رحم کرے ۔۱۲
۲ اے وہ خداوند تو دیکھتا ہے جو کچھ دلوں میں ہے اور تو سنتا ہے اور تو مہیا کرنے والا ہے اس
چیز کا جس کی توقع کی جاتی ہے اے وہ خداوند جو امید گاہ تمام شدائد میں ہے اے وہ خداوند
جس کی طرف شکایت و فزع کی جاتی ہے اے وہ خداوند جس کی بادشاہت کا خزانہ [illegible]
کن میں ہے منت و کرم کر کیونکہ خیر کثیر تیرے ہی پاس ہے سوائے میرے فقر کے تیری
طرف [illegible] ہے سو میں بسبب اس افتقار کے اپنے جو تیری طرف ہے اپنے فقر کو دفع کرتا
ہوں [illegible] معنی [illegible] یہ ہیں کہ یہ سبب افتقار کے اپنے فقر کو تیری طرف دفع
[illegible] ہوں ۱۲۔

۱ مالی سوی قرعی لبابک حیلة ... فلئن رددت فای باب اقرع
ومن الذی ادعو واهتف باسمه ... ان کان فضلک عن فقیرک یمنع
حاشا لجودک ان یقنط عاصیا ... الفضل اجزل والمواهب اوسع
ثم الصلوة علی النبی وآله ... خیر الانام ومن به یستشفع

اور بعض استغاثات سے وہ استغاثہ مبارک ہے کہ جو کوئی نیمہ شب میں بار بار اس کو
کرے تو اس کی دعا مستجاب ہو اور وہ اشعار یہ ہیں۔

۲ لبست ثوب الرجا والناس قد رقدوا ... وبت اشکو الی مولای ما اجد
وقلت یا املی فی کل نائبة ... ومن علیه لکشف الضر اعتمد
اشکو الیک امورا انت تعلمها ... مالی علی حملها صبر ولا جلد
وقد مددت یدی بالذل مبتهلا ... الیک یا خیر من مدت الیه ید
فلا تردنها یا رب خائبة ... فبحر جودک یروی کل من یرد.

۱ میرے لئے سوائے تیرے دروازہ کھٹکھٹانے کے اور کیا حیلہ ہے سو اگر تو مجھے ہٹا دے تو میں
پھر کس کی درکوبی کروں اور کون شخص ہے جس کو میں بلاؤں اور اس کا نام لے کر پکاروں اگر تیرا
فضل تیرے فقیر سے باز رکھا جائے یعنی اگر تیرا فضل باز رہے تو پھر کس کو پکاروں، بعید ہے
تیری جود سے کہ وہ کسی کو محروم و مایوس کرے کیونکہ فضل تیرا بزرگ ہے اور مواہب بخشش تیرے
بہت ہیں۔ پس صلوٰۃ و سلام نازل ہو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جو بہترین
مخلوقات ہیں اور جن کے وسیلہ سے شفاعت کی امید ہے ۱۲۔
۲ میں جامہ امید یعنی دعائے آرزو پہنے ہوں اور حال یہ ہے کہ لوگ سوتے ہیں یعنی غافل ہیں
دعا کرنے سے اور میں ہمیشہ شکایت کرتا ہوں اپنے مالک کی طرف اس بات کی کہ جو میں اپنے
میں پاتا ہوں اور میں کہتا ہوں اے میری آرزو ہیچ حالت ہر نامیدی کے اور کون ہے کہ جس پر
نقصان کے دفع کرنے میں اعتماد کروں، شکایت تجھ سے ان امور کی کرتا ہوں جس کو تو ہی خوب
جانتا ہے کیونکہ مجھے اس کے اٹھانے پر نہ صبر ہے نہ قوت اور تحقیق کہ میں نے اپنا ہاتھ پھیلایا ہے

[illegible] صلی اللہ علیہ وآلہ [illegible]

[illegible] حير [illegible] من عنده ان نرفع اليه كفه

[illegible] بعض متعلقات سے یہ اشعار ہیں۔

[illegible] لا يغوى لها المتحفل

[illegible] وحصن ومفقل

[illegible] کثرت [illegible] یا رسول اللہ انت عمدتی

[illegible] جس شخص کو پیش آگا خداوند عام

[illegible] مواظبت رکھے اور جملہ آفات میں و جملہ

[illegible] قضائے حاجات کے مجرب ہے اور وہ

ابیات یہ ہیں۔

تیری طرف ساتھ خواری کے اور زاری کے اے وہ خداوند جس کی طرف ہاتھ پھیلے ہیں سو چاہیئے اے میرے پروردگار میرے ان ہاتھوں کو ناامید نہ پھیر کیونکہ تیرا جود وکرم اس شخص کو جو وارد ہوتا ہے سیراب کرتا ہے ۱۲۔ [illegible] تحقیق کہ حق تعالیٰ دائم الحیات اور کریم اور سخی ہے اپنے بندے سے حیا کرتا ہے اس بات کی کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ اس کی طرف بلند کرے پھر دونوں ہاتھوں کو خالی واپس پھیر دے ۱۲۔ [illegible] تیری ہی طرف یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شکایت [illegible] کی کرتا ہوں زمانے کے ہاتھ سے کوئی اس مصیبت کے اٹھانے کی قوت نہیں رکھتا ہے اور میں امیدوار ہوں اس بات کا کہ وہ مصیبت تیری اعانت سے کھل جاوے اس لئے کہ [illegible] میرے لئے تو ہی پناہ ہے اور تو ہی میرا قلعہ ہے اور میری جائے پناہ ہے ۱۲۔ [illegible] [illegible] اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو میرا تکیہ گاہ ہے اور پشت و پناہ ہے سو فریادرسی کر میری حالت شدت میں ۱۲۔ [illegible] اے میرے پروردگار رشد و سامان ہمارے کام کا مہیا کر اور اپنی [illegible] ہمارے لئے مددگار کر اور ہم کو حوالے نہ کر ہمارے نفسوں کے کیونکہ ہر نفس عاجز

یا رب ھیئ لنا من امرنا رشدا واجعل معونتک الحسنى لنا مددا

ولا تکلنا الی تدبیر انفسنا فالنفس تعجز عن اصلاح ما فسدا

انت العلیم وقد وجھت من املی الی رجائک وجھا سائلا ویدا

وللرجاء ثواب انت تعلمہ فاجعل ثوابی دوام السترلی ابدا

اور منقول ہے۔ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے کہ جو کوئی ان دو بیتوں کو چوراسی مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو حق تعالیٰ اس کی سختی دور کرے گا اور وہ بیتیں یہ ہیں۔ ۸۴

ایدرکنی ضیم وانت ذخیرتی وظلم فی الدنیا وانت نصیری

وعار علی راعی الحمی وھو قادر اذا ضاع فی البید اعقال بعیری

باب ۱۸ اٹھارہواں ذکر میں اذکار وادعیہ صبح و مساومیانہ روز بذکر فوائد متعلقہ بحفظ ایمان ودعائے اول و آخر سال ودعائے عاشورہ وغیرہ کے

چنانچہ بعض اذکار سے یہ ہے کہ صبح و شام سات بار یہ ذکر کریں۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ بعدازاں تین بار یہ دعا

ہے اصلاح اس چیز سے جو فاسد ہوگئی تو عالم ہے اور حال یہ ہے کہ میں نے اپنی امید کا رخ طرف تیری امید برآری کے کیا اس طرح کہ میں سوال کرنے والا ہوں طرف تیری منہ کرے ہوا ہوں اور ہاتھ پھیلانے والا ہوں اور امیدواری کے لئے ثواب واجر ہے کہ اس کو تو خوب جانتا ہے جو میرے ثواب کو میرے لئے ہمیشہ کا پردہ پوش کر جو ہمیشہ رہے ۱۲۔ کیا مجھے پکڑے گا کوئی ظالم حالانکہ تو میرا خیرخواہ ہے اور کیا میں ظلم کیا جاؤں گا دنیا میں حالانکہ تو میرا ناصر و مددگار ہے؟ اور عار و دشوار ہے شبان پر اپنے تئیں باز رکھنا باوجود قادر ہونے کے اس وقت جب گم ہوتا ہے بیابان میں عقال شتر کا یعنی شبان و توانا و قادر پر ننگ ہے باز رکھنا اپنے تئیں کہ کوئی شتر بیابان میں ریسمان گم کرے اور کھل جاوے تا کہ وہ کسی طرف چلا جاوے اور گم ہو جاوے ۱۲۔

پڑھیں بسم اللہ الذی لا یضرُّ مع اسمہ شیءٌ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم صبح و شام سورۂ اخلاص اور معوذتین تین تین بار پڑھا کریں اور ابوداؤد نے اپنی سنن میں بسند جید و ثقہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے اور اس روایت کو کسی نے ضعیف نہیں کہا ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو کوئی جب صبح ہووے تو یہ ذکر کرے اَللّٰھُمَّ اِنّی اَصْبَحْتُ اُشْھِدُکَ و اُشھِدُ حملۃ عرشک وملٰئکتک وجمیع خلقک انک انت اللّٰہ لا الٰہ الا انت وحدک لا شریک لک و ان محمدًا عبدک ورسولک ایک مرتبہ پڑھے گا اس شخص کے چہارم کو حق تعالیٰ آتش جہنم سے آزاد کرے گا۔ یعنی اس کو چوتھائی آزاد اس سے ہے اور اگر دوبار پڑھے گا تو اس کو نصف آزاد کرے گا اور اگر دوبار پڑھے گا تو اس کو نصف آزاد کرے گا اور اگر تین مرتبہ پڑھے گا تو اس کی تین چوتھائیاں آزاد کرے گا اور جو کوئی چار بار پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کو بالکل آزاد کرے گا اور یہی دعا شام کو پڑھی جاتی ہے تو بدل اَصْبَحْتُ کے اَللّٰھُمَّ اَمْسَیْتُ کہا جائے اور میں نے نجبط بعض علماء کے لکھا ہوا دیکھا ہے کہ جب آدمی اپنے نفس یعنی اپنی ذات میں کوئی وحشت۔ دہشت شیطان سے پاوے یا جس کسی شخص کا دیکھ کر اس کو شیطان گمان کرے یا

میرے لئے بس ہے اور کافی ہے وہ اللہ جس کے سوائے کوئی لائق الوہیت کے نہیں ہے اسی پر میرا توکل ہے اور وہ پروردگار ہے عرش عظیم کا ۱۲ ع بنام اس خداوند کے کہ جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نہ زمین میں ضرر کرتی ہے اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا جاننے والا ہے ۱۲ ع الٰہی ہر آئینہ میں نے صبح کی ہے اس حالت میں کہ میں گواہ کرتا ہوں تجھ کو اور تیرے حاملان عرش کو اور تیرے ملائکہ اور تیری جمیع خلق کو اپنے اس اقرار پر کہ بے شبہ تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے سوائے کوئی لائق الوہیت کے نہیں ہے اور فرد و یکتا ہے کوئی تیرا شریک و ہمسر نہیں اور میں تجھ و سب فرشتوں وغیرہ کو اس بات پر گواہ کرتا ہوں کہ ہر آئینہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے پیغمبر ہیں ۔۱۲

اپنے دل میں کچھ وسوسہ و خدشہ پاوے یا ایسا کوئی امر نظر آوے جو اس کو پریشان کرے تو چاہئے کہ یہ کلمات پڑھے کہ یہ دعا محمد بن واسع کی ہے اور وہ یہ ہے:[۱] اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ سلطت علینا شیطانا عدوًّا لنا بصیرًا بعیوبنا مطلعا علی عوراتنا یرانا ھو وقبیلہ من حیث لا نراھم اللّٰھم فآیسہ منا کما آیستہ من رحمتک وقنطہ منا کما قنطتہ من عفوک وباعد بیننا وبینہ کما باعدت بینہ وبین جنتک برحمتک یا ارحم الراحمین۔

جو کوئی اس دعا کو وقت صبح پڑھا کرے وہ تا شام امن میں رہے گا اور بعض ادعیہ و اذکار سے تلاوت کرنا سبع منجیات کا یعنی ہفت سورۂ جو نجات دہندہ ہیں کربات و آفات سے وہ سورۃ السجدہ اور سورۂ یٰسین اور سورہ دخان اور سورۂ واقعہ و سورۂ ملک و سورۂ ہل اتی و سورۃ البروج ہیں چنانچہ بعض علماء نے کہا ہے کہ جو کوئی ان سورتوں کی تلاوت صبح و شام کرے گا تو وہ نجات پاوے گا۔ جمیع آفت سے اور تجھ کو باز رکھنے والی ہیں صعوبات سے اسی سبب سے یہ سب صورتیں نامزد بہ منجیات ہیں۔ نقل ہے کہ ایک شخص ابودرداؓ کے پاس گیا اور کہنے لگا کہ تمہارا گھر جل گیا۔ انہوں نے کہا حق تعالیٰ ایسا نہیں ہے کہ ایسا کرے تب اس شخص نے کہا البتہ آگ تمہارے گھر کے قریب آ چکی تھی مگر بجھ گئی سو یہ کیونکر ہوا یہ سن کے ابودرداؓ نے کہا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے جو کوئی ان کلمات کو وقت صبح کہا کرے تو شام تک اس کو مصیبت

---

۱ یا اللہ ہر آئینہ تو نے شیطان کو ہم پر مسلط کیا ہے اور وہ ہمارا دشمن اور ہمارے عیوب بیں ہے ہماری پوشیدہ باتوں پر مطلع ہے اور وہ اس کے ساتھی یعنی اس کے ہم جنس ہم کو دیکھتے ہیں اس طرح کہ ہم ان کو نہیں دیکھ سکتے ہیں یا اللہ اس کو ناامید کر ہم سے جیسے تو نے اپنی رحمت سے اس کو مایوس کیا ہے اور اس کو بے آس کر ہم سے جیسے کہ تو نے اس کو اپنے عفو سے بے آس کیا ہے اور درمیان ہمارے اور اس کے دوری کر جیسے تو نے درمیان اس کے اور اپنی جنت کے دوری کی ہے اے ارحم الراحمین ۱۲۔

نہ پہنچے گی اور وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؁ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا وَّاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ لَّا رَیْبَ فِیْھَا وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ غَیْرِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

؁ بنام خدائے عزوجل یا اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے کوئی لائق الوہیت نہیں ہے سوائے تیرے تجھے پر میں نے تکیہ و بھروسا رکھا ہے اور تو ہی پروردگار عرش عظیم ہے اور نہ قوت ہے نہ طاقت مگر خدائے بزرگ تر و برتر کی مدد سے جو کچھ حق تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اور ہر آئینہ حق تعالیٰ نے اپنے علم سے ہر شے کا احاطہ کیا ہے اور ہر چیز کے عدد کو شمار کر لیا ہے اور تحقیق کہ قیامت آنے والی ہے اس میں شک نہیں اور حق تعالیٰ اٹھاوے گا ان لوگوں کو جو قبروں میں ہیں یا اللہ میں تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کی شرارت سے اور غیر کی شرارت سے اور شرارت سے ہر ایک جاندار کے جو زمین پر چلتا ہے کہ تو ہی اس کی پیشانی پکڑنے والا ہے یعنی اس کی چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے بے شبہ میرا پروردگار راہ راست و استوار پر ہے یعنی طریق محکم و انصاف پر ہے اور تو ہی ہر شے پر نگہبان ہے ہر آئینہ میرا ولی و مالک ہے وہ اللہ جس نے نازل کی ہے کتاب اور وہ دوست رکھتا ہے صالحین کو پھر اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو ان سے کہہ دے کہ مجھے کافی و بس ہے وہ حق تعالیٰ جس کے سوائے کوئی لائق الوہیت نہیں ہے اسی پر میں نے تکیہ و بھروسا کیا ہے اور وہ صاحب عرش بزرگ کا ہے۔۱۲

دعائے خضر والیاس علیہما السلام

اور بعض اذکار سے دعائے خضر والیاس علیہما السلام ہے کہ ہر صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھا کرے وہ یہ ہے۔؁ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا یَسُوْقُ الْخَیْرَ اِلَّا اللّٰہُ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰہُ ؁ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ وَمَا بِکُمْ مِّنْ نِّعْمَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ ؁ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

فضیلت ماشاء اللہ

اور نقل روایت کی ہے عبداللہ بن امام احمد نے کتاب زوائد الزہد میں یحییٰ بن حمیر الطائی سے اور اس نے روایت کی ہے اس شخص سے جس نے اس سے ذکر کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے اس اپنی حاجت طلب کی سو برآرندہ حاجت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تاخیر کی تب انہوں نے یہ کلمہ کہا ماشاء اللہ تو دفعتہ برآمد حاجت ان کے سامنے آئی چنانچہ انہوں نے اپنے پروردگار سے اس امر میں سوال کیا یعنی دربارۂ اول تاخیر و بعدہ تاثیر کے تب ان کی طرف وحی ہوئی اور ارشاد ہوا کیا تو نے معلوم نہیں کیا کہ یہ جو تیرا قول تھا ماشاء اللہ اس کے سبب سے جملہ حوائج جو تو نے طلب کیا برآمد ہوئی۔

وظیفہ روز و شب

اور نقل روایت ہے ابوداؤد اور نسائی اور ابن سنی اور ابونعیم نے روایت و خائف

؁ شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے اس امر کو جو چاہتا ہے اللہ اور نہیں پہنچا تا خیر کوئی شخص سوائے اللہ کے و بنام خدا و چیز ہے خدا اور نہیں دور کرتا ہے برائی کو کوئی سوائے حق تعالیٰ کے۔۱۲

؁ و باسم اللہ ماشاء اللہ جو تجھ کو پہنچتی ہے نعمتوں سے وہ منجانب حق تعالیٰ ہے۔۱۲

؁ ان عبارات کا ترجمہ بہت جگہ لکھا جا چکا ہے۔۱۲

۱۲ منہ

اور روایت میں بعض حضرات نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی بعض صاحبزادیوں کو تعلیم کرتے تھے کہ جب کہ وقت صبح و شام ہو یعنی جب صبح اور شام ہو تو یہ کہا کر سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا۔ چنانچہ جو کوئی ان کلمات کو وقت صبح پڑھے تو محفوظ رہے گا شام تک اور جو کوئی بوقت شام پڑھا کرے گا تو وہ محفوظ رہے گا صبح تک۔ نقل روایت کی ہے نسائی اور بزار اور حاکم اور ابن ابی الدنیا اور مستغفری نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کون چیز تجھ کو مانع ہے کہ تو نے اس امر کو جس کی میں تجھ کو وصیت کروں وہ یہ ہے کہ جب تو صبح کرے اور جس وقت تو شام کرے تو یہ ذکر کیا کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ فَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ [۲] وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ [۳]۔

ذکر صبح وشام برائے شفائے ننانوے آزار

اور روایت کی مستغفری نے حضرت علیؓ سے کہ انہوں نے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب تو صبح کرے تو تین مرتبہ اور جب شام کرے تو تین مرتبہ اس ذکر کو پڑھا کر کہ ہر آئینہ یہ ذکر موجب شفا ہے ننانوے آزار سے کہ ادنیٰ اور کمتر ان میں سے ہم وغم ہے اور وہ ذکر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

[۱] تسبیح کرتا ہوں حق تعالیٰ کی اور حمد کرتا ہوں اس کی پاک ہے وہ اللہ صاحب عظمت وجلیل اور قوت وتوانائی حاصل نہیں ہوتی مگر بتوفیق الٰہی جو کچھ حق تعالیٰ چاہتا ہے وہی کرتا ہے اور جو وہ نہیں چاہتا ہے وہ نہیں ہوتا اور میں خوب جانتا ہوں کہ حق تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اور بر آئینہ حق تعالیٰ نے احاطہ کیا ہے ہر شے کا اپنے علم سے ۱۲۔ [۲] یعنی یا حی یا قیوم میں تیری رحمت کے ساتھ استغاثہ وفریاد کرتا ہوں سو میرے تمام احوال کی اصلاح کر ۱۲۔ [۳] اور ایک چشم زدن بھی مجھ کو تنہا میرے نفس کے حوالے نہ کر ۱۲۔

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اور روایت کی ہے احمد اور دارمی اور ترمذی نے اور ابن السنی نے اس کو حدیث حسن کہا ہے اور نقل کی ہے کتاب دعا میں اور ذکر کیا ہے بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی وقت صبح یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے گا۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وبعد ازاں ہر سہ آیات آخر سورہ حشر سے تلاوت کرے یعنی هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تا آخر سورہ چنانچہ ان کلمات کو مع ہر سہ آیات کے وقت صبح پڑھا کرے گا تو حق تعالیٰ ستر ہزار ملک کو مقرر کرے گا کہ وہ اس شخص پر صلوٰۃ یعنی رحمت الٰہی تا شام بھیجیں گے اور اگر وہ شخص اس دن مرے گا تو بخشش جاوے گا اور اگر ان تینوں چیزوں کو شام کے وقت پڑھے گا تو وہ بھی بمنزلہ عمل صباح کے محبوب ہوگا اور ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں ابی امامہ سے روایت کی ہے انہوں نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو تین بار تعوذ اور استعاذہ کرے ساتھ حق تعالیٰ کے شیطان رجیم سے یعنی خدا کے ساتھ شیطان سے پناہ مانگے اس طرح کہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بعد ازاں تین آیت آخر سورہ حشر کی تلاوت کرے تو حق تعالیٰ اس کے لئے ستر ہزار فرشتے بھیجے گا جو شیاطین جن وانس کو اس شخص سے دور کریں گے اور اگر یہ شخص کلمات استعاذہ اور ہر سہ آیات اخیر حشر کو وقت شب پڑھے گا تو وہ فرشتے حفاظت اس کی شیطان سے صبح تک کریں گے اور اگر صبح کو کہے گا تو شام تک محافظت کریں گے اور ابن مردویہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی علیہ السلام سے مثل روایت مذکور کے روایت کی مگر یہ کہ اس میں دس مرتبہ استعاذہ کرنا شیطان رجیم سے ذکر کیا ہے اور نیز ابن مردویہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ جو شخص آخر آیت سورہ حشر کی تلاوت کرے وبعد ازاں دعا اس روز

پاس میں وقت پڑے تو [illegible] ہوں گے تو حق تعالیٰ [illegible]
سے دور کرے گا [illegible] ابن ابی شیبہ نے ابراہیم سے نقل روایت کی ہے کہ انہوں نے
کہا جو کوئی صبح کے وقت [illegible] اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم دس
مرتبہ کہا کرے گا تو دوسری صبح تک شیطان رجیم سے محفوظ رہے گا اور ابن السنی نے
بریدہ رضی اللہ عنہ سے [illegible] انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے
کہ فرمایا جو شخص [illegible] وقت صبح [illegible] حسبی اللہ لا الہ الا ہو علیہ توکلت
وھو رب العرش العظیم [illegible] کہا کرے گا تو [illegible] کے باعث
ہم و غم کے [illegible] کفایت و حمایت کرے گا اور
ابو داؤد نے بھی اس روایت کو [illegible] موقوف نقل کیا ہے اور ابن ابی
شیبہ نے عبد الرحمن بن ابزی سے روایت کی ہے انہوں نے کہا کہ جب رسول خدا صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کرتے تھے تو یہ ذکر فرماتے تھے[1] اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ
وَالْکِبْرِیَاءُ وَالْعَظَمَۃُ وَالْخَلْقُ وَالْاَمْرُ وَاللَّیْلُ وَالنَّھَارُ وَمَا فِیْھِمَا لِلّٰہِ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ ھٰذَا النَّھَارِ صَلَاحًا وَاَوْسَطَہٗ فَلَاحًا وَاٰخِرَہٗ
نَجَاحًا اَسْئَلُکَ خَیْرَ الدُّنْیَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔
اور صحیحین یعنی صحیح بخاری و صحیح مسلم میں یہ حدیث وارد ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

---

[1] ہم نے صبح کی اور تمام عالم نے صبح کی اس حالت میں کہ ہم اور یہ سب اللہ ہی کے بندے ہیں اور تمام بزرگواری و عظمت اور تمام خلق اور کل امر اور سائر شب و روز اور جو کچھ ان دونوں میں واقع اور حادث ہوتی ہیں سب اللہ ہی کے واسطے سزاوار ہیں کہ وہ فرد و یکتا ہے کہ اس کا شریک و ہمسر نہیں یا اللہ اس روز کے اول کو میرے حق میں صلاح کر اور درمیان روز کو فلاح کر اور اس کا آخر میرے لئے رفاہ و مخلصی کر میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بہتری دنیا کے لئے یا ارحم الراحمین۔ ۱۲ منہ

وآلہ وسلم نے حضرت براء ابن عازبؓ کو حکم کیا کہ وہ بوقت اپنے خواب شب کے یہ دعا پڑھے کرے۔[1] رَبِّ اِنْ قَبَضْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْھَا وَاِنْ اَرْسَلْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا تَحْفَظُ بِہٖ عِبَادَکَ الصَّالِحِیْنَ اور بعض علماء نے کہا ہے کہ جب کوئی شخص شام کرے گا یا جس وقت کسی مکان میں داخل ہو تو یہ استعاذہ تین مرتبہ پڑھ لیا کرے[2] اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اور جب ارادہ خواب شب کا کرے تو چاہئے کہ آیۃ الکرسی اور آخر سورۂ بقر یعنی لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ اور آخر سورۂ اور تین آیتیں آخر سورۂ اعراف کی یعنی اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ تا مُحْسِنِیْنَ اور آخر سورۂ توبہ لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ تا آخر سورۂ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ تا آخر سورۂ اور سورۃ الاخلاص اور معوذتین تین تین مرتبہ یہ سب چیزیں پڑھ کر خواب کرے۔

آیات مانع مداخلت شیطان

اور روایت کی ہے۔ داری نے اور ابن المنذر نے اپنی تفسیر میں اور طبرانی نے حضرت ابن مسعودؓ سے انہوں نے کہا کہ جو کوئی شب کو کسی مکان میں دس آیتیں سورۂ بقر سے پڑھا کرے تو اس گھر میں شیطان داخل نہ ہوگا اور تفصیل دس آیات کی یہ ہے کہ چار آیتیں اول سورۂ بقرہ سے اور آیۃ الکرسی اور دو آیتیں[3] بعد آیت الکرسی اور آیات خاتمہ سورۂ بقرہ یعنی لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ تا آخر سورہ۔

ذکر صبح و مساء

اور بزار نے حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ سے نقل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرمایا رسول

---

[1] اے میرے پروردگار اگر تو میری جان کو قبض کرے تو اس پر رحم کر اور اگر اس کو چھوڑ دے تو اس کو محفوظ رکھ بواسطہ اس حفظ و امان کے جس سے تو حفاظت اپنے صالحین بندگان کی کرتا ہے ۱۲۔ [2] میں پناہ مانگتا ہوں بواسطہ ان کلمات الٰہی کے ان چیزوں سے جو خلق ہوئی ہیں ۱۲۔
[3] لا اکراہ فی الدین سے تا خالدون یہ دونوں آیتیں بعد آیۃ الکرسی کے واقع ہیں کیونکہ

خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص ہر روز صبح و شام اس کا ذکر پڑھے ... لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر

ذکر افضل

اور ... سے حدیث نقل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ مجھ کو ... تعلیم کیجئے حضرت ... نے فرمایا کہ اس ذکر کو ہر روز سو مرتبہ پڑھو۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر[1] چنانچہ[2] اس روز تو بہترین مردم ہوگا از روئے اعمال کے مگر وہ شخص کہ وہ بھی اس ذکر کو پڑھے گا (یعنی ہمسر در فضیلت تو نہ ہوگی مگر اس کے برابر ہوگا) اور صحیحین میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ ہر آئینہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ اس ذکر کو کہا کرے گا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ چنانچہ اس کے ثواب برابر آزادی دس گردن کے ہوگا یعنی دس غلام آزاد کرنے کا اجر ہوگا اور اس کے لئے سو حسنات لکھے جاویں گے اور اس سے سو سیئات درگزر کئے جائیں گے اور اس کے حق میں وہ ذکر بمنزلہ حرز و پناہ کے ہوگا شیطان سے شام تک اور کوئی شخص اس سے

دوسرے نزدیک آیۃ الکرسی العلی العظیم تک ہے ۱۲۔ [1] نہیں ہے کوئی لائق الوہیت سوائے اللہ کے جو فرد و یکتا ہے اس کا کوئی شریک و ہمسر نہیں اور اس کے لئے جمیع حمد سزاوار ہیں اور وہی پیدا کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہی ہمیشہ زندہ و پائندہ ہے جو فوت نہ ہوگا اور اس کے ہاتھ میں بھلائی ہیں اور وہی ہر شے پر قادر ہے ۱۲۔ [2] متن میں عبارت یہ ہے ... یومئذ افضل ... یعنی لفظ یومئذ سے مراد وہ روز ہے جس روز وہ شخص اس ذکر کو پڑھے گا اور اس لفظ سے مراد روز قیامت بھی یعنی قیامت میں وہ شخص از روئے عمل کے بہترین مردم ہوگا ۱۲۔

فضل میں نہ ہوگا مگر وہ شخص جس نے اس سے زیادہ تر عمل اس ذکر کا کیا ہوگا اور یہ حدیث بھی صحیحین (بخاری اور مسلم) میں انہیں ابوہریرہؓ سے وارد ہے کہ ہر آئینہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ اس ذکر کو کہے گا لا الہ الا اللہ سبحان اللہ وبحمدہ چنانچہ اس کی خطائیں اس سے فرو جائیں گی اگرچہ کثرت میں بمثل کف دریا ہوں گی۔

ذکر برائے عفو خطا

اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے تحقیق کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ سُبحان اللہ وبحمدہ کہا کرے گا تو گناہ اس کے لئے بخشے جاویں گے اگرچہ کثرت میں بقدر کف دریا کے ہوں گے اور طیبی نے بشرح لفظ یوم کے جو حدیث میں ہے یہ کہا ہے کہ یوم مطلق ہے اس سے قید کسی وقت کی اوقات سے معلوم نہیں ہوتی۔ طیبی کے سوائے اوروں نے یہ کہا ہے کہ ظاہر اطلاق مشعر ہے اس امر پر کہ اس ذکر کو سو مرتبہ ہر روز کہنے سے بہر تقدیر اجر مذکور حاصل ہوگا خواہ اس کو ایک جلسہ میں متوالی و پیہم پڑھیں خواہ متفرق جلسوں میں ادا کریں کہ منجملہ سو بار کے کچھ شروع روز میں پڑھیں اور کچھ آخر روز میں تمام کریں اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابوموسی اشعریؓ سے منقول ہے انہوں نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگوں کو ایک خزانہ بتادوں جو گنجینہ ہائے جنت سے ہے میں نے عرض کی بابا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد کیجئے فرمایا۔ یہ پڑھا کرو لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

فضیلت لاحول ولاقوۃ

اور ایک حدیث صحیح میں یوں ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لاحول ولاقوۃ الا باللہ دوا ہے واسطے ننانوے آزار کے کہ کمترین آزار ان میں سے ہم و غم ہے اور بزار نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہے سبحان اللہ وبحمدہ
تو اس کے لئے جنت میں ایک نخل نصب کیا جاتا ہے۔

فضیلت سبحان اللہ

اور بخاری و مسلم میں [illegible] ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا
[illegible]
زبان پر اور بھاری [illegible] میزان میں اور دونوں محبوب و پسندیدہ ہیں پیش
حق سبحانہ وتعالیٰ کے [illegible]۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ
اور صحیحین میں حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ برگزیدہ ترین کلام پیش حق سبحانہ وتعالیٰ یہ تسبیح اربعہ ہے
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

ذکر تسبیح اربعہ

اور ان چار کلموں میں سے جس کلمے سے شروع کرے کچھ حرج نہیں ہے اور صحیح بخاری میں شداد بن اوس سے مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بزرگ ترین استغفار یہ کلمات ہیں[1] اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ چنانچہ اس دعا کو جو شخص وقت شام پڑھے گا اور شاید کہ

[1] یا اللہ تو میرا پروردگار ہے نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق الوہیت کے سوائے تیرے کہ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور جہاں تک میں استطاعت رکھتا ہوں تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر قائم ہوں اور میں پناہ مانگتا ہوں ان کاموں سے جو میں نے کئے اور میں اقرار کرتا ہوں تیری نعمتوں کا جو مجھ پر مبذول ہیں اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا سو مجھے تو بخش دے کیونکہ کوئی نہیں بخشتا ہے گناہوں کا سوائے تیرے۔۱۲

شب کو مر جاوے تو داخل[2] جنت ہوگا یہ فرمانا شک راوی ہے یا وہ شخص اہل جنت سے ہے اور جب انہیں کلمات کو وقت صبح پڑھے اور اس دن مرے گا تو مثل اس جزا کے ہے کہ داخل جنت ہو یا یہ کہ اہل جنت ہوگا اور بیہقی نے مجموعہ دعوات میں حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ چودہ مرد یا عورت [illegible] استغفار بجا کرے گا تو حق تعالیٰ اس کے [illegible] بخشے گا تحقیق کہ دے وہاں تک اس شخص کے کہ جو ایک شب و روز میں سات سو سے بھی زیادہ گناہ کرے اور احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ ان سب نے اپنے طریق سے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص اپنے اوپر لازم کرے گا۔ اس استغفار کو حق تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے کشائش کرے گا اور ہم و غم سے نجات دے گا اور اس کو روزی عطا کرے گا جہاں سے وہ گمان نہ رکھتا ہوگا اور طبرانی نے کتاب الاوسط میں اور خرائطی و ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے انہوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص وقت صباح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ہزار بار کہے گا تو اس نے اپنی جان کو حق تعالیٰ سے خرید کرلیا چنانچہ آخر روز اس کا ایسا ہوگا کہ وہ عتیق اللہ یعنی آزاد کردہ خدا ہوگا جہنم سے اور حافظ الہیثمی نے مجمع الزوائد میں بعد میں ایراد اس حدیث کے یہ کہا ہے کہ اس حدیث کو طبرانیؒ نے اوسط میں روایت کیا ہے اور اس میں وہ شخص بھی راوی ہے جس کو میں نہیں جانتا ہوں انتہیٰ اور واضح ہو کہ یہ فوائد جلیلہ ایسے ہیں کہ جن کی محافظت کرنی اور مداومت رکھنی سزاوار ہے ہم حق تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ اس میں سے ہم کو بھی کسی قدر کی توفیق بخشے اور مشابہ اسی فائدہ کے وہ طریقہ اور وہ عمل ہے جو دست بدست

[2] اصل عربی میں اس جگہ یوں ہے فمات دخل الجنۃ او کان من اہل الجنۃ یعنی راوی کو اس میں شک ہے کہ دخل الجنۃ فرمایا یا کان من اہل الجنۃ فرمایا۔ لفظ بعینہ راوی کو یاد نہیں ہے ورنہ باعتبار مآل کے معنی دونوں کے ایک ہیں واللہ اعلم ۱۲ سید جعفر علی عفی عنہ۔

بزرگان صوفیہ کے چلا آیا [illegible] کہ لا الہ الا اللہ [illegible] ستر ہزار بار [illegible] ہے اور وہی لوگ ذکر کرتے ہیں جو لوگوں [illegible] ذکر کا عمل کرنے کی توفیق [illegible] اس ذکر کے [illegible] گردن کو بھی [illegible] گا [illegible] کے عادت حق تعالیٰ نے اس کی ذات کو خرید کیا ہے [illegible] آتش دوزخ سے اور وہ لوگ اس ذکر عمل و فعل پر محافظت کرتے ہیں [illegible] اور ان لوگوں [illegible] کے انتقال سے مر گئے ہیں واسطے اپنے [illegible] اور اس عمل کو [illegible] شیخ محی الدین ابن عربی نے ذکر کیا ہے اور وصیت [illegible] بڑی محافظت سے اور بزرگان صوفیہ نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ دربارہ اس عمل کے خبر نبوی [illegible] وارد ہوئی ہے ورنہ ان لوگوں نے یہ بھی حکایت کی ہے کہ ایک جوان صالح تھا اہل کشف سے کہ اس کی ماں مر گئی تو اس نے بشور تمام بکا کی اور اس پر ایسا غش طاری ہوا کہ وہ بیہوش ہو کر گر پڑا چنانچہ لوگوں نے سبب اس شدت کے زاری و نالے سے سوال کیا تو اس نوجوان نے بیان کیا کہ میں نے اپنی مادر کو آتش دوزخ میں دیکھا ہے اس وقت ایک مرد مشائخ صوفیہ میں سے وہاں حاضر تھا اور وہ عمل ستر ہزار بار کر چکا ہے اور ارادہ رکھتا تھا کہ اس عمل کو اپنی ذات کے لئے موہوب و مبذول کرے یعنی اس کا نفع اپنے واسطے رکھے تو جس وقت اس صوفی نے اس قول کو اس جوان سے سنا تو اپنے دل میں کہنے لگا یا اللہ تو خوب جانتا ہے کہ میں نے لا الہ الا اللہ ستر ہزار بار کہا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اس کو از برائے نفس خود ذخیرہ و اندوختہ کروں مگر میں تجھ کو شاہد کرتا ہوں اس امر کو کہ میں نے اس عمل کے بنا سے اس جوان کی ماں کو مول لیا اور چھڑا لیا آتش دوزخ سے چنانچہ ہنوز یہ کلمہ ورد اس کا تمام نہ ہوا تھا کہ جوان ہنسا اور مسرور ہوا اور بولا الحمد للہ میں اپنی والدہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ آتش دوزخ سے نکل گئی ہے اور اس کو طرف جنت کے لے جانے کا حکم ہوا ہے پھر اس شیخ عامل نے کہا کہ اس بات سے دو فائدے حاصل ہوئے ایک صدق صحت خبر نبوی اور دیگر صداقت

کشف جوان کی انتہیٰ لیکن بابت حدیث مذکورہ کے بعض مشائخ نے کہا ہے جس قدر علم مجھ کو حاصل ہے اس عمل کی بابت سنت نبوی وارد نہیں ہوئی ہے وتحقیق کہ میں حافظ ابن حجر رضی اللہ عنہ کے صورت سوال اس حدیث سے واقف ہوا ہوں اور وہ حدیث یہ ہے۔ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سَبْعِيْنَ اَلْفًا فَقَدِ اشْتَرٰى نَفْسَهٗ مِنَ اللّٰهِ تعالیٰ سوال یہ ہے کہ کیا یہ حدیث صحیح ہے یا حسن ہے یا ضعیف ہے اور اس کی صورت جواب پر بھی میں واقف ہوا ہوں کہ یہ حدیث نہ صحیح ہے نہ حسن نہ ضعیف بلکہ باطل اور وضع کی ہوئی ہے لہٰذا روایت کرنا اس کا صحیح نہیں ہے مگر یہ کہ حال اس حدیث کا بیان کرے یعنی یہ بھی ساتھ ساتھ کہہ دے کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ انتہیٰ اور اسی طرح اس باب میں میں نجم الغیطی اور عقبہ نے کہا ہے چنانچہ قول ان کا یہ ہے کہ ہر شخص کو اس عمل کا کرنا سزاوار ہے بنا بر پیروی بزرگان صوفیہ کے اور از برائے بجا آوری اس شخص کے جس شخص نے اس عمل کی وصیت کی ہے اور لازم ہے برکت حاصل کرنا ان کے افعال سے ہمارے شیخ نے جو عثمان النجدی الحنبلی ہیں کہا ہے کہ جو چیز ہم نے حاصل کی ہے اپنے شیخ سے یعنی شیخ یحییٰ المغربی سے اور انہوں نے اخذ کرنا اپنا اس چیز کو اپنے مشائخ سے ذکر کیا ہے کہ بعد ہر نماز کے یہ کلمات کہا کرے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ دو سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ دو سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ دو سو مرتبہ اور اگر بعد ہر نماز کے تجھ پر دشوار ہو تو چاہئے کہ جمیع مراتب کو جمع کر کے کسی وقت شب یا روز سے ادا کرے۔ فائدہ غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ فتوح و برکت مجھ کو حاصل نہیں ہوئی مگر ان اوراد سے وہ ہے کہ روز جمعہ ہزار بار یا اللہ کہا جائے اور روز شنبہ ہزار بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور روز یکشنبہ ہزار بار یا حی یا قیوم اور روز دوشنبہ ہزار بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور روز سہ شنبہ ہزار بار صلوٰۃ والسلام اوپر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ے ور بروز چہارشنبہ ہزار بار سبحان اللہ العظیم ور بروز پنجشنبہ ہزار بار سبحان اللہ العظیم وبحمدہ … فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص ہر روز لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین سو مرتبہ پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے کشائش اور ہر غم سے کشایش دے گا اور اس کو روزی پہنچائے گا جہاں سے اس کا گمان … علی بن ابی طالب … روایت ہے … کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص … لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین سو مرتبہ پڑھا کرے گا تو اس کے لئے امان ہوگی فقر سے اور اس کو انس و تسلی حاصل ہوگی وحشت قبر سے اور اس کے لئے کشادہ ہوں گے دروازے جنت کے۔

برائے حفظ ایمان

اور فوائد نافعہ سے برائے حفظ ایمان وہ چیز ہے جو حکایت نقل ہے ترمذی حکیم سے انہوں نے کہا کہ میں نے رب العزت کو خواب میں ہزار بار دیکھا اور ہر بار خاتمہ بالخیر سے سوال کیا تو ارشاد ہوا اس طرح ورد رکھو کہ ہر روز بعد نماز فجر اور قبل صبح[1] چالیس بار و بروایت دیگر اکتالیس بار یہ پڑھا کہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَللّٰہُ… تین بار[2] تو خاتمہ بخیر ہوگا اور بعض فوائد سے یہ بھی حکایت حکیم ترمذی کی ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رب العزت کو ہزار بار خواب میں دیکھا اور میں نے عرض کی یارب ذوالجلال ایمان سے میں خائف ہوں سو مجھے اس دعا کے پڑھنے کا حکم فرمایا درمیان سنت فجر اور اس کے فریضہ کے اور وہ دعا یہ

---

۱ ظاہر مراد قبل صبح سے قبل نماز صبح کے ہے یعنی اس دعا کو قبل نماز صبح کے پڑھے اور بعد نماز صبح کے بھی ۱۲۔

۲ یعنی جو دعا اکتالیس بار پڑھی جاوے تو بعد ہر بار کے یا اللہ تین بار کہا جاوے ۱۲۔

ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ[3] اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَۃِ الْحَسَنِ وَاَخِیْہِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَبَنِیْہِ نَجِّنِیْ مِنَ الْھَمِّ وَالْغَمِّ الَّذِیْ اَنَا فِیْہِ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ حَتّٰی اَعْرِفَکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ تُعْرَفَ بِہٖ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

تین مرتبہ بعض فوائد سے وہ حکایت ہے جو مذکور ہے بعض اولیاء سے کہ وہ خضر علیہ السلام کے ساتھ ایک جا مجتمع ہوئے اور کہا یا نبی اللہ میں سلب ایمان سے قبل موت کے خائف و ترساں ہوں انہوں نے کہا کہ میں نے بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال اسی امر کا کیا تھا جس کے سبب حق تعالیٰ اپنے بندے پر حفظ ایمان کا کرے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہر روز بعد نماز صبح کے یہ چیزیں پڑھا کریں آیۃ الکرسی و آمن الرسول تا آخر سورۂ بقر وقولہ تعالیٰ[4] شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تا اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ قُلِ[5] اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ۔

چنانچہ جو شخص ان آیات پر مواظبت و مداومت کرے گا تو حق تعالیٰ اس کو سلب ایمان سے امان میں رکھے گا انتہیٰ اور ہر آئینہ اس قصہ میں اجتماع خضر کا ساتھ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض نے خلاف کیا ہے اور صاحب بستان العارفین نے

---

۳ یا اللہ بحق حسن مجتبیٰ اور بحق ان کے برادر حسین شہید کربلا و بحق ان کے جد بزرگوار رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بحق ان کے پدر عالی مقدار علی مرتضیٰؓ کے اور بحق ان کی مادر گرامی وقار فاطمہ زہراؓ کے اور بحق ان کی اولاد اطہار یعنی ائمہ ہدیٰ کے مجھے نجات دے اس غم سے جس میں مبتلا ہوں یا حی یا قیوم اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے اے ذوالجلال والاکرام ۱۲۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے قلب کو اپنے نور معرفت سے زندہ کر یہاں تک کہ میں تجھ کو جیسا چاہئے پہچان سکوں یا اللہ یا اللہ یا ارحم الراحمین ۱۲۔ ۴ یہ آیہ سورۂ آل عمران کے رکوع اول میں ہے ۱۲۔ ۵ یہ تین آیتیں سورۂ آل عمران کے رکوع دوم میں ہیں ۱۲۔

بعد پڑھ لیا ہے اور سند اس کی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے کہ انہوں نے
کہا میں نے عرض کی یا رسول اللہ [illegible] کوئی چیز مجھے تعلیم کیجئے جس کے سبب حق تعالیٰ مجھ پر
مغفرت [illegible] یہاں تک کہ میں اپنے پروردگار سے [illegible] ایمان میرا
[illegible] سلامت [illegible] یہ چاہا کہ ہر شب بعد نماز مغرب [illegible] دوسری روایت
[illegible] بعد [illegible] مغرب [illegible] دو رکعت نماز اس طریقہ سے پڑھا کرے کہ ہر ایک
رکعت میں سورۂ فاتحہ [illegible] سورۂ قدر ایک بار اور سورۂ [illegible] چھ بار اور قل اعوذ
برب الفلق ایک [illegible] اور دونوں رکعتوں کے بعد سلام
پھیرے [illegible] حق تعالیٰ [illegible] سلامت رکھے گا یہاں تک کہ قیامت میں اس کو پورا
پاوے [illegible] ہے بیاض [illegible] نمبروں سے کہ خبر میں وارد ہوا ہے جو کوئی ہر شب بعد
مغرب کے دو رکعت نماز اس طریقہ سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ و آیۃ
الکرسی اور قل ہو اللہ احد و قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے اور بعد
سلام نماز کے دس دس مرتبہ درود سلام اوپر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھیجے اور
تین مرتبہ یہ کلمات کہے[1] اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ دِیْنِیْ فَاحْفَظْهُ عَلَیَّ فِیْ حَیَاتِیْ
وَعِنْدَ مَمَاتِیْ وَبَعْدَ وَفَاتِیْ ۔ چنانچہ وہ برکت سے اس نماز اور اس دعا کے زندگی
خاتمہ اور زبونی عاقبت سے امن و امان میں رہے گا اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے
منقول ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رب العزت کو ننانوے مرتبہ دیکھا تو میں نے
اپنے دل میں کہا کہ اگر میں اللہ تبارک و تعالیٰ اب کی مرتبہ پھر دیکھوں تو سینکڑا پورا ہو تو
تو اس سے سوال کروں کہ روز قیامت خلائق اس کے عذاب سے کس چیز کے ساتھ نجات
پاوے گی چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ آخر میں نے اس کو پورے سو کے مرتبہ میں جو دیکھا تو
میں نے سوال کیا کہ اے میرے پروردگار تو برتر ہے پناہ وہی تیری اور بزرگ ہے

[1] یا اللہ میں تیرے سپرد کرتا ہوں اپنے دین کو تو مجھ پر اس کی حفاظت کر میری زندگانی میں
اور وقت میری موت کے اور بعد میرے فوت ہونے کے ۱۲

ثنا تیری اور مقدس ہیں نام تیرے تو کس بات کے جب اپنے بندوں کو روز قیامت
اپنے عذاب سے نجات دے گا تب فرمایا حق سبحانہ وتعالیٰ نے جو کوئی صبح و شام ان
کلمات کو کہے گا تو وہ میرے عذاب سے نجات پاوے گا[1] سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ
سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَیْرِ
عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰی مَآءٍ فَجَمَدَ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ
وَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا سُبْحَانَ مَنْ قَسَمَ الْاَرْزَاقَ وَلَمْ یَنْسَ اَحَدًا سُبْحَانَ الَّذِیْ
لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ چنانچہ اس ذکر کو صاحب مجمع الاحباب نے آخر ترجمہ کتاب میں بعض کتب سے
نقل کیا ہے فائدہ علامہ جمال الدین سبط ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں
کہا ہے کہ شیخ عمر بن قتادۃ اقدس رحمۃ اللہ علیہ نے دعائے اول سال و دعائے دوم آخر
دعائے آخر سال میرے تئیں تعلیم کی اور کہا ہے کہ ہمارے سارے مشائخ ہمیشہ نسبت
اس دعا کے بایکدیگر و یکے دیگرے وصیت کرتے ہوئے اور مدام پڑھتے آئے وہ سب
اور میری اس طویل عمر میں مجھ سے بھی کبھی ناغہ نہیں ہوئی۔ چنانچہ وہ دعائے اول سال
یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ[2] اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَبَدِیُّ الْقَدِیْمُ الْاَوَّلُ وَعَلٰی فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ

[1] سزاوار ہے تسبیح اس کو جو ابدی اور سرمدی ہے اور سزاوار تسبیح ہے وہ جو تنہا یکتا ہے سزاوار تسبیح ہے وہ
جو فرد اور بے نیاز ہے اور سزاوار تسبیح ہے وہ جو فرازندۂ آسمان ہے بغیر ستون کے سزاوار تسبیح ہے وہ
خداوند جس نے بسط و گسترده کیا ہے زمین کو پانی پر کہ وہ پھر پردۂ آب پر منجمد ہوگئی ہے یعنی جم گئی
ہے سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جس نے خلق کیا خلق کو پھر ان کو شمار کیا یعنی جانتا ہے ان کے شمار کو سزاوار
تسبیح ہے وہ خداوند جس نے تقسیم کیا اور کرتا ہے رزق کو اور کسی کو محروم نہیں رکھتا سزاوار تسبیح ہے وہ
خداوند جس نے اپنے لئے زن و فرزند اختیار نہیں کیا سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جو کسی کا والد ہے نہ کسی
کا مولود ہے نہ کوئی اس کا ہمتا و ہمسر ہے۔ ۱۲ [2] یا اللہ تو ابدی و قدیم اول ہے اور تیرے فضل عظیم

وکرمک وجودک المعول وهذا عام جديد قد اقبل اسئلک العصمة فيه من الشيطان وأوليائه وجنوده والعون على هذه النفس الامارة بالسوء والاشتغال بما يقربني إليك زلفى يا ذا الجلال والاكرام وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم [illegible] اور شیخ نے کہا کہ [illegible] دعا کے پڑھنے سے [illegible] شخص نے [illegible] میں اپنے نفس [illegible] ہیں کہ جو [illegible] سال یہ ہے بسم الله الرحمن الرحیم وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم اللهم ما عملت في هذه السنة مما نهيتني عنه فلم اتب منه ولم ترضه ونسيته ولم تنسه وحلمت علي بعد قدرتك على عقوبتي ودعوتني الى التوبة بعد جرائتي على معصيتك فاني استغفرك فاغفر لي بفضلك ما عملت فيها مما ترضاه ووعدتني عليه

پر جود پر تکیہ اور بھروسا کیا جاتا ہے اور یہ نیا سال آیا ہے سو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں حفظ و پناہ کا اس شیطان رجیم اور اس کے یاران ہیم سے اور سوال کرتا ہوں مدد اور یاوری کا اوپر اس نفس سرکش کے جو حکم کرنے والا برائیوں کا ہے یعنی بدی کراتا ہے اور سوال کرتا ہوں اپنے اشتغال کا ساتھ ایسی چیز اں کے جو مجھے تیری طرف مقرب باتمام کرے یا ذوالجلال والاکرام تا آخر ۱۲؂ ۱ یا اللہ جو کچھ سال میں میں نے فعل بد کیا ہے ان کاموں میں سے جن سے تو نے مجھ کو منع کیا سو میں نے اس سے توبہ نہ کی اور ہر چند تو اس فعل سے راضی نہ تھا اور اس کو تو بھولا نہ تھا باوجودیکہ تو قدرت رکھتا ہے میری عقوبت پر حالانکہ تو نے مجھ پر بردباری کی بعد ازاں میں نے تیری نافرمانی پر جرات کی حالانکہ تو نے مجھ کو توبہ کرنے کے لئے طلب کیا ۲؎ تو میں تجھ سے طلب آمرزش کرتا ہوں سو میرے گناہوں کو تو بخش دے اور جو کچھ اس سال میں میں نے عمل کیا ہو ان کاموں میں سے جس سے تو راضی ہو اور تو نے مجھ سے وعدہ ثواب کیا ہے سو میں سوال کرتا ہوں تجھ سے یا اللہ یا کریم یا ذوالجلال والاکرام یہ کہ اس عمل کو تو مجھ سے قبول کر اور اے کریم میری امید کو تو اپنی طرف سے قطع نہ کرتا آخر ۱۲

الثواب فاسئلک اللهم ياكريم ياذا الجلال والاكرام ان تتقبله مني ولا تقطع رجائي منك ياكريم وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم اور اس دعا کو بھی تین مرتبہ پڑھیں۔ چنانچہ شیطان یہی کہے گا کہ تا مدت سال ہم لوگ اس کے ساتھ متعین ومقرر ہے مگر ہمارے افعال ایک ساعت میں فاسد و ریگاں ہوگئے۔ (فائدہ دیگر) علامہ جہوری نے کہا ہے کہ جو سید نا مرد محمد و مشہور بغوث اللہ ہیں انہوں نے اپنی کتاب الجواہر میں ذکر کیا ہے کہ جو شخص روز عاشورہ یعنی دہم محرم یہ کلمات حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ستر بار پڑھ کر اس دعا کے ساتھ جس کا ذکر آتا ہے سات مرتبہ کہہ کر دعا مانگے تو اس سال نہ مرے گا اور اگر اس کی اجل آگئی تو ان چیزوں کے پڑھنے کی توفیق ہی نہ ہوگی یعنی پڑھنے کی نوبت ہی نہ آوے گی اور وہ دعا یہ ہے ۱؎ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰى وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوِتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا اَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا خَيْرِ خَلْقِهٖ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ (فائدہ دیگر) اس کو بھی بعض عارفین نے جو اہل کشف و کرامات سے ہیں۔ ذکر کیا ہے کہ ہر سال میں تین سو ہزار

۱؎ میں پڑھتا ہوں تسبیح اللہ کی باندازہ گنجائش کے میزان حساب میں کہ جس قدر کہ منتہائے علم ہے اور اس قدر کہ انتہائے رضائے الٰہی ہے و بمقدار مراتب اور وزن حساب عرش کے کہ نہیں ہے کوئی پناہ اور گریز گاہ خدا سے مگر اس کی طرف سو میں تسبیح کرتا ہوں اسی اللہ کی بعدد جفت وطاق کے و بہ تعداد کلمات اللہ کے کہ وہ سب تام و کامل ہیں۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے سلامت سال کی تیری رحمت سے یا ارحم الراحمین اور نہیں ہے توانائی اور قوت نیکوکاری کی مگر جو توفیق اللہ بزرگ و برتر سے کہ میرے تئیں بس ہے اور بہترین مددگار اور بہت اچھا مالک کیا خوب ناصر و یاور ہے تا آخر ۱۲۔

یعنی تین لاکھ بلائیں نازل ہوتی ہیں اور تیس ہزار دیگر بلیات ہیں کہ یہ سب روز چہار شنبہ آخر ماہ صفر سے نازل ہوتی ہیں تو یہ روز سخت ترین ایام ہوتا ہے سال بھر کے ایام سے چنانچہ جو شخص اس روز چار رکعت نماز ادا کرے اور ہر ایک رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے انا اعطینک الکوثر سترہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص پانچ مرتبہ اور معوذتین یعنی سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک بار پڑھے اور بعد سلام کے اس دعا کے ساتھ دعا مانگے تو حق تعالیٰ اپنے کرم سے اس کو محفوظ رکھے گا جملہ بلیات سے جو اس روز نازل ہوتی ہیں اور کوئی بلا تمام سال اس کے گرد و نزدیک نہ آوے گی اور وہ دعا مقرر یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰھُمَّ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی وَیَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ یَا مَنْ ذَلَّتْ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعُ خَلْقِکَ اِکْفِنِیْ مِنْ شَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُتَفَضِّلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُکْرِمُ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اِرْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ بِسِرِّ الْحَسَنِ وَاَخِیْہِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَبَنِیْہِ اِکْفِنِیْ شَرَّ ھٰذَا الْیَوْمِ وَمَا یَنْزِلُ فِیْہِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ـ یا اللہ یا شدید القوی یعنی قوی القوت و عظیم المحال یا عزیز در پیش تیری عزت کے ساری خلقت ذلیل و خوار ہے تو اپنی تمام خلق سے میری کفایت اور حمایت کر یا محسن احسان کرنے والے یا مجمل صاحب خوبیوں کے یا متفضل صاحب کرم و فضل یا منعم صاحب انعام یا مکرم صاحب اکرام اے خداوند کہ نہیں ہے کوئی لائق الوہیت کے سوائے کفایت کر برحمت اپنے یا ارحم الراحمین یا اللہ بوسطہ اسرار حقائق حسنؑ اور ان کے برادر حسینؑ کے اور ان کے جد امجد محمد نبی اور ان کے والد ماجد علی علیہ السلام اور ان کی والدہ ماجدہ اور ان کی اولاد اطہار یا کافی تو میری کفایت اور حمایت کر اس روز کے شر سے ان بلیات سے جو اس روز میں نازل ہوتی ہیں رحم کر مجھ پر اے کافی پس قریب ہے کہ حق تعالیٰ تیری کفایت و حمایت کرے گا ان لوگوں سے کہ وہ بڑا شنوا اور دانا ہے۔

وعلیٰ آلہ وَصَحْبِہٖ وسلّم۔

باب ۱۹ انیسواں اس میں بیان ہے
ان چیزوں کا جو متعلق بہ استخارہ

حق سبحانہ تعالیٰ مجھ کو اور تجھ کو توفیق اعمال کی خیر بخشے۔ واضح ہو کہ در بارۂ استخارہ[1] احادیث کثیرہ وارد ہیں۔ از اں جملہ یہ حدیث ہے مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ یعنی نقصان[2] نہیں اٹھاتا ہے جو شخص استخارہ کرتا ہے اور پریشان نہیں ہوتا جو کوئی مشورہ کر لیتا ہے اور بعض احادیث سے یہ ہے۔ من سعادۃ ابن آدم الرضاء بالقضاء یعنی سعادت بنی آدم کی راضی ہونا ساتھ مرضی الٰہی کے ہے و راز برائے استخارہ کیفیت چند ہیں۔ چنانچہ بعض اس میں سے وہ ہے جو مروی ہے بعض صالحین سے کہ دو رکعت نماز قربۃً الی اللہ اس طرح پڑھیں کہ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ اور یہ آیہ شریفہ[3] وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَیَخْتَارُ تا آخر آیہ اور قل یا ایھا الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور یہ آیہ شریفہ[4] وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَۃٍ تا مُبِیْنًا اور سورۃ الاخلاص اور بعد فراغ نماز[5] کے کسی سے کلام نہ کرے اور بارادہ خواب کے

ـ استخارہ طلب خیر کرنا خدا سے کسی کام میں استشارہ طلب مشورہ کرنا دانشمندوں سے اپنے امور میں ۲ یعنی بعد استخارہ کے جو کچھ حکم یا منع ہو اس پر عمل کرنا سعادت ہے اور اعراض کرنا اس سے شقاوت ہے ۱۲۔

۳ یہ آیہ سورۂ قصص کے ساتویں رکوع میں واقع ہے ۱۲۔

۴ یہ آیت سورۂ احزاب کے پانچویں رکوع میں ہے ۱۲۔ ۵ یا اللہ اس روایت میں بوقت نماز و خواب مذکور نہیں ہے مگر عمل اشہر وقت بعد عشاء و مراد وقت خواب شب ہے ۱۲۔ ۶ یا اللہ یا حبیب ہر حبیب کے یعنی محبوب تمام محبوب کے اے انیس ہر انیس کے اے فرد ہر کل کے یا کافی یا مکفی یعنی اے کفایت دہندہ اے وہ خداوند جو تمام خلق کو کافی ہے تو منکشف کر دے میرے تئیں دل کی پوشیدہ باتوں کو

لیٹ کر یہ دعا پڑھیں[1] اَللّٰھُمَّ یَاحَبِیْبَ کُلِّ غَرِیْبٍ یَااَنِیْسَ کُلِّ اٰئِسٍ یَامُغِیْثَ
کُلِّ مُغِیْثٍ یَاکَافِیْ یَامُکْفِیْ یَامَنْ ھُوَلِجَمِیْعِ خَلْقِهٖ مُعَافِیْ اِکْشِفْ لِیْ عَمَّا
ھُوَ فِیْ نَفْسِیْ حَتّٰی نَعْلَمَهٗ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ اِنَّكَ اَنْتَ
الْعَلَّامُ الْغُیُوْبِ بِحَقِّ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ الْمُعَظَّمِ وَبِحَقِّ
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ
خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ
لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا بَیَاضًا اَوْ خُضْرَةً اَوْ مَاءً جَارِیًا وَاِنْ
کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ
وَعَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ
وَاَرْضِنِیْ بِهٖ وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا سَوَادًا اَوْ دُخَانًا اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ[2] وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور یہ استخارہ
صحیح ہے کہ بارہا اور اکثر اشخاص کا آزمایا ہوا ہے اور میں نے بدون صلوٰۃ کے صرف دعا
کے ساتھ بھی تجربہ کیا ہے تو صحیح و درست پایا الحمدللہ اور بعض کیفیات استخارہ سے یہ ہے
جو مروی ہے علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے کہ انہوں نے فرمایا جو شخص ارادہ کرے
کہ اس کے خواب میں حق تعالیٰ اس کے ارادے کو مشاہدہ کرا دے تو چاہئے کہ وہ قبل

باتوں کو اور تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے میں تیرے رازوں سے واقف نہیں ہوں اور تو
عالم غیب ہے بحق لوح و قلم و عرش و کرسی کے و بحق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اگر تو جانتا
ہے کہ یہ امر بہتر ہے میرے دین اور میری دنیا اور میری معاش اور میرے انجام کار میں اور اس
کی شتابی اور درنگ میں تو میرے لئے مہیا کردے اور مجھے خواب میں دکھلا سپیدی یا سبزی یا
آب رواں اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ امر میرے لئے بد ہے میرے دین اور دنیا اور میری معاش میں
اور انجام کار میں اور اس کی شتابی اور درنگ میں ۱۲۔ [2] تو اس کو مجھ سے ہٹا دے اور میرے لئے
بھلائی کا سرانجام کرا اور مجھ سے راضی ہو اور مجھ کو خواب میں سیاہی یا دھواں دکھلا دے اس لئے کہ

از خواب یعنی خواب شب کے چھ رکعت نماز اس طرح بجالاوے کہ اول رکعت میں سورۂ
فاتحہ ایک بار اور سورۂ والشمس وضحٰہا سات بار اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ
واللیل اذا یغشٰی سات مرتبہ اور تیسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ والضحٰی سات
مرتبہ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد الم نشرح سات بار اور پانچویں رکعت میں
سورۂ فاتحہ اور سورۂ والتین سات بار اور چھٹی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ انا انزلنٰہ فی
لیلۃ القدر سات مرتبہ پھر جب نماز سے فارغ ہو تو حمد وثنائے حق تعالیٰ اور صلوٰۃ وسلام
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بجالاوے وبعد ازاں یہ دعا پڑھے[1] اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ
رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی وَاِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ
وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ
وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیَ اللَّیْلَةَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ۔ چنانچہ
اگر وہ اپنی اسی شب اول میں خواہ شب دوم میں خواہ شب سوم میں اپنا مطلب مشاہدہ
کرے تو بہتر ہے والا مرتبہ ہفتم تک نہ پہنچے گا مگر یہ کہ اس کے پاس وہ شخص آوے گا
یعنی خواب میں جو اس سے کہے گا کہ یہ امر اس طرح سے اور اس طور سے ہوگا انشاءاللہ
تعالیٰ اور بعض کیفیات استخارہ سے یہ ہے کہ جس وقت تو ارادہ دریافت اپنے انجام کار
کا کرے تو اس کا طریقہ یوں ہے کہ بعد عشاء کے چھ رکعت نماز تین سلام سے ادا
کرے یعنی دو دو رکعتیں پڑھے اول رکعت ساتھ سورۂ اور والضحٰی کے اور دوسری رکعت
بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ والتین اور تیسری میں بعد الحمد کے سورۂ الم نشرح اور چوتھی میں

تو ہر شے پر قادر ہے تا آخر ۱۲۔

[1] یا اللہ اے پروردگار محمد و پروردگار ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ و اسحٰق و یعقوب علیہم السلام کے اے
پروردگار جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرئیل کے اور اے نازل کرنے والے توراۃ و انجیل و
زبور و فرقان عظیم کے تو مجھے دکھلا دے میرے خواب میں آج شب وہ امر جس کو تو میرے حق
میں مجھ سے اچھا جانتا ہے ۱۲۔

بعد الحمد کے انا انزلناہ فی لیلۃ القدر اور پانچویں میں بعد الحمد کے اذا زلزلت الارض اور چھٹی میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ احد پڑھے پھر جب تو اپنی نماز سے فارغ ہو تو ایک پرچہ کاغذ میں یہ کلمات لکھ

[illegible] الی ربِّ الجلیلِ العظیمِ الودودِ الکریمِ الکبیرِ العزیزِ الجبارِ المتکبرِ اشکو من عبدہ فلانٌ العبدُ الذلیلُ الفقیرُ المحتاجُ البائسُ الذلیلُ المضطرُ الذی لم یجد لحاجتہ سواک یطلبُ ویرغبُ منک قضاءَ کذا وکذا یعنی اپنی حاجت کا نام لیوے اِنَّکَ علی کُلِّ شیءٍ قدیرٌ اللّٰھُمَّ انی اسئلک یا ربِّ یا اللہُ یا حیُّ یا قیُّومُ یا غنیُّ یا کریمُ یا قویُّ یا عزیزُ یا قدیرُ یا بصیرُ عبدک الضعیفُ الفقیرُ المسکینُ یطلبُ ویرغبُ منک کذا وکذا یعنی نام مطلب کا لیوے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْ عَلَّمْتَہٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَضِیَاءَ بَصَرِیْ وَاِجْلَاءَ حُزْنِیْ وَذِھَابَ ھَمِّیْ وَاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ بَیَانًا شَافِیًا وَّاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُذَکِّرَ مَا نَسِیْتُ مِنْ تَحَنُّنِ قَلْبِ

۱ بیزاری و شکایت ہے جمیع مکروہات سے طرف پروردگار جلیل و عظیم و ودود و کریم و عزیز و جبار متکبر کے اس کے بندہ فلاں کی جانب سے چنانچہ بجائے فلاں کے نام اپنا لیوے منجانب مجھ بندۂ ذلیل فقیر محتاج و مصیبت زدہ سائل بیقرار کے کہ وہ سوا تیرے کسی کو نہیں پاتا ہے سو طلب کرتا ہے اور خواہش کرتا ہے تجھ سے فلاں فلاں اپنی حاجت کو اور چاہئے کہ اس حاجت کا نام لیوے البتہ تو ہر چیز پر قادر ہے یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یا پروردگار یا اللہ یا حی یا قیوم یا غنی یا کریم یا قوی یا عزیز یا قدیر یا بصیر تیرا بندہ ضعیف و فقیر و مسکین طلب خواہش کرتا ہے تجھ سے اپنے فلاں مطلب کو یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ تیرے ہر اسم کے جس سے تو نے اپنی ذات پاک کا نام رکھا ہے اور اس کو اپنی کتاب یعنی قرآن مجید میں نازل کیا ہے یا اس کو اپنی خلق میں سے کسی کے تئیں تعلیم کیا ہو یا اس کو اپنے نزدیک علم غیب میں پوشیدہ رکھا ہے۔ یہ کہ قرآن عظیم کو میرے قلب کی تسکین بنا اور آنکھوں کی روشنی اور غم و ہم کا دفعیہ گردان اور اس

عَلَیْکَ وَعَطْفِ مَحَبَّۃٍ ۱ وَرَحْمَۃٍ اِلَیْکَ اَوْبَیَانِ مَا اَصْعَبَ عَلَیَّ فَھْمُہٗ فَافْھَمْ وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ اور جو کچھ خواص آیۃ الکرسی اور فاتحہ کے بیان میں مذکور ہوا ہے وہ تجھ پر پوشیدہ نہیں ہے۔ فائدہ منقول ہے محمد بن درستویہ سے کہ انہوں نے کہا میں نے کتاب امام شافعی رضی اللہ عنہ میں ان کا لکھا ہوا دیکھا کہ مثل صلوۃ مذکورہ بالا کے صلوۃ حاجت ہے واسطے ہزار حاجت کے اس کو حضرت خضر علیہ السلام نے بعض بندگان خدا کو تعلیم کیا تھا کہ دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک بار قل یا ایہا الکافرون دس بار اور دوسری بار رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک بار اور قل ھو اللہ احد دس مرتبہ اور بعد سلام کے سجدہ کرے اور سجدہ میں دس مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام بھیجے اور دس مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور دس مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ ۱ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وبعد ازاں اپنی حاجت کا سوال کریں کہ وہ برآوے گی باذن اللہ تعالیٰ اور شیخ ابوالقاسم الحکیم نے کہا ہے کہ میں نے ایک شخص کو پاس فلاں عابد کے بھیجا کہ یہ نماز مجھے بتادیں۔ چنانچہ انہوں نے سکھا دیا۔ سو اس کو میں نے پڑھا اور حق تعالیٰ سے سوال حکمت کا کیا تو حق تعالیٰ نے مجھ کو حکمت عطا فرمائی اور میری ہزار حاجتیں روا کیں۔

صلوۃ الحاجۃ

اور نیز حکیم نے کہا کہ جو شخص ارادہ اس نماز کے پڑھنے کا کرے تو چاہئے کہ شب

کو میرے امر میں بیان شافی کر اور میری حاجت کو روا کر اور یہ کہ مجھ کو یاد دلا دے ان چیزوں کو کہ جو میں چاہتا ہوں میل قلب سے تجھ پر یعنی ایسے امور مجھ کو بتلا دے جن سے میرا قلب تجھ پر مائل اور تیری طرف معطوف ہو بسبب تیری محبت ۱۲ ۔ ۲ ورحمت کے یاد دلا دے مجھے بیان اس امر کا جس کا سمجھنا مجھ پر بہت دشوار ہے میں اس کو سمجھ لوں اور حق تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے ۔ ۱ اے ہمارے پروردگار دے تو ہم کو دنیا میں و آخرت میں حسنات و نیکوئی اور بچا ہم کو آتش دوزخ کے عذاب سے ۱۲۔

جمعہ غسل کرے اور لباس پاکیزہ پہنے اور ہنگام عصر اس نماز کو پڑھے وہ برآمد جس حاجت کی چاہتا سوال کیا کرے تو وہ برآمد ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ اور صلوٰۃ حاجت بھی ابو القاسم القشیری رحمۃ اللہ کی کتاب الفقہ سے منقول ہے کہ تازہ وضو کرکے چار رکعت مع تشہد و دو سلام ادا کریں۔ اس طرح کہ پہلی رکعت بعد سورہ فاتحہ کے لا الٰہ الا انت سبحانک تا آخر آیت دس مرتبہ اور رکعت دوم میں بعد سورۂ فاتحہ کے رب انی مسنی الضر تا آخر آیت دس مرتبہ اور رکعت سوم میں بعد سورہ فاتحہ کے وافوض امری الی اللہ تا آخر یہ دس مرتبہ اور رکعت چہارم میں بعد سورۂ فاتحہ کے قالوا حسبنا اللہ تا آخر یہ دس مرتبہ پڑھیں۔ پھر بعد فراغ سجدہ کریں اور سجدہ میں یہ آیت پڑھیں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ تا آخر یہ آیت اور ان دونوں آیتوں کو سجدے میں اکتالیس بار پڑھیں بعد ازاں اپنی حاجت طلب کریں وہ برآمد ہوگی باذن اللہ تعالیٰ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور امام یافعی رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ جس شخص پر کوئی امر اپنا مشتبہ ہوجائے اور اس کے انجام کو نہ جانے اور اس کے دریافت کا ارادہ کرے تو چاہئے کہ بعد نماز عشاء کے اپنے داہنے پہلو پر قبلہ رو خوابیدہ ہوکر سورۃ ہائے والیل والضحیٰ والم نشرح ہر ایک کو سات بار تلاوت کرے اور یہ دعا بھی سات مرتبہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ هٰذَا فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ چنانچہ اس شخص کے پاس اول شب یا دوم یا شب سوم ایک وہ شخص آئے گا جو اس سے کہے گا کہ رستگاری و نکاسی کام کی اس طرح پر اور اس طرح ہوگی۔ فائدہ حسن

ا یعنی محمد بن درستویہ ۱۲ ۲ یہ آیت سورہ کہف کے رکوع اول میں ہے ۱۲۔ ۳ یہ آیت تا قولی سورہ محمد کے پہلے رکوع میں ہے ۱۲۔ ۴ یہ آیت تا العباد سورۃ المومنون کے پانچویں رکوع میں ہے ۱۲۔ ۵ یہ تا قدیر سورۃ التحریم کے دوسرے رکوع میں ہے ۶ یہ دو آیتیں تا المومنون سورہ انبیاء کے چھٹے رکوع میں ہیں ۱۲۔ ۷ یا اللہ میرے لیے میرے امر سے کشائش و رستگاری کر ۱۲۔

بصری رحمۃ اللہ سے منقول ہے کہ جو شخص ارادہ کرے دیکھنا اپنے خواب میں کسی کو مردوں سے چاہیے کہ وہ شخص نماز عشاء کی فرض و سنت اور وتر پڑھ کر چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ و سورہ الہٰکم التکاثر قرأت کرے و بعد ازاں اپنی خوابگاہ میں لیٹ کر کلمات کہے اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فُلَانًا عَلٰى حَالَةٍ الَّتِیْ هُوَ عَلَیْهَا چنانچہ وہ شخص اس مردے کو اسی شب خواب میں دیکھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اور علامہ السنوسی نے اپنے مجموعہ مجربات میں کہا ہے کہ واضح ہو بعض فوائد ذخیرہ سے یہ ہے کہ جو کوئی ارادہ کرے دیکھنا اپنے خواب میں کسی اپنے حبیب یا محبوب یا کسی اپنے دوست کو کہ وہ زندہ ہو یا خواہ مردہ ہو یا اپنے کسی مطلب کو جس کی امید خدا سے رکھتا ہو تو چاہئے کہ وہ اپنے اہل سے گوشہ اختیار کرکے بلباس طاہر دو رکعت نماز ادا کرے اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ سورۂ والیل کی قرأت کرے اور جس قدر استطاعت رکھتا ہو درود و سلام نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پڑھے اور فرش طاہر اور سفید پر خواب کرے اور یہ خاتم مبارک جس کا ذکر ذیل میں آتا ہے کہ اپنے زیر بالیں رکھ دیوے اور سو رہے چنانچہ جو کوئی اس کی نیت میں رہے اس کو مشاہدہ کرے گا۔ بِحَوْلِ اللّٰهِ وَ قُوَّتِهٖ اور صفت خاتم کی یہ ہے۔

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ا	ا	ص

اور جو شخص ارادہ کرے کہ اپنے خواب میں کسی شخص غائب یعنی گمشدہ کو دیکھے

ا یا اللہ فلاں شخص مردہ کو میرے تئیں دکھلا دے جس حالت میں کہ وہ ہو یا یہ کہ جس صورت میں کہ وہ تھا یعنی اصلی صورت میں ۱۲۔

حال مگر وہ جانتا ہو کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا ہے اور چاہے کہ اس کے سوا کچھ سوال کرے
چنانچہ اس کا عمل میرے پاس صحیح و مجرب ہے کہ ہنگام خواب شب وضو کرے اور لباس
طاہر و پاکیزہ پہنے اور بے وضو ہو کر قبلہ رو دا ہے پہلو لیٹ کر سورۂ والشمس اور والیل اور
والتین اور قل ہو اللہ احد ہر ایک سات سات مرتبہ تلاوت کرے وبعدازاں یہ کلمات
کہے سبحٰنہ ربی فی منامی کذا وکذا واجعل لی منہ فرجا ومخرجا
وری لی مرمی ما استدل بہ علی اجابۃ دعوتی چنانچہ شب اول خواہ شب
دوم خواہ شب سوم میں کسی شب میں شب ہفتم تک تو اس کو معائنہ کرے گا اور اگر ان
شبوں میں کچھ نہ دیکھے تو معلوم کرے کہ تو نے عمل میں کچھ نقصان کیا ہے یعنی عمل ناقص ہوا
ہے اور صورت وفق مذکور کی یعنی خاتم مذکور کی جس کو زیر بالیں رکھ کر خواب کرے۔

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ا	ا	ص

برائے رویت اس امر کے کہ جس کی امیدیں رکھی ہوں

اور جو شخص ارادہ کرے دیکھنا اپنے خواب میں اس امر کو جس کی امید اپنے دل
میں رکھتا ہو تو چاہئے کہ وقت خواب شب کے یہ کلمات کہے: [۲] اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ
وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ وَعِیْسٰی وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ

[۱] یا اللہ تو مجھے دکھلا دے میرے خواب میں فلاں شخص کو اور میری کشائش و رستگاری کر اور
مجھے دکھلا دے میرے خواب میں وہ امر جس سے میں استدلال کروں اپنی حاجت روائی یعنی
حال اجابت دعا کا معلوم کروں ۱۲۔ [۲] یا اللہ پروردگار ابراہیم و موسیٰ کے اور پروردگار

وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ مُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ
اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَاتَرٰی لِیْ فِیْہِ الْخَیْرَ۔ چنانچہ جس امر کا تو ارادہ رکھتا ہے وہ تجھ کو
پیش آوے گا لازم ہے کہ بعد اس دعا کے اس آیت کو اضافہ کرے [۱] نَبَّانِیَ الْعَلِیْمُ
الْخَبِیْرُ بعدازاں یہ کلمات کہیں یَا عَلِیْمُ یا خَبِیْرُ اور اس کو یہاں تک کہتے ہیں کہ سو
جاویں اور جس بات کا ارادہ رکھتے ہوں وقت خواب اور دعا کے اس میں ہمت وقصد
مصروف رکھیں تو اس کو دیکھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

باب ۲۰ بیسواں متعلق بسفر صحرا و دریا جس میں امن اور اس سے مراجعت بسلامت ہو

حق تعالیٰ مجھ کو اور تم کو توفیق عمل خیر کی بخشے واضح ہو کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ
عنہ سے ہے کہ انہوں نے فرمایا جو شخص بقصد سفر اپنے گھر سے نکلے تو اس وقت سورۂ
فاتحہ تین مرتبہ تلاوت کرے وبعدازاں یہ دعا پڑھے [۲] اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ وَسَلِّمْ مَا مَعِیَ
وَاحْفَظْنِیْ وَاحْفَظْ مَا مَعِیَ وَبَلِّغْنِیْ وَبَلِّغْ مَا مَعِیَ وبعدازاں سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ
لَیْلَۃِ الْقَدْرِ تین مرتبہ تلاوت کرے پھر وہی کلمات دعا کے پڑھے وبعدازاں آیۃ
الکرسی تین مرتبہ تلاوت کرے پھر وہی دعا پڑھے۔ چنانچہ وہ شخص اپنے سفر میں کبھی کوئی
برائی نہ دیکھے گا۔

اسحاق و یعقوب و عیسیٰ کے اور پروردگار جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل کے اور اے
نازل کرنے والے توراۃ اور انجیل و زبور و قرآن عظیم کے مجھے دکھلا دے میرے خواب میں اس
امر کو جو تیرے نزدیک میرے لئے بھلا ہو ۱۲۔ [۱] مجھے خبر دی ہے دانائے راز اور ہر شے کے
خبردار نے ۱۲۔ [۲] یا اللہ مجھ کو سلامت رکھ اس چیز کو جو اور یا اس شخص کو جو میرے ہمراہ ہے ۱۲۔
[۳] اور میری حفاظت کر اور حفاظت کر اس چیز کی یا اس شخص کی جو میرے پاس ہے ۱۲۔

اعمال وقت خروج بقصد سفر

اور بعض [illegible] ہے کہ جو شخص وقت قصد سفر کے قبل لکھے گا [illegible] کہ وہ شخص [illegible] چیز نہ پہنچے گی یہاں تک کہ وہ بخیر اپنے گھر [illegible] اور جو شخص وقت نکلنے اپنے گھر سے بقصد سفر کے اس آیہ کو پڑھے گا اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ چنانچہ وہ شخص بحضور اپنے گھر [illegible] جس بھی آگئی ہوگی تو وہ بہت دیر جاوے گا اور [illegible] میں محل نظر و فکر ہے بنابر قول خبر حق تعالیٰ کے وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا وقولہ تعالیٰ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ۔

برائے سلامتی سفر

اور فقیہ اور ولی کبیر احمد بن موسیٰ بن عجیل رحمہ اللہ سے منقول ہے انہوں نے کہا کہ جو شخص ارادہ سفر کرے اور اس میں ہر گونہ آفت سے سلامتی چاہتا ہو تو چاہئے دو رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ قل یاایھا الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ قل ھواللہ احد پڑھے اور بعد سلام کے سورۂ لایلاف تلاوت کرے و بعد ازاں یہ کلمات کہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ

۱ آثار یعنی اقوال صحابہؓ ۱۲۔ ۲ جس خدا نے تجھ پر قرآن کو مقرر کیا یعنی نازل کیا وہ تجھے پھیر لانے والا ہے یعنی جنگ گاہ وغیرہ سے طرف جائے بازگشت کے ۱۲۔ ۳ ہرگز مہلت نہ دے گا حق تعالیٰ کسی جاندار کو جب اجل اس میں آجائے ۱۲۔ ۴ پھر جس وقت اجل ان کی آجاوے گی تو وہ ایک لحظہ بھی تاخیر نہ کریں گے نہ شتاب روی کریں گے ۱۲۔ ۵ یا اللہ تو میرا صاحب و ہمراہی ہے سفر میں اور میرا خلیفہ و جانشین ہے میرے اہل و مال اور اولاد میں سو تو میری ہمراہی کر میرے اس سفر میں اور میرا خلیفہ و جانشین ہے۔ میرے اہل و مال اور اولاد میں

صَحِّبْنِیْ فِیْ سَفَرِیْ هٰذَا بِالسَّلَامَةِ وَالْعَافِیَةِ وَاخْلُفْنِیْ فِیْ اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ بِخَیْرٍ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عمل برائے امان سفر و حضر

فائدہ واضح ہو کہ سورۂ یٰسین و سورۂ الصٰفٰت و سورۂ قریش امان ہے ہر ایک آفت سے حضر میں اور سفر میں یہ ایک حفیظ و حرزہ ہے۔ جس کا ذکر آتا ہے جو کوئی اس کو سفر میں سات مرتبہ کہے گا تو وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور اسی طرح وہ شخص جو اس حفیظ کو اپنی سواری یا اپنی خورجی اسباب یا اپنے صندوق یا اپنے گھر میں رکھے تو اس کے لئے امان ہوگی۔ سرقہ سے اور وہ حرزہ یہ ہے۔ اَللّٰهُ حَفِیْظٌ لَطِیْفٌ قَدِیْمٌ اَزَلِیٌّ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَا یَنَامُ۔

عمل برائے حفظ و بر خوف و خطر

اور مجربات سے یہ عمل ہے کہ از برائے حفظ ہر خوف و خطر کے حضر و سفر میں یہ کلمات کہیں ۱ جَعَلْتُ نَفْسِیْ وَ یُمْنَتِیْ وَ جَمِیْعَ مَااللّٰهِ عَلَیَّ مِنْ نِّعَمٍ فِیْ

سو تو میری ہمراہی کر میرے اس سفر میں بتمام سلامت و عافیت کے اور میری قائم مقامی کر میرے اہل و مال اور میری اولاد میں ساتھ خیر و صلاح کے اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین ۱۲۔

۱ میں نے اپنی جان اور اپنے ایمان کو اور حق تعالیٰ کی ان سب نعمتوں کو جو مجھ پر مبذول ہیں۔ حق تعالیٰ کے حصن و حفاظت میں سپرد کیا کہ حصن اس کا ایسا ہے جو کبھی جنبش نہیں کرتا ہے اور اللہ کے جوار اور ہمسائیگی میں جو عہد شکنی نہیں کرتا اور حق نعمتوں میں جس کا ادراک و شمار نہیں ہوسکتا اور اللہ کی پردہ پوشی میں جو فاش نہیں کرتا اور اللہ کی قدرت میں جو جائے پناہ اور اللہ کی امانت جو تلف نہیں کرتے میں نے سپرد کیا اور جو ہمسائیگی حق تعالیٰ کی محفوظ ہے اور جو شخص ساتھ خدا کے دست بداماں ہے وہ پناہ میں ہے اور بزرگ ہے جلال حق تعالیٰ کا اور خالی نہ ہے جائے خدا یعنی کوئی جا خدا سے خالی نہیں ہے اور ہر آنکھ جو مجھے نظر بد سے دیکھے وہ کور ہو باذن اللہ تعالیٰ اور سزاوار تسبیح ہے اللہ اور جمیع حمد سزاوار ہیں واسطے اللہ کے اور نہیں ہے کوئی

حصنت بالله الذي لا مرد وهي حو الله الذي لا يحضر وفي نعم الله التي لا
تدرك وفي ستر الله الذي لا ينهتك وفي حسب الله وحفظه المنيع الذي
وديع الله شي لا يضيع وجوار الله محفوظ ومن اعتصم بالله معصوم
وجل جلاله لا يخفر مكر من الله وذلك كل من نظرني باذن الله
وسبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله
العلي العظيم سرو نور الله ظهر امر الله وبعد حكمة الله وثبت عز الله
وذهب الاعداء بلا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم فسيكفيكهم الله
وهو السميع العليم حسبي الله من كل شيء ولا نقض لامر الله شيء الله
القاهر الله الغالب الله مذل كل جبار عنيد الله مخذل كل شيطان مريد الله
ناصر الحق حيث كان به الحول والقوة والسلطان ۲ ان كانت الا صيحة
واحدة فاذاهم محضرون اور بعض مجربات سے برائے حفظ اعدا اور دزد اور ہر گونہ مکروہات
سے یہ ہے کہ جو شخص خائف سی وکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس کو پڑھے تو وہ کوئی چیز مکروہ
ناگوار نہ دیکھے گا وہ یہ ہے کہ اس حق تعالیٰ کا الحفیظ مع ان آیات کے لکھ جاوے۔

---

۱ الٰہ الوہیت کے سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور نہیں ہے توانائی وقوت نیکوکاری کی
مگر بتوفیق الٰہی کے جو برتر و بزرگ تر ہے۔ روشن ہے نور اللہ کا غالب ہے امر اللہ کا اور جاری ہے
حکم اللہ کا اور ثابت و محکم ہے عزت اور علم اللہ کا اور دفع کئے گئے اعدا بتائید لاحول ولاقوۃ الا باللہ
العلی العظیم کے چنانچہ قریب ہے حق تعالیٰ تیرے لئے کفایت کرے گا کہ وہ بڑا مہربان شنوا دانا
ہے ۱۲۔ ۱ کافی اور بس ہے اللہ مجھ کو ہر شے سے اور نہیں ٹھہر سکتی ہے کوئی شے بلا امر خدا کے اللہ
قاہر ہے اللہ غالب ہے اللہ ذلیل کرنے والا ہے سارے ستمگاران سرکش کو اللہ خوار کرنے والا ہر
شیطان مردود کو اور وہ ناصر و مددگار حق کا ہے جہاں کہیں حق ہو اسی کی توفیق سے توانائی
و قوت پرہیزگاری کی ہوتی ہے ۱۲۔ ۲ ترجمہ آیہ بعد واحدۃ فاذاہم جمیع لدینا محضرون یعنی
نہ ہوگا وہ شور قیامت مگر ایک بانگ
مہیب سے ۱۲

فاللّٰہ خیرٌ حافظًا وّھو ارحم الرّاحمین ۱ لہ معقّبات تا امر اللہ انّا نحن
نزّلنا الذّکر وانّا لہ لحافظون اللّٰہ حفیظٌ علیھم وما انت علیھم بوکیل ان
کلّ نفسٍ لّما علیھا حافظٌ ۲ وانّ علیکم لحافظین تا ما تفعلون وھو القاھر
فوق عبادہ ویرسل علیکم حفظۃ انّ ربّی علٰی کلّ شیءٍ حفیظٌ وحفظنا
السّماء سقفًا محفوظًا تا ۳ رجیم ۴ انّا زیّنّا السّماء الدّنیا تا واصبٌ ۵ واللّٰہ من
ورائھم محیطٌ تا محفوظٌ۔ تین بار اور جو چیزیں کہ نافع ہیں واسطے رفع خوف
قطاع الطریق کے یہ ہے کہ جو شخص ان سات آیتوں کو پڑھے گا جس کا ذکر آتا ہے تو وہ
پوشیدہ رہے گا۔ رہزنوں کی نگاہوں سے اور اگر ان آیات ہفت گانہ کے ساتھ ہفت اسماء
مذکور الذیل اضافہ کئے جائیں گے تو جملہ رہزن اپنے مقام پر کھڑے رہیں گے اور
آیت یہ ہیں۔ ۶ وقفوھم انّھم مسئولون مالکم لا ما ینظرون الّا صیحۃ
واحدۃ تاخذھم وھم یخصّمون فلا صمٌّ بکمٌ عمیٌ فھم لا افحسبتم انّما
خلقنٰکم عبثًا وانّکم الینا لا یٰمعشر الجنّ والانس ان استطعتم ان تنفذوا
من اقطار السّمٰوٰت والارض فانفذوا لا وجعلنا من بین ایدیھم سدًّا ومن
خلفھم سدًّا فاغشینٰھم فھم لا یرسل علیکما شواظٌ من نّارٍ ونحاسٌ فلا اور
وہ اسماء ہفت گانہ یہ ہیں بویا شمس جمیل شمیل قرطیس بیکموش فرکش یا میمون تو ان لوگوں کو
روک لے خداوند تعالیٰ تجھ میں اور تجھ پر برکت نازل کرے اور بعض ان چیزوں میں
سے جو نافع ہیں چوروں سے مقام خوفناک میں وہ منقول ہے بعض صالحین سے کہ جو

---

۱ یہ آیہ سورۂ رعد کے دوسرے رکوع میں ہے ۱۲۔ ۲ یہ آیت سورۂ انفطار میں ہے ۱۲۔
۳ متن میں رجیم غلط ہے بلکہ یہ آیہ تا معرضون سورۂ انبیاء کے رکوع سوم میں ہے ۱۲۔
۴ یہ آیہ سورۂ صافات کے پہلے رکوع میں ہے ۱۲
۵ یہ آیہ اخیر سورۃ البروج میں ہے یعنی تکرار محفوظ کی تین بار ۱۲۔
۶ آیات ہفت گانہ سے ہر ایک آیہ میں لا واقع ہے تو ہر ایک میں سے رتا عمل میں کیا جاوے ۱۲۔

شخص خوف رکھتا ہوا اپنے سر میں یا حضر میں تو چاہئے کہ وہ شخص احتیاط و حفاظت [illegible]
[illegible] ذات کی [illegible] طرح کا [illegible] کھڑا ہوا [illegible]

عوذ باللہ [illegible] العلیم من [illegible] الرجیم صم بکم عمی فھم لا لا لا [illegible] الحسنھم انما خلقناکم عبثا وانکم الینا لا لا لا [illegible] وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا لا لا [illegible] یٰمعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا لا لا لا [illegible] قولہ الحق ولہ الملک وبالحق انزلنٰہ وبالحق نزل۔

عمل برائے خوف دزدان وغیرہ

اور جو چیز نافع ہے برائے خوف دزدان وغیرہ کے منقول ہے۔ شیخ ابوالخیر سے کہ وہ یمن میں شیخ الحدیث تھے انہوں نے کہا جب تو خوفزدہ ہو اور چاہتا ہو کہ تجھ کو کوئی نہ دیکھے یعنی دشمنوں کی نگاہوں سے پنہاں رہے تو اس نوشتہ یعنی اس تعویذ کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ تا آخر سورہ وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی تین بار اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ کَفٰی مُحَمَّدًا اَعْدَاءَہٗ وَکَفٰی اَیُّوْبَ بَلَاءَہٗ وَکَفٰی مُوْسٰی کَیْدَ فِرْعَوْنَ وَکَفٰی

---

۱ جس قدر عرصہ مابین آسمان اور زمین کے خالی ہے اس کو ہوا اور جو کہتے ہیں ۱۲۔ ۲ قول اس کا حق ہے اور اس کی بادشاہت ہے اور ہم نے قرآن کو بحق نازل کیا ہے اور وہ بحق نازل ہوا ہے ۱۲۔ ۳ اے خداوند جس نے کفایت و حمایت کی حضرت محمد ﷺ کی دشمنوں سے اور کافی ہوا ایوب کا اس کی بلاؤں کو اور کافی ہوا موسیٰ کا مکر فرعون کو اور کافی ہوا ابراہیم کا مکر نمرود کو اور کافی ہوا یعقوب کا اور اس کے حزن کو دور کر دیا اور کافی ہوا یوسف کو مصائب قید خانہ سے اور کافی ہوا

اِبْرَاھِیْمَ کَیْدَ نَمْرُوْدَ وَکَفٰی یَعْقُوْبَ وَاَذْھَبَ حُزْنَہٗ وَکَفٰی یُوْسُفَ شَرَّ اِخْوَتِہٖ وَکَفٰی عِیْسٰی شَرَّ اَعْدَاءِہٖ وَرَفَعَہٗ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْکَرِیْمِ الْعَظِیْمِ وَبِحَقِّ کَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ اَنْ تَکْفِیَ مَنْ عُلِّقَ عَلَیْہِ ھٰذَا الْکِتَابُ شَرًّا وَلَا یَادَمَ وَبَنَاتِ حَوَّآءَ وَکُلِّ مَنْ یُّرِیْدُہٗ بِہٖ سُوْءً اَللّٰھُمَّ سُدَّ عَنْہُ مَسَالِکَھُمْ وَاَطْبِعْ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَاَسْمَاعِھِمْ وَاَبْصَارِھِمْ وَاَخْفِہٖ عَنْھُمْ اِنَّکَ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ وَتُرِیْدُ یَا اَللّٰہُ حَتّٰی لَا یَسْمَعُوْنَ لَہٗ خَبَرًا وَّلَا یَرَوْنَ لَہٗ اَثَرًا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ فائدہ منقول بعض ثقات اہل علم یمن سے یہ ہے کہ جب تو مسافر ہو اور نوبت بجنگ ہو یا کسی قزاق اور ظالم کا سامنا ہو تو سورۂ اذا زلزلت پڑھ کر اپنا ہاتھ زمین پر مارا اور مشت خاک اٹھا کر بمقابلہ دشمن اڑا دے اور اپنے ہاتھ کو فوراً اپنے سر پر پھیرے بعد ازاں ان آیتوں کو پڑھ فَاضْرِبْ لَھُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَکًا وَّلَا تَخْشٰی لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَکُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰی ۱ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ

عیسیٰ کو اس کے دشمنوں سے اور اس کو آسمان پر اٹھا لیا۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بحق تیرے اسم کریم و عظیم کے اور بحق تیرے کلمات تامہ کاملہ کے ۱۲۔

۱ سوال یہ ہے کہ جس شخص پر یہ کتاب یعنی یہ تعویذ آویزاں کی گئی ہے تو اس کی کفایت و حمایت کر بدی بنی آدم اور بنات حوا اور ہر اس شخص سے جو اس کے ساتھ ارادہ بدی رکھتا ہے یا اللہ اندھا کر دے ان کی راہوں کو اور مہر کر دے ان کے دلوں کو اور ان کی شنوائیوں اور بینائیوں پر اور پنہاں رکھ اس شخص یعنی حامل تعویذ کو ان دشمنوں سے کیونکہ یا اللہ تو ہی جو کچھ چاہتا ہے اور جو ارادہ کرتا ہے وہی کرتا ہے اور یہاں تک کہ اس کو ان سے پوشیدہ رکھ کہ لوگ اس کی کچھ خبر سنیں نہ اس کا کچھ نشان دیکھیں ۱۲۔ ۲ اور کر دیا ہم نے سامنے ان کے حجاب اور پیچھے ان کے حجاب پھر ڈھانپ لیا ہم نے ان کو کہ وہ نہیں دیکھتے ہیں ۱۲۔

لاتصعدوا چنانچہ روی [illegible] حکایت وارد ہوے اپنے ایمان اور یقین سے بتا لیہ علا [illegible] کرتا ہے [illegible] وجنگ [illegible] کبھی [illegible] عمل [illegible] رحمت سے پہنچ [illegible] طرف [illegible] بات کو بعض عقل اور فضل سے [illegible] اس وقت وہاں موجود ہے اور [illegible] کہ تو اس [illegible] [illegible]

برائے منع خواب بر پشت جانور سواری

[illegible] بر پشت جانور سواری کے یعنی جس شخص کو سواری [illegible] دفع کے لیے یہ چیز ہے کہ تخم کتان یعنی [illegible] دونوں کو ایک پوٹلی میں کرے اور اپنے داہنے بازو پر باندھے پھر جس قدر اور جب چاہے سفر کرے جب تک کہ وہ بازو پر بندھا رہے گا سواری پر نہ سوئے گا اور جو شخص چاہتا ہو کہ وہ راہ چلنے میں درماندہ نہ ہو تو چاہیے کہ وہ [illegible] خاتم مبارک کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے تو وہ شخص کبھی نہ تھکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور صفت خاتم کی یہ ہے۔

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۹	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱۰	۱۵

اور انہیں چیزوں میں سے بعضی وہ چیز ہے جس کو بعض صاحبین نے ذکر کیا ہے کر واسطے زن عورت کے جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہے یہ چیزیں لکھی جاویں سورۃ فاتحہ اور یہ آیت ولقد خلقنا الانسان من سلالة الی قوله احسن الخالقین ... ان الله الذی یمسک السماء ان تقع علی الارض الا باذنه ... ان الله الذی یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکهما من احد من بعده۔ بعد ازاں اس تعویذ کو زن حاملہ پر باندھ دیویں اور بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر عقرب مردہ ایک لتہ میں لپیٹ کر زن حاملہ پر باندھ دیویں تو حمل اس کا ساقط نہ ہوگا اگرچہ عادت اس کی اسقاط کی ہو اور اگر مرجان یعنی مونگا زن حاملہ کے گلو وغیرہ میں باندھ دیویں تو جنین یعنی بچہ شکم ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا اور اگر لڑکوں کے گلے میں بھی مرجان لٹکا دیویں تو وہ بھی آفات سے مصئون رہیں۔ واللہ اعلم۔

---

۱ چارو نا چار اور تم اس کی طرف بازگشت کرنے والے ہو وقولہ تعالیٰ ولبثوا الخ یعنی اصحاب اپنے غار میں تین سو برس ٹھہرے رہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۱۲۔ ۲ ہم نے پیدا کیا انسان کو آب اور خلاصہ گل سے ۱۲۔ ۳ تتمہ آیہ شرح سورۂ مومنون جزو ہیجد ہم کے اول رکوع میں ہے اور یہ تین آیتیں ہیں تا احسن الخالقین ۱۲۔ ۴ یعنی فرزند فلانی عورت کا جو فلانی عورت کی دختر ہے سو اس کی مادر کے شکم میں ساکن کیا اس کے زمانہ خروج تک تا وقت حمل کے اور اس کو ساکن کیا بتائید اسم اللہ کے جو تھامے ہے اور روکے آسمان کو ڈھا پڑنے سے زمین پر گر گر پڑنا اس کا اس کے اوپر موقوف ہے اور میں نے اس کو ساکن کیا بتائید اسم اللہ کے جو تھامے ہے آسمان اور زمین کو جنبش ولغزش کرنے سے اور اگر یہ دونوں لرزے میں آئے تو ان دونوں کو نہ روک سکتا سوائے حق تعالیٰ کے ۱۲۔

باب پچیسواں ان چیزوں کے بیان میں جو متعلق ہیں زبح احمر وداء اکبر یعنی امراض سخت وصعب سے

اسی حفاظت کے باب میں آصف بن برخیا یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر نے کہا کہ ایک روز حضرت سلیمان ابن داؤد علیہما السلام اپنے تخت شاہی پر بیٹھے ہوئے تھے اور اس وقت اکابر وارکان دولت اور وحوش وطیور اور زواجہ یعنی بزرگان دیو اور پریاں ان کی حضوری میں حاضر تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام ان کے درمیان حکم داوری کر رہے تھے اس وقت انہوں نے اپنے حال پر خیال کر کے اصحاب سے خطاب کر کے کہا کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے ہر آئینہ تمام جن وانس اور طیر ووحش اور ریح کو میرے قابو میں کر دیا ہے بھلا کوئی ایسا خلق وگروہ ہے جس کو خداوند تبارک وتعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور وہ میرے بس میں نہ ہو

ذکر حضرت سلیمان علیہ السلام وآصف بن برخیا

یہ سن کر آصف نے کہا یا نبی اللہ ادب واندازہ نگاہ رکھیے یعنی حد سے تجاوز نہ کیجیے کیونکہ یہ سب آپ کے لیے ہے ملک الٰہی ہے اس کی بادشاہی میں برابر دانہ رائی کے بھی وفا نہیں کرتا ناگاہ اس وقت کو باتیں ہوتی تھیں ایک عظیم الخلقت ظاہر ہوا کہ درازی اس کی چہل ذراع یعنی چالیس ہاتھ یا چالیس گز کی تھی اور اس کا عرض وپہن بھی اسی قدر تھا اور اس سے سوال کیجیے وہ آپ کو جواب دے گا چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام اس کی طرف متوجہ ہوئے اور تین بار اللہ اکبر کہہ کر یہ کہا کہ اے شخص آتشی بزرگ جثہ تو کون ہے اور تیرا کیا نام ہے اور تیری تئیں یہ کیا آفت وشامت ہے اس نے جواب دیا نبی اللہ میں ربح احمر ہوں اور داء اکبر یعنی میں بہت بڑا آزار ہوں میں ایک بیماری ہوں بیماریوں سے اور مرض ہوں مرضوں میں سے کہ جب حق تعالیٰ اپنی خلق میں سے دنیا میں کسی شخص پر

ساتھ کسی علت کے علتوں میں سے یا ساتھ کسی مرض کے مرضوں میں سے عذاب کیا چاہتا ہے اس کے پاس بھیجتا ہے اور مجھے اس پر مسلط کرتا ہے اور میرے ہمراہ بہت سے اعوان و انصار ہیں کہ وہ بامر خدا میرے کام میں حاضر ہیں اور حق تعالیٰ نے مجھ کو چار سو مرض سپرد کیے ہیں اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندوں پر اپنا فضل و کرم کر کے ہر ایک مرض کے لیے جو میرے مرضوں میں سے ہے دوا خلق کی ہے اور میرے تئیں وہ سب دوائیں بتا دی ہیں تب حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بقسم اس خداوند کے جس نے تجھے پیدا کیا اور خلق کیا تیرے کتنے فرزند ہیں یعنی کتنے تیرے ہم جنس و ہم پیشہ ہیں اس نے کہا یا نبی اللہ میرے فروع تو بہت ہیں لیکن چودہ مرض میرے ساتھ خاص ہیں۔ چنانچہ میرے پاس باسور ہے (جس کی جمع بواسیر ہے) اور ناسور اور درد کمر اور شکست کمر اور ریاح اور قراقر شکم اور نفخ اور قلب معدہ یعنی اس کا ماؤف ہونا اور فساد معدہ اور وجع الجنبین یعنی درد پوشیدہ و آزار نہفتہ جو ایک جا سے دوسری جا حرکت کرتا ہے اور پیچ ناف و تعب جگر اور اول اور آخر شب چلنا ہوا کا لوگوں کے سروں پر کہ وہ بعض میرے ریاح سے ہے جو مورث ضارب یعنی قرع دماغ اور شقیقہ درد نیم سر اور دوران سر اور طیر یعنی سبکی سر کا ہے چنانچہ دوائے ضارب وصداع اور شقیقہ کی سرکہ خالص انگور کا ہے اور غاریقون ہے اور علاج طیر یعنی سبکی کا سر جس کو سر ناپانا و سیتو ران کہتے ہیں لزقہ یعنی ضماد و مرہم ہے اور داغ اور حرز ہے اور میرے معالج میں سے واسطے دفع طیر اور جنون کے واسطے اس ریح کے جو دماغ میں ساری ہے اور واسطے جنون اور طمسان یعنی سبکی و ثوران سر کے جو سر میں طاری ہوتا ہے جس کو سر دھنا کہتے ہیں اور وہ باعث ریاح اور زیادتی خون کا ہے۔

علاج فساد سرد دماغ

علاج یہ ہے کہ تخم بریم یعنی حب القرطم لے کر باریک پیس کر گرم پانی سے گوندھ کر

سر پر لگا دیا جاوے اور جاننا چاہیے کبھی ساویت جو عارض ہوتی ہے تو اس سے تخیلات پیدا ہوتے ہیں مانند رویت آتش یا رویت کسی قوم کے کہ گویا وہ لوگ ارادہ اس سے قتل کا یا ضرب کا کرتے ہیں اور کبھی وہ اپنے کپڑے پھاڑ ڈالتا ہے اور کبھی وہ اپنے پاس جو آتا ہے اس سے لپٹ جاتا ہے یا شور سے چلاتا ہے اور اسی قسم کی حرکتیں کرتا ہے تو ان سب کے لیے نافع ہے روغن مغز کدو اس طرح پر کہ وسط سر کے تالو میں وہ روغن ڈالیں اور صدغ کنپٹی اور پیشانی میں اس کو طلی کریں اور چند روز اسی کی ناس لیویں اور انہیں علتوں میں سے کابوس ہے اور دوسرے یہ ہے کہ آدمی کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس کے اوپر کوئی شے گراں وزن واقع ہے اور اس کو دبے ہے کہ وہ حرکت و جنبش نہیں کر سکتا ہے اور اس کا دم تنگی کرتا ہے اور گھبراتا ہے تو چاہیے کہ وہ شخص کزبرہ خضرا یعنی کشنیز اسبز بوزن دو درم بوقت خواب کرنے کے کھائے اور یہ مقدار واسطے محرور مزاج کے ہے اور بارد مزاج کو چاہیے کہ بوزن ایک درم قدرے مصطگی کے ساتھ کھاوے۔

علاج کابوس

اور آب فشردہ بقل یعنی باقلا سبز یا نخود سبز ایک اوقیہ با آب گرم پینا اور قے کر دینا یہ بھی اس مرض کو مفید ہے پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تجھ سے بقسم خداوند عظیم سوال کرتا ہوں کہ مجھے خبر دے ان ریح سے جو تجھ میں ہیں اس نے کہا یا نبی اللہ مجھ سے قاصفہ (باد سخت) ہے جو درختوں کو کھیڑ اور توڑ ڈالتی ہے اور عاصفہ ہے یعنی باد تند جو درختوں اور کھیتوں کو پامال کر ڈالتی ہے اور صرصر ہے یعنی باد شدید ابرو، اور عقیم ہے یعنی باد خزاں اور عاصم اور سموم ہے جو نحس ایام میں چلتی ہیں چنانچہ پہنچانے والا اس کا باہر نکلنے سے پرہیز کرتا ہے اور ان سے پرہیز کے طریقے کو بیچ کتاب سبعیات وغیرہ کے یعنی جس میں ایام ہفتہ وغیرہ کا بیان ہے لکھا ہے اور بعض اکابر نے ان ایام کو نظم کیا ہے۔

(حاشیہ اگلے صفحے پر)

اشعار

۲ توقّ من الایام سبعاً کوامل — ولا تبتغی فیہن سعد ولا سفر
ولا تلبس ثوب جدید و جمعۃ — ولا تنکح انثی ولا تعرس لشجر
ولا تحفرن بئراً ولا تبن منزلا — مقدمۃ تستصل فتحدر الحدر
ثلاث و خمس ثم ذات عشرۃ — وستۃ من بعد ذات دس عشر
وحادی والعشرین لا تنس حذرۃ — ورابع عشرون والخامس الاثر
واخر اربعا من شہر ترکہ — کما ورد نصّ لذی شاع واشتہر
تو قالہم مذمت حین ذمہ — کایام عاد لیس تبقی ولا تذر

---

۱ جن چیزوں سے پرہیز چاہئے ان کا ذکر عنقریب آتا ہے۔۱۲۔ (سابقہ صفحہ کا حاشیہ)

۲ پرہیز کر ان دنوں سے جو شمار میں ایک ہفتہ کامل ہے کہ اس بیع وشرا یعنی خرید فروخت وسفر کرنا سزاوار نہیں ہے اور کوئی نیا کپڑا اور نئی پوشاک ان روزوں میں زیب تن نہ کر اور نہ کسی عورت سے نکاح کر اور نہ کوئی درخت نصب کر اور نہ کنواں کھود اور نہ مکان بنا اور سامنے جانے سے کسی سلطان کے یعنی ملاقات حاکم سے حذر واجتناب کر اور وہ ساتوں روز یہ ہیں کہ ہر ماہ کی تاریخ تیسری و پانچویں و بعد ازاں تیرہویں و بعد ازاں سولہویں اور اکیسویں کہ اس کی احتیاط کو فراموش نہ کر اور چوبیسویں و پچیسویں ہے اور ایک روز چہارشنبہ ہر مہینے کا ہے اس کو بھی ترک کر یعنی اس میں بھی کوئی کام نہ کر اسی طرح وارد ہوئی ہے نص یعنی حدیث میں بھی یوں ہی وارد ہوا ہے کہ وہ معروف ومشہور ہے ان نحوس سے پرہیز رکھ جب تک تو زندہ ہے کہ یہ سب دن مثل ایام قوم عاد کے ہیں کہ نہیں باقی رکھتی ہیں۔۱۲۔

وبہرحال سزاوار ہے پرہیز کرنا ان ایام میں تمام مباحات یعنی خوش طبعی وملاعبات یعنی بازیچہ ومحاربات وجنگ وغیرہ سے پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ میں تجھ سے بقسم خدائے عزوجل سوال کرتا ہوں کہ تیری ریوں میں سے کچھ ورجی ہے اس نے جواب دیا کہ یا نبی اللہ مجھ سے اور بھی ریاح غلیظ وشدید ہیں جن سے حق تعالیٰ نے ہلاک کیا مدائن کو اور مجھ سے وہ ریح ہے جو آخر زمانے میں پہاڑوں کو منہدم کرے گی اور مجھ ہی سے ایک فرع ہے جس کا نام جوب ہے کہ اگر وہ کسی آدمی کے ایک بال پر گزر کرے تو اس کا آدھا دھڑ سراپا یا سارا دھڑ بیکار کر دیوے کہ وہ اس سے حرکت وجنبش نہ کر سکے پھر جس وقت حق تعالیٰ ارادہ اس کی شفا کا کرے تو صحت اس کی روغنہائے معلومہ میں ہے کہ وہ روغن بلسان ہے (بلسان ایک درخت ہے مصر میں کہ اس سے روغن نکلتا ہے) یا روغن زقوم یا روغن شونیز یعنی کلونجی اور مثل اس کے۔

برائے حفظ از شر جبار

اور چاہئے کہ پرہیز رکھے مکروہات وناشائستہ چیزوں سے اور ترش چیزوں سے اور پرہیز کرے سرد چیزوں سے اور دفع کرے جمیع شہوات یعنی جملہ خواہشوں کو اور ترک کرے بازی واختلاط ساتھ زنان ودختران کے اور ایام گرما میں طبیب حاذق فہیم بغیر تک اس کی دوا اور چارہ جوئی کرے بخلاف ایام سرما وسرد کے اور مریض کو حکم کریں کہ وہ منجملہ اسمائے الٰہی کے کسی اسم کا شغل رکھے مثل اسم لطیف کہ اس کی تلاوت کی مداومت ومواظبت کرے اس لئے کہ یہ مرض بہت بڑا مرض دنیا کا ہے جس سے حق تعالیٰ دنیا میں عذاب کرتا ہے اپنی خلق میں سے جس کو چاہتا ہے جیسا کہ اپنی کتاب عزیز میں فرمایا ہے۔ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَیَصْرِفُهٗ .. عَنْ مَّنْ یَّشَآءُ یَکَادُ سَنَا بَرْقِهٖ یَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ۔

ذکر فزع ریح احمر

اور چاہئے کہ شخص اس حرز کا کرے طریق شراب … اپنے پاس رکھنے سے اور مستوجب … کا کرے اور اس کو پڑھنے سے بشرطیکہ وہ خود اس کو خوبی جانتا ہے اور پڑھ سکتا ہے یا پڑھنے والا یعنی کوئی دوسرا شخص اس پر پڑھ کر دم کرے اور چاہئے کہ صدقہ … اور یہ نافع ہے کہ جس کا ذکر عنقریب آوے گا اور مجھی سے فزع ہے کہ … مصیبت … چنانچہ … میں اس ست پہنچتا ہوں تو اس کا رنگ … سیاہ ہو جاتا ہے اور اس کی آنکھیں چڑھ جاتی ہیں اور اس کی نالہ وزاری بڑھ جاتی ہے اور اس کو صدمہ قلق حول ہو جاتا ہے پھر شفا اس کی ان چیزوں میں ہے سیب … یعنی مربہ، کدوئے شیریں اور شربت نیوفر یعنی پینا اور پلانا نیوفر کا اور پاس رکھنا حرز وتعویذ کا اور ایک فزع مجھ سے وہ ہے جس کا نام فالج رعاش ہے کہ لقوہ ورعشہ والے کے اعضاء برخلاف عادت کے حرکت کرتے ہیں اور ہمیشہ وہ لرزاں وتعزاں رہتا ہے اور یہ ہوتا ہے طرب یعنی فرط شادمانی یا وقعہ صدمات جنگ یا افتادگی یا غرفہ یعنی غوطہ لگانے یا بہت پانی پینے سے یا فزعہ یعنی آسیب باد گردیا آسیب دیوزدگی سے اور علاج اس کا یہ ہے کہ اس کے لئے نشرہ یعنی افسون وتعویذات مناسب لکھے جاویں اور روغنہائے مناسب مالش کئے جائیں اور ساتھ بعض چیزوں کے بخور دیا جاوے اور استعمال نسخہ اور تعویذ کیا جاوے کہ یہی باعث اس کی صحت کا ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

اور حدیث میں اس طرح وارد ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ایک روز اپنے تخت شاہی پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کی خدمت میں گروہ جن وانس اور طیر اور وحش و سباع یعنی درندے یہ سب حاضر تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام درمیان ان کے حکم داد دن کر رہے تھے کہ ان کو نسبت بحال خود کچھ خطور جو ہوا تو اپنے دل میں یہ خیال کیا کہ آیا حق تعالیٰ نے کوئی ایسا گروہ بھی خلق کیا ہے کہ اس کو میرا تسخر نہ کیا ہو اس وقت

ان کے سامنے ایک شخص نادر الخلقت آیا اور اس سے شعلے آگ کے نکلتے تھے یہ دیکھ کر جناب حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ السلام اس سے ہیبت زدہ ہوئے اور ڈر گئے اور فرمایا کہ اے مرد آتشی عظیم الجثہ تو کون ہے اور تیرا کیا نام ہے اور تو کیوں آیا ہے اس نے کہا میں ریح احمر ہوں اور آزار بزرگ ہوں جو ایک علت سب علتوں سے اور مرض ہے جملہ امراض سے حق تعالیٰ نے مجھے اس صورت پر پیدا کیا ہے اور مجھے فرزندان آدم و دختران حوا علیہما السلام پر مسلط کیا ہے اور میں ان کے بدنوں میں اس طرح جاری و ساری ہوں جس طرح خون رگوں میں جاری ہوتا ہے پھر جس وقت حق تعالیٰ ارادہ کرتا ہے کہ اپنی خلق میں سے کسی کو ساتھ اس مرض کے مبتلا کرے تو مجھ کو اس پر مسلط کر دیتا ہے چنانچہ اگر میں اس کے دماغ میں داخل ہوتا ہوں تو اس کی عقل زائل کر دیتا ہوں اور اس کو جنون زدہ کر دیتا ہوں اور اگر اس کے منخرین یعنی نتھنوں میں داخل ہوتا ہوں تو اس میں مرض باسور وناسور پیدا کر دیتا ہوں اور اسی طرح نسبت ہر عضو کے سبب آزار کا ہوتا ہوں یہاں تک کہ اس کے سائر اعضاء وقویٰ بیکار کر دیتا ہوں پھر جس وقت جناب حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کا یہ کلام سنا جو لوگ ان کے گرد موجود تھے ان سب سے یہ حکم ہوا کہ اس شخص کو قید کرو خواہ اس کو آگ میں جلا دو تب اس شخص نے کہا کہ اس امر پر کوئی قادر نہیں ہو سکتا اس لئے کہ حق تعالیٰ نے میری عمر دراز کی ہے بعد ازاں وہ شخص حضرت سلیمان کے سامنے سے غائب ہو گیا جبکہ تا زمانہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غائب رہا اتفاقاً جبکہ حضرت امام حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم درد شکم سے بیمار ہوئے اور خون اگلا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام اصحاب نے یہ حال سنا اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا ہاں ہے اور اس کی دوا و علاج بھی ہے جبرائیل علیہ السلام نے کہا ہاں ہے اور ایک ساعت غائب ہو گئے اور پھر آ کر کہا حق تعالیٰ نے آپ کے لئے ایک ہدیہ وتحفہ بھیجا ہے اور وہ دعا مستجاب ہے جو

کوئی اس کو اگرچہ ساری عمر میں ایک بار بھی پڑھے تو رنج احمر سے امان پاوے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دعا کو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر پڑھا تا آنکہ حق تعالیٰ نے ان کو اسی وقت شفا بخشی اور وہ اٹھ کھڑے ہوئے گویا کہ بیمار ہی نہ تھے بعد ازاں صحابہ نے اس دعا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سیکھ لیا اور جناب نے صحابہ سے فرمایا کہ تم لوگ اس دعا کو سیکھو اور بعد میرے میری امت کو بتاؤ کہ ان کے حق میں یہ دعا بہت نفع ہوگی اور ان کو اس بلا سے نگاہ رکھے گی اور جس وقت کسی کو یہ رنج عارض ہو تو اس دعا کو کسی پاکیزہ چیز پر لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر پی لیوے یا پلا دیوے تو اسی وقت اسی ساعت صحت پاوے گا اور میں نے بعض علماء کی بعض کتاب میں دیکھا ہے کہ اس نے تجربہ بیان کیا ہے اور کیفیت تداوی کے ساتھ اس دعا کے اس طرح لکھی ہے کہ اس دعا کو ایک ظرف طاہر میں گلاب سے دھو کر نہار منہ پلا دیویں اور اسی سے درد کی جگہ روغن مالش کریں اور اسی کا تعویذ بھی لکھ کر مریض کے داہنے بازو پر باندھ دیویں یہ کلام ختم ہوا دیگر آنکہ اگر کوئی شخص اس دعا کو بطور حرز اپنے پاس رکھے تو وہ جمیع اس مقام دعلل سے امن میں رہے گا اور کسی شدت و بلا میں نہ پڑے گا مگر یہ کہ اس سے نجات پاوے گا اور حق تعالیٰ اس کو سارے دشمنوں پر فیروزمند کرے گا اور حق تعالیٰ اس کو سعید و صالح کرے گا اور یہ سب موقوف بحسن نیت و جزم اعتقاد کے ہے اور وہ دعائے مبارک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ۱ وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَعَلَى اللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ وَاَقْدَرُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ

---

۱ اللہ ہی سے ہم طلب اعانت کرتے ہیں کہ اللہ کے نام سے شروع کرتے ہیں اور اللہ ہی کے ساتھ استغاثہ ہے اور اللہ ہی کی جانب سے توفیق ہے اور اللہ ہی کی طرف رجوع و بازگشت ہے اور حمد کثیر سزاوار ہے اس اللہ ہی کیلئے اور نہیں ہے کوئی سزاوار الوہیت کے سوائے اس کے اور

اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَنُنَزِّلُ ۱ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنَا الرَّاقِيْ وَاَنْتَ الشَّافِيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا قَضَيْتُ اللّٰهُ اَكْبَرُ تین مرتبہ اَيُّهَا الْمَلَكَانِ الْعَظِيْمَانِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمَا وَخَالِقِيْ وَخَالِقِكُمَا وَمُصَوِّرِيْ وَمُصَوِّرِكُمَا خَالِقِ الصُّوَرِ وَرَازِقِ الْبَشَرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَوْرَامِ وَالْاَسْقَامِ وَالْكَسَلِ وَالْخُمُوْدِ وَالْاٰلَامِ اُعِيْذُ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا بِاَسْمَآئِهِ الْكِرَامِ وَاٰيَاتِهِ الْعِظَامِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ مَالِكِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ الْحَيِّ الدَّائِمِ الْبَاقِي الَّذِيْ لَا

اللہ بڑوں کا بڑا اور غالبوں کا غالب اور جن چیزوں میں سے خوف کرتا ہوں اور ڈرتا ہوں شان اس کی اس سے عظیم تر ہے اور اللہ بہت بڑا ہے از روئے کبریائی کے اور حمد کثیر سزاوار ہے واسطے اللہ کے اور میں تسبیح خدا کرتا ہوں صبح و شام اور میں چاہتا ہوں امداد بنام خداوند شافی و بنام خداوند کافی و بنام خداوند عافیت دینے والا کے و بنام اس خداوند تعالیٰ کے جس کے نام کے ساتھ نہ کوئی شے زمین کی ضرر کر سکتی ہے اور وہ بڑا شنوا و دانا ہے۔۱۲

۱ دبقولہ تعالیٰ اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں سے وہ چیزیں جو شفاء و رحمت ہیں واسطے مومنین کے اے ہمارے پروردگار میں تو مریض کے لئے دعا و تعویذ کرنے والا ہوں اور تو شفا دینے والا ہے میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں ان چیزوں کی بدی سے جس کو تو نے جاری کیا ہے (پھر بعد ان کلمات کے تین مرتبہ اللہ اکبر کہے اور پھر یہ دعا پڑھے) اے دونوں بڑے فرشتوں میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ پروردگار اپنے کے اور پروردگار تم دونوں کے وہ پروردگار جو فریدگار جمیع صورتوں کا اور رازق تمام آدمیوں کا ہے اور میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے جملہ آفات و واردات و بلیات و امراض و اسقام

يموتُ سُبْحانَکَ ما اعظمَ شأنَکَ [illegible] فاطرَ السَّمٰوٰتِ والأرضِ عالمَ الغيبِ
والشَّهادةِ الرَّحمٰنَ الرَّحيمَ [illegible] يا راحمَ
الضُّعفاءِ والمساکینِ [illegible] والعطاءِ [illegible] ذوالرّأفةِ
والإحسانِ والجودِ [illegible] مرزوقٍ [illegible] الذی لا
یقهرُ [illegible] الذی لا [illegible] نعوذُ من شرِّ النفسِ
ونعوذُ [illegible] وجمیعِ مرضِ [illegible] الأحمرِ [illegible] الأکبرِ فی النفسِ
والرُّوحِ [illegible] والعروقِ والعصبِ [illegible] معرَّةٍ من
إذا قضٰی أمرًا [illegible] فیکونُ فسُبحانَ الذی بیدهِ ملکوتُ کلِّ شیءٍ
وإلیهِ تُرجعونَ اللهُ اکبرُ [illegible] یا مغیثُ یا جارُ یا قهّارُ یا
باسطُ یا مقبضُ یا دائمُ [illegible] یا مصوّرُ یا ودودُ یا کافی یا شافی یا

وسامت دستی ودرد سری و زردرنگی و دیوانگی سے اور میں پناہ میں دیتا ہوں اپنی اس حامل
کتاب یعنی اس تعویذ کے باندھنے والے کو ساتھ تیرے ناموں بزرگ کے اور تیری نعمتوں
بزرگوں کے اے ذوالجلال والاکرام اے وہ خداوند کہ اسی کے لئے ہے بادشاہی کونین کی اور وہ
خداوند عالم ارواح و عالم ملائکہ کے شایاں ہے اور اے وہ خداوند کہ اسی کے لئے جلالت و
عظمت ہے اور قوی ہے شایان تسبیح ہے اور کیا ہی تیری بلند شان ہے اے آفریدگار آسمان اور
زمین کے اے جائے پناہ اندوہ گین و مظلوموں کے اے رحم کرنے والے مسکینوں کے اے
خداوند عظمت اور صاحب رزق و حسان یا حنان یا منان اے وہ قاہر جو مقہور نہیں ہوسکتا ۱۲
اے غالب جو مغلوب نہیں ہوسکتا اے پناہ دہندہ جس پر ظلم نہیں کیا جاسکتا تیرے ساتھ پناہ
مانگتا ہوں عذاب بدنی اور محنت اور اندوہ سے اور میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے ریح احمر اور داء
اکبر سے جو ساری اور طاری ہے بیچ نفس و روح کے اور خون اور گوشت میں اور استخوان اور
پوست و رگ و پے میں اور تجھی کو تسبیح سزاوار ہے کہ جب تو کسی امر کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے سوا
نہیں ہے کہ تو کہتا ہے ہو جا پھر ہو جاتا ہے پاک ہے وہ ذات کہ جس کے قبضہ میں سب کی
جان ہے اور سب اسی کی طرف لوٹ جائیں گے بعد ازاں تین مرتبہ اللہ اکبر کہہ کے وہ سب اسماء حسنیٰ

مغافی یا وافی یا باقی یا صریخَ المستصرخینَ یا غیاثَ المستغیثینَ یا من أمرهُ
بین الکافِ والنُّونِ یا شاکرُ یا شکورُ یا عطوفُ یا رؤوفُ یا ناصرُ یا منصورُ یا
ودودُ یا مقتدرُ یا اهیًا اشراهیًا یا براهیًا اذو یا یاضیوث ال شدای لوهیه یا
بوحُ یا شجیًا یا شخبُ یا عصیمُ یا مقدّمُ یا مؤخّرُ یا علیمُ یا حکیمُ یا عظیمُ یا
حیُّ یا قیّومُ یا قائمًا علی کلِّ نفسٍ بما کسبتْ یا جامعُ یا نافعُ یا ربّاه یا سیّداه
یا مولاه یا مالکاه یا غایة رغباه یا مجیرُ یا من یعلمُ ما تخفی وما نعلن یا حکم
الحکمین یا ولیَّ المؤمنین یا عونَ الضّعفاءِ والمساکین یا کافی المتوکّلین
یا مکوّرَ اللیلِ علی النّهار ومکوّرَ النّهارِ علی اللیلِ یا قاهرَ کلِّ شیطانٍ مرید یا
قامعَ کلِّ جبّارٍ عنید یا نعمَ المولٰی ویا نعمَ النصیر یا رازقَ الطفلِ الصغیر یا
راحمَ الشیخِ الکبیر یا جابرَ العظمِ الکسیر یا الٰهَ الاوّلین والاٰخرین یا ارحمَ
الرّاحمین یا حبیبَ التوّابین یا خیرَ الغافرین یا خیرَ الوارثین یا خیرَ الناصرین
یا مالکِ یومِ الدّین ÷ اَللّٰهُمَّ اِیّاکَ نَعْبُدُ وَاِیّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَعَلَیْکَ نَتَوَکَّلُ
وَفِیْکَ نَرْغَبُ وَفِیْمَا لَدَیْکَ نَرْجُوْ وَمِنْکَ نَخَافُ اَللّٰهُمَّ اشْفِ حَامِلَ کِتَابِیْ
هٰذَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَمْرَاضِ وَالْاَسْقَامِ وَالْعِلَلِ وَالْخَبَلِ وَالْخَلَلِ وَالْاٰلَامِ وَالْمَلَلِ
وَالْکَسَلِ وَالْوَجَلِ وَالْاَوْهَامِ وَالذُّلِّ وَالذُّهَلِ وَالْاَوْرَامِ وَالدَّمِ الْاَسْوَدِ وَا
لْمَرَضِ الْاَنْکَدِ وَالرِّیْحِ الْاَحْمَرِ وَالدَّاءِ الْاَکْبَرِ وَالدَّمِ الْاَصْفَرِ وَجَمِیْعِ الْاٰفَاتِ

ذکر کرے جوشن میں مذکور ہیں مالک یوم الدین تک اور بعد ازاں یہ کلمات کہے جس کا ترجمہ
یہ ہے اے پروردگار ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے طلب اعانت کرتے ہیں اور
تجھی پر ہم توکل رکھتے ہیں اور تجھ سے ہم رغبت وطمع رکھتے ہیں اور جو کچھ تیرے پاس ہے ہم
اس کی آرزو رکھتے اور تجھ ہی سے ڈرتے ہیں اے پروردگار مجھے اور اس تعویذ کے عامل کو شفا
دے ۱۲ الخ جمیع آلام و اسقام و جمیع امراض و آزار اور تباہی اور دیوانگی و خلل و رخنہ اور کاہلی
اور خوف اور وہم اور ذلت پھول جانے اور اورام اور فساد خون اور زیادتی خلط سوداوی اور مرض

وَالعاهاتِ وَالهُمُومِ والغُمُومِ وَالكُرُوبِ وَالسَّكتةِ واللَّغشة والرَّعشة والحُزنِ وَالسِّحرِ و لمكر والغدر و لفتور والوحوش و لهوام ومشاحة الغوغاء و لابهرء وَشر لشيطان والسلطان والحكام و لظلم والقحط والغلاء والوباء وَالزلزلة وهدم البناء وعض الفداء وحيبة الرجاء وشماتة الاعداء وَشر الاشرار وكيد الفجار والانبهار وما اختلف عليه الليلُ والنهارُ من طوارق الانس وَالجن الا طارقاً يطرق بخيرٍ يا رحمنُ ومن شرِ كلِ شيطانٍ رجيمٍ ومن كل دابة انت اخذ بناصيتها ان ربي على صراطٍ مستقيمٍ انت ربي وعلمك حسبي عليك توكلتُ و لك النجاة يا نعم المولى ويانعم النصيرُ وانت حسبيُ وَنعمَ الوَكِيلُ وَلاَ حولَ ولاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيمِ وَصَلَّى اللهُ عَلى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلى اٰلِه وَصَحْبِه وَسَلَّمَ۔

خبیث ریح احمر داء اکبر یعنی بڑے آزار اور ریح احمر سے جس کا ذکر اوپر مذکور ہو چکا ہے اور خون زرد یعنی خلط صفرا سے اور جمیع آفات وواردات اور عارضہ سکتہ اور ہم وغم اور حزن اور سحر سے اور اے میرے پروردگار مجھے پناہ دے شر وحشیان جنگلی اور ہوام اور حشرات الارض اور ازدحام و دشمنی عوام اور ہزیمت اور شکست یابی سے اور شر شیطان اور سلطان اور قحط اور گرانی نرخ غلہ اور غلاء اور وباء سے اور زلزلہ اور ڈھ پڑنے مکان اور طعنہ دشمنان سے اے میرے پروردگار مجھے پناہ دے شرارت مردم اشرار وکید فجار اور ازدحام اور تمام ان چیزوں کی شرارت سے جس پر رات دن گزرتے ہیں سوائے طارق یعنی اس آنے والے کے یا کوکب صبح کہے جو گزر بخیر کرتا ہے یعنی سوائے طارق بخیر کے باقی مجھے ہر شے سے پناہ دے اے بڑے رحم کرنے والے زیادہ سب پر رحم کرنے والوں سے میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں شر سے ہر جاندار زمین پر چلنے والے سے جس کی چوٹی و پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے بے شبہ پروردگار ہمارا اوپر طریقہ اور شیوہ راستی ستوار کے ہے اور تو ہی میرا پروردگار ہے تجھ ہی پر میرا بھروسہ ہے اور تو ہی مجھ کو بس ہے اور تو اچھا وکیل وکارساز ہے اور اچھا متولی ومالک اور اچھا ناصر ومددگار ہے۔ ۱۲

باب چھبیسواں [۲۶] بیان میں ان چیزوں کے جو نفع کرتی ہیں واسطے دمل و پھوڑا و مسہ اور ورم اور زخم اور گنج سر اور نکسیر اور واسطے نزف الدم یعنی خون تھوکنے کے اور واسطے داد اور سنط یعنی کوسہ کے جس کی ڈاڑھی نہیں نکلتی ہے اور واسطے چیچک کلاں دانہ اور طاعون وغیرہ کے اور واسطے نکالنے کرمک چشم وگوش اور فوائد مثل اس کے

چنانچہ جو چیز برائے دمل ومسہ نافع ہے وہ یہ ہے کہ اس آیہ کو تلاوت کرے۔ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ [۱] فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ تک اس آیہ کو سات بار تکرار کرے اور ہر بار جب فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ تک اس آیہ کو سات بار تکرار کرے چنانچہ جب جاوے اور بہہ جاوے فہو المراد اور اگر اس دمل سے خون وریم نہ نکلے یعنی

[۱] تتمہ آیہ بعد خرطوم کے یہ ہے انا بلونٰهم كما بلونا اصحب الجنة اذ اقسموا ليصر منها مصبحين ولا يستثنون فطاف عليها طائف من ربك وهم نائمون فاصبحت كالصريم یعنی قریب ہے کہ ہم اس کی بینی اور پیشانی پر داغ نشان دیں گے، اگر ہم نے ان کو بلا وامتحان میں مبتلا کیا جیسا ہم نے باغ والوں کو مبتلا کیا تھا جب انہوں نے باہم قسم اس بات کی تھی کہ صبح کھیت کاٹیں یا اس باغ کے میوے توڑیں اور استثنا نہ کیا یعنی انشاء اللہ تعالیٰ نہ کہا چنانچہ پڑے اس باغ پر آنے والے تیرے پروردگار کی جانب سے یعنی فرشتے اور وہ باغ والے ہنوز اس وقت تک سوتے تھے آخر وہ سارے میوے ٹوٹے اور گرے ہوئے پامال ہو گئے ۱۲۔

[illegible] تو [illegible] سے کہ وہ شخص مر جاوے گا [illegible] ایک یہ عزیمہ
[illegible] چلی سے اور
[illegible] رحمت [illegible] الله [illegible] وہ عظیمہ یہ
[illegible] من الله و رسوله فی کلّ علّة لا
[illegible] خلقت [illegible] صخرة صمّاء
[illegible] وشفاء الله
[illegible] ویسئلونک عن الجبال فقل ینسفها ربّی
[illegible] لا تری فیها عوجا ولا امتا [illegible] الاسم النّاسب فی
[illegible] نحی [illegible] لا یموت وصلّی الله علی
سیّدنا محمّد وعلی آله وصحبه وسلّم اور ان چیزوں میں جو نافع ہیں واسطے [illegible]
[illegible] یعنی جو گوشت کہ بباعث آماس استخوان سے جدا ہو جاتا ہے وسلعہ یعنی
بد گوشت جو ورم سے اندام نہانی میں پیدا ہوتا ہے اور واسطے ثؤبول یعنی مسے کے تو

ا دوری اور بیزاری ہے خدا اور رسول کی واسطے ہر علت کے کہ نہ وہ خون وریم دے گا اور نہ
بودے گا [illegible] الله جو ایک دانہ اگتا ہے بیچ پتھر سخت کے نہ تو جڑ اس کی مضبوط ہے اور نہ اس
کی شاخ [illegible] ہے بنام خدا میں افسون کرتا ہوں تیرے لئے یعنی صاحب مرض کے نے حق
[illegible] تجھ کو شفا دیوے اور عافیت بخشے بقولہ تعالیٰ اے نبی تجھ سے سوال کرتے ہیں جبال سے تو
کہہ دے کہ میرا پروردگار اس کو ڈھا دے گا جڑ سے اور کھود کر زمین کے برابر درست دے گا
یہاں تک کہ اس میں نیچا اور اونچا نہ دیکھے گا اے آزار گنے والے پیدا ہونے والے اس جسم
میں جو ایک روز مردہ ہو جاوے گا چاہئے کہ تو خود مردہ ہو بالقدرۃ اس زندہ پائندہ کے جو کبھی نہ
مرے گا [illegible] سلام حق تعالیٰ کا اوپر ہمارے مالک جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ان کی
آل [illegible] اصحاب پر ۱۲۔

چاہئے کہ اس پر سورہ فاتحہ [illegible] اور یہ آیتیں [illegible] وتری الجبال حامدة وهی
تمرّ مرّ السّحاب + ویسئلونک عن الجبال الآیة ومثل [illegible] کلمة الی قرار [illegible]
الم تر الی الّذین خرجوا من دیارهم الی قوله فقال لهم الله موتوا + [illegible]
وکالذی مرّ علی قریة وهی خاویة علی عروشها الی قوله مائة عام [illegible]
بها العرق او الدمّل او [illegible] الله تعالی [illegible] جو چیزیں کہ نفع کرتی ہیں
برائے گزیدگی ہوام یعنی جانوران [illegible] اور عقرب کے واسطے وہ واسطے [illegible]
ثؤبول یعنی مسے کے گر لعاب [illegible] تو بہت مفید ہو کا بشرطیکہ لعاب
دہن اس شخص کا ہو جس نے اس وقت تک کھایا پیا نہ ہو۔

برائے قوبا

اور جو چیز کہ واسطے قوبا یعنی داد کے مفید ہے وہ یہ ہے کہ ان کلمات کو اوپر قوبا کے
پڑھیں اور چاہئے کہ ایک سوزن سے گرد قوبا کے احاطہ کر لیویں یعنی نوک سوزن سے
اس کے گرد خط کھینچ دیویں مگر قبل اس کے کہ تو نے اور صاحب قوبا نے کچھ کھایا پیا نہ ہو
یعنی عامل ومعمول دونوں نہار رہوں جس وقت تو قسم کو [illegible] تو اپنے لعاب دہن سے

ا تو دیکھے گا پہاڑوں کو تو جانے گا کہ وہ اپنی جائے پر [illegible] ہیں حالانکہ وہ ابر کی طرح
[illegible] و گزراں ہوں گے ۱۲۔ ۲ تتمہ آیہ ومثل کلمة خبیثة کشجرة خبیثة اجتثّت من فوق الارض ما لها
من قرار یعنی مثال کلمہ خبیثہ کی جیسے درخت خبیثہ خوار کہ اگتا ہے اوپر زمین تو اس کے لئے
کچھ قرار و پائیداری نہیں ہوتی ہے۔ ۳ تتمہ آیہ بعد من دیارهم وهم الوف حذر الموت فقال لهم الله
موتوا یعنی کیا نہیں دیکھا تو نے ان لوگوں کو جو اپنے گھروں سے بخوف موت نکلے اور ہزاروں
تھے تو حق تعالیٰ نے ان کی نسبت فرمایا تم سب مر جاؤ ۱۲۔ ۴ تتمہ بعد عروشها قال انّی یحیی هذه
الله بعد موتها فاماته الله مائة عام یعنی یا مثل اس شخص کے یعنی عزیر علیہ السلام نے کہا کہ ایک قریہ
پر اس کا گزر ہوا اور وہ اپنی چھتوں سے خالی تھا یعنی چھتیں اس کی گری پڑی تھیں اور ویرانہ تھا تو
عزیر علیہ السلام نے کہا کہ اس زمین کو من بعد اس کی مرگ کے یعنی اس مردہ و ویرانہ کو حق تعالیٰ
کیونکر زندہ آباد کرے گا چنانچہ حق تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کو سو برس تک مردہ رکھا ۱۲۔

نوک سوزن تر کرکے اور اس سورت کو گرد قوبا اور اس کے ہر پہلو یعنی ہر گوشہ میں پھیرا
پھر کلمات قسم کو سات مرتبہ نوک سوزن سے تر کر لیا کر اور اس عمل کو تین روز پیہم کریں
کریں اور وہ کلمات قسم یہ ہیں۔ [1]شجرۃٌ حضٌ فی صخرۃٍ صمٍّ لا ضلّ لھا
ثبتٌ ولا فرعٌ بھدبٍ یونس ذوالنون ضربھا بعصاہٗ فقطعتْ فاصابھا
عصارٌ فیہ نارٌ فاحترقت۔ اس کو سات مرتبہ پڑھے۔

برائے دفع کوسہ

اور جو چیز کہ برائے قوامِ بالِ کوسہ کے ہے یعنی جس کے داڑھی میں بال نہیں
جمتے ہیں نافع ہے موضع عارضہ پر انگلی سے اپنا لعاب دہن لگا کر اور اسی جا پر رکھ کر یہ
کلمات پڑھے۔
[2]ھُوَ دَرِسٌ کُوُدُسٌ اَنْ بُوْرِکَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَھَا فَاَصَابَہٗ وَابِلٌ
فَتَرَکَہٗ صَلْدًا + فَاَصَابَھَا اِعْصَارٌ فِیْہِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ اس کو تین بار پڑھ اور تین روز
تکرار کر کہ وہ مرض باذن اللہ تعالیٰ فوت ہو جاوے گا۔

برائے دفع پیہا

اور جو چیز کہ برائے خرارز نافع ہے اور خراز قسم قوبا ہے اور اس کو سبوسہ سر یعنی پیہا
بھی کہتے ہیں تو چاہئے کہ سوت کا ایک ڈورہ لے کر پڑھ پڑھ کر اس میں تین گرہ لگا دیں
اور ہر گرہ لگانے میں یہ آیہ پڑھ کر دم کریں۔ ومثل کلمۃ خبیثۃ کشجرۃ الٰی من

[1] درخت بکثرت اگے ہوئے زیر سنگ سخت ہوتے ہیں نہ ان کی جڑوں کو قرار ہے اور نہ ان
سے شاخیں پھوٹتی ہیں یونس ذوالنون نے اپنا اس کو عصا مارا تو وہ کٹ گیا یہ سب کلمات حقوق
ہیں بعد ازاں آیہ قرآن ہے۔ پھر اس کو بگولا پہنچا اس میں آگ تھی تو اس آگ نے جلا دیا اور
احترقت کو تین مرتبہ تکرار کرے ۱۲۔ [2] برکت والے ہیں وہ لوگ جو اس کی حوالی میں ہیں یعنی
فرشتے اور وہ آگ ہے جو موسیٰ علیہ السلام نے وادیٔ ایمن میں دیکھی تھی اور اس میں سے ندا
آئی تھی کہ ان بورک من فی النار ومن حولھا ۱۲۔

قوبا اور اس ڈورے کو بطور گنڈہ جس شخص کو عارضہ ہے اس کے گلے میں ڈال دیویں کہ
بہت جلد اچھا ہوگا باذن اللہ اور یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ یہ آیہ
فَاَصَابَھَا اِعْصَارٌ "فِیْہِ نَارٌ" فَاحْتَرَقَتْ فَاحْتَرَقَتْ فَاحْتَرَقَتْ یعنی بتکرار فاحترقت تین
بار قوبا پر لکھا جاوے تو بہت جلد اچھا ہو جاوے گا اور جو چیز کہ قوبا کے لئے مجرب ہے وہ یہ
ہے کہ ریزہائے لبان شب کو بسر کہ تر کریں اور پھر قوبا کو یہاں تک کھجلا دیں کہ خون نکل
آوے تو اس پر وہی نقوع لبان پالش کریں۔ بہت جلد اچھا ہو جائے گا باذن اللہ تعالیٰ۔

نافع برائے سعط

اور جو چیز سعط یعنی کوسہ کے لئے نافع ہے وہ یہ ہے کہ جس شخص کے تئیں یہ مرض
ہو اس کو یہ حکم کیا جاوے کہ تو اپنے ہاتھ کو سر پر رکھ اور اپنے اس سے سوال کر کہ
تو اپنا ہاتھ کس چیز پر رکھے ہے تو وہ جواب دے گا کہ سعط پر رکھے ہوں تو پھر اس سے یہ
کلام کر کہ میں اس کو کاٹتا ہوں وہ کہے گا کاٹ ڈال تب تو ایک جریدۂ سبز یعنی شاخ سبز
لے کر اور اس کو اس چھری سے تراش اور تو اس کو قسم کو بطور افسون کے دوبارہ پڑھ اور وہ
قسم یہ ہے۔ [1]اَقْسَمْتُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبْتُ الْمَنْبُوْتُ الَّذِیْ تَطْلَعُ عَلٰی
جَسَدِ مَنْ یَمُوْتُ مُتْ بِقُدْرَۃِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وبعد ازاں اس چوب کو لے
اور اس کو کسی گورستان میں لے جا کر کسی قبر مہجور یعنی قبر کہنہ و دیرینہ میں چھوڑ دے اور اس
وقت یہ کلمات کہے: [2]اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبْتُ الْمَنْبُوْتُ سُبْحَانَ الْحَیِّ
الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَقْسَمْتُ عَلَیْکَ بِاللّٰہِ لَا یَمُوْتُ اَنْ تَاْخُذَ اَلَمَ حَیٍّ یَمُوْتُ اور

[1] میں تجھے قسم دیتا ہوں اے بت یعنی سبزی اگی ہوئی جو ظاہر ہوتی ہے اس بدن پر جس کے
لئے میت ہے میں قسم دیتا ہوں تجھ کو اس خداوند کی جس کو موت نہیں ہے قسم اس بات کی کہ تو
مر جا یعنی دور ہو جا ۱۲۔ [2] سلام تجھ پر اے سبزے اگے ہوئے سزاوار تسبیح ہے وہ زندہ جو نہ
مرے گا میں تجھ کو قسم دیتا ہوں اس خدا کی جس کو موت نہیں ہے اس بات کی کہ یہ زندہ جان کہ
جو آخر مر جائے گا تو اس کی تیزی درد کو لے لے ۱۲۔

ضرور ہے کہ جدید دکار رکھے تاکہ قبر میں کسی قسم کا پڑھنے والا ہو۔

نافع برائے سداب

دربو چیز کہ برائے ... نافع ہے ... ہے کہ یہ نوشادر لیویں اور روغن زیت گرم کرکے ... خوب حل کریں ... بدن میں جس جگہ کو سداب ہو طلا کریں صحت ہوگی۔ ... مستعمل۔

برائے دفع محرقہ یعنی سرخ دانہ

دربو چیز ... ہے کہ توتیا ... شب یمانی و راتخت، مرجیر یعنی زردی ... یعنی روغن کنجد میں حل کریں بعدازاں خشک کریں یہاں تک کہ بطور مرہم کے ہو جاوے گا پھر مریض کو حکم کریں کہ بدن میں صابون مل کر گرم پانی سے غسل کرے اور اس دوا کو ایک ہفتہ تک ہم بدن میں ملیں مگر سوائے غسل اول روز قبل مالش کے پھر غسل نہ کرے انشاء اللہ جلد اچھا ہو جاوے گا۔

برائے قراع

دریہی دوا اسی ترکیب سے واسطے قرع یعنی واسطے آبلہائے سر کے جو بکثرت ہوں ونیز اس کے لئے جس کے بال جھڑتے ہوں۔ مفید ہے: فائدہ: وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّىْ نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا۔ چنانچہ یہ آیت واسطے ہر قسم دمل اور گھاؤ اور زخموں کے ہے اور واسطے ہر طرح کے عارضوں کے جو بدن میں ظاہر ہوتے ہیں بہت نافع ہے چاہئے کہ کسی ظرف چاہر میں مداد فارسی سے لکھ کر کسی ظرف روغن بنفسج یعنی روغن بنفشہ سے اس کو دھو کر بدن پر مالش کریں تو وہ شخص صحت پاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ل مداد فارسی مرکب فارسی کہ دودھ درخت صنوبر یا دودھ روغن کتان وزاج زرد وصمغ عربی سے ترکیب دی جاتی ہے۔ ۱۲۔

فائدہ برائے دانہائے مجموعہ جو دانے کہ بدن پر نکل آتے اور وہ غیر معروف و غیر نامزد ہیں تو اس کے لئے ودع جو دریا سے نکلتا ہے مہرۂ سفید جس کو ہندی میں کوڑا اور سنکھ کہتے ہیں اس کو باریک پیس کر آب لیموں میں یہاں تک ڈالیں کہ حل ہو جاوے یعنی گھل جاوے بعدازاں بدن پر مالش کریں اور یہ علاج ان دانوں کے لئے ہے جو بدن میں ریزہ ریزہ نکلتے ہیں جس کو شریہ کہتے ہیں اور ہندی میں گرمی دانہ کہتے ہیں یا مہاسہ یا پھنسیاں ونیز واسطے قروح یعنی گھاؤ کے لئے بھی مجرب ہے۔

برائے تحلیل اورام

برائے مغص یعنی پیچش شکم وناف درد کے اپنے ہاتھ پر لکھ کر مریض کو دیناہے کہ وہ آٹھواں اسم ہے طہطیل یعنی اسماء موکلاں سے اور دیگر مقفقخل ہے اور بدن میں جہاں کہیں ورم ہو تو اسی اسم کو کاغذ پر لکھ کر ورم پر چسپاں کر دیویں اور اسی کو پستان زن مرضعہ پر بھی برائے زیادت شیر کے لگاویں اور دوسری چیز بھی جو ورم کے لئے مفید ہے کہ کشنیز سبز کوٹ کر اس کے پانی سے ورم پر تدہین کریں یعنی بطور روغن کے ملیں کہ ورم تحلیل ہو جاوے گا۔

برائے شقاق لبہا

اور بعض خواص میں سے واسطے ورم لب کے کہ قدرے ٹول یعنی باقلا یا نخود لے کر خوب چبا کر اس کو ورم لب پر چپکا دیں تو ورم دفع ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور بعض خواص میں سے واسطے شقاق لبوں کے یہ ہے کہ مصطگی کو روغن زیتون میں حل کر کے لبوں پر لیپ کریں شق دور ہو جاوے گا اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جس کے سر میں یا اور کہیں زخم ہو اور اس سے لہو بہتا ہو تو کشنیز خشک باریک پیس کر شکر کے ساتھ گلاب میں گوندھ لیویں اور خرقہ یعنی پارۂ پارچہ پر لگا کر اس زخم پر بطور پھاہا چپکا دیں تو خون بند ہو جاوے گا اور زخم اچھا ہو جاوے گا۔

برائے زخم ظاہر بدن

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر ظاہر بدن پر کوئی زخم تازہ ہو یعنی جلد پر کوئی زخم

لگا ہو اور خون وہ تازہ ہے تو اس پر جالا مکڑی کا لگادیں تو اس زخم کو خشک کر دے گا اور ورم نہ آنے پاوے گا اور اگر زخم سے بہت ہے تو جب مکڑی کا جالا رکھیں گے تو خون بند ہو جاوے گا اور بعض خواص سے یہ ہے کہ قرآن یعنی ریش سر کو صاف پیاز مشوی یعنی بریاں مع نمک بہت مفید ہے۔ فائدہ برائے بند ہونے سیلان خون جراحات وغیرہ کے ور [illegible] ہوئے کو چک جس کو ون کہتے ہیں لے کر آگ میں جلا ڈالے اور اس کے ہموزن [illegible] رروت کے [illegible] کالے کے کردوں کو خوب باریک پیس ڈالیں اور اس کو زخم پر چھڑکیں تو بہت جلد بند ہو جاوے گا اور فائدہ اس کا مجرب ہے اور صحیح ہے۔

برائے قطع سیلانی خون

فائدہ آگ سے جلے ہوئے کے لئے پیاز کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ کر لیویں اور نمک طعام خوب کوٹ کر اس پانی میں ملا دیویں اور اس میں سفیدی انڈے کی ڈال کر پھینٹیں یہاں تک کہ وہ مثل زیت تازہ کے ہو جاوے پھر اس کو ایک پرانے کپڑے کے ٹکڑے پر لگادیویں اور جلے ہوئے عضوہ پر رکھیں تو وہ نہ چھوٹے گا یہاں تک کہ اس کے نیچے سے پوست سوختہ اچھا ہو کر جدا ہو جاوے گا چنانچہ یہ مرہم بارہا آزمایا گیا ہے بہت نافع ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے سوختگی آتشش

فائدہ برائے درستی شکستگی عضو قدرے عدس لے کر کوٹ ڈالیں یہاں تک کہ مثل غبار کے ہو جاوے اور ہموزن اس کے جبر بلاطفی کہ نام گیاہ مغربی کا ہے خوب باریک پیس ڈالیں اور اس میں سفیدی انڈے کی ملا کر عضو شکستہ پر لیپ کریں اور کپڑے کی پٹی باندھ دیویں تو گوشت بھرلاوے گا اور استخواں شکستہ کو جوڑے گا اور یہ تدبیر حکیم جالینوس کی ہے کہ اس بات میں یہ اصلح ترین فعل ہے اور یہی علاج واسطے ان ہڈیوں کے جو جوڑ سے جدا و منتشر ہو گئی ہوں۔

برائے دفع قرع

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ مرتک یعنی مردار سنگ یا سفیدی بیضہ سوختگی آتش کو دور کرتا ہے فائدہ برائے قرع یعنی آبلہہائے سر۔ طلف معز یعنی سم بزظلف اس سم کو کہتے ہیں جو شگافتہ ہو یعنی کھر اور سم گاد اور کرم سرگیں یعنی گبروندہ اور جدور القصب الفارسی یعنی ایک گیاہ ہے شیریں خرہ طارہ گھاس ہوتی اور برگ حنا اور برگ قلقاس یہ سب مساوی الوزن لے کر خوب باریک پیسیں اور روغن ریت و ترس یعنی باقلائے مصری حل کریں اور سر کو خوب دھو کر صاف کریں اور یہ مرہم تین روز تک لگائیں تو وہ اچھا ہو جاوے گا اور یہ دوا مجرب ہے۔

برائے دفع خارش حیوانات

فائدہ جانوروں کو جو اکثر مرض خارش بافراط عارض ہوتا ہے اور وہ قاتل شتران و دیگر جانوران کی اور قاتل سگان ہوتی ہے تو چاہئے کہ قطران کو کہ وہ روغن سرد کوہی یا روغن چیڑ ہے ساتھ نمک کے ملا کر ان جانوروں کے بدن میں ملیں تو وہ اچھے ہو جاویں گے اور قمل یعنی سپش وقراد یعنی چیچڑی وغیرہ مرجاویں گے اور جتنے زخم تازہ ہوں گے بہت جلد دفع ہو جاویں گے اور آلائش اور پیشاب سے بہہ جاویں گے۔

برائے بندش خون حقنہ

فائدہ واسطے بند ہونے خون حقنہ و فصد و پچھنہ و زخم کے اور سلاخ یعنی پلیدی و چرک وغیرہ کہ زخم و قروح سے جاری ہو اور انقطاع سریان یعنی جریان و سیلان خون وغیرہ کے لئے اور یہ کہ جلد گوشت بھر لاتا ہے چاہئے کہ اقماع ورد یعنی زیرہ گل سرخ و جلبات یعنی غلاف گل سرخ و دم الاخوین و کندر و انزروت اسود یعنی انزروت سیاہ و برگ ریحان خشک کردہ صبر یہ سب مساوی الوزن لے کر خوب باریک پیس کر چھان کر چھڑک دیویں تو بہت نافع ہو گا اور جو چیز واسطے ہر مرض کے نافع ہے وہ یہ ہے جو مروی ہے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا یہ آیتیں ہیں کہ وقت طلوع

آفتاب کے جس علت و عارضے پر پڑھی جاویں تو وہ دفع ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ یہ ہیں۔ [1] وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ الی جمیع وقولہ تعالیٰ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ الی اَمْتًا وقولہ تعالیٰ وَلَوْ [2] اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وبعد ازاں عقب کل آیت کے یہ کلمات کہے [3] فَكَيْفَ نَسْ يَنْهَا عَنْهُ۔

برائے دفع ہر مرض

اور جو چیز نافع ہے واسطے عارضے تپ کبیرہ کے ور آزمودہ ہے کہ ان آیتوں کو لکھ کر مرعوف کے سر پر رکھے یعنی باندھ دیوے اور پھر ہاتھ اس کے سر پر رکھ کر ان آیتوں کو پڑھے اور وہ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ الی غَفُوْرًا [4] وَقِيْلَ يٰاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ اور بعد تلاوت ان کے یہ کلمات پڑھے۔ [5] كُفَّ اَيُّهَا الرُّعَافُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ۔

برائے دفع ریاح

اور جو چیز کہ نافع ہے واسطے نزف الدم یعنی جریان و سیلان خون کے چنانچہ جو کچھ ابو العباس المری نے لکھا ہے اس سے منقول کہ واسطے منزوف کے یعنی جس کو مرض نزف الدم ہے اس کے ئے یہ آیہ لکھی جاوے۔ [6] وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ

---

[1] ترجمہ یہ اگرچہ یہ امر مسلم ہے کہ بسبب اسی قرآن کے پہاڑ چلیں اور زمیں پھاڑی جاوے اور مردے بولیں مگر یہ امر ساری خدائی کیلئے ہے ۱۲ [2] اگر ہم نازل کرتے قرآن کو پہاڑ پر تو اس کو تو بہت خوفزدہ اور خوف سے ذرہ پڑنے والا دیکھتا ۱۲ [3] یعنی کیونکر ہے تو اے مرض ۱۲ [4] اور کہا گیا یعنی حکم ہوا کہ اے زمین تو اپنا پانی گھونٹ لے اے آسمان تو برسنے سے ٹھہر جا اور حال یہ ہوا کہ پانی تھم گیا اور زمین میں سما گیا ۱۲ [5] ٹھہر جا اے رعاف بحق خداوند قہار عزیز جبار کے ۱۲ [6] سوائے اس کے نہیں ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ایک رسول ہیں ان کے پیشتر بہت سے رسول گزر گئے مرجاتے یا مارے جاتے تو کیا تم الٹے پاؤں پھر جاتے یعنی اپنے دین سے پھر جاتے۔ ایسے ہی بدل جاے مرض نزل الدم بواسطہ بزار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے ۱۲

قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ كذلك تنقلب بدم بالف لا حول ولا قوۃ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اور یہ کلمات ونقوش لکھے جاویں۔ هج هج لج هج لج هج لج هج هج لحطاس ان کلمات کو ایک پرچہ کاغذ میں لکھ کر بطور تعویذ درمیان دونوں آنکھ منزوف کے بالائے جبیں باندھ دیوے اور اگر عورت کے قبل یعنی اندام پیشین سے خون جاری ہے یہ چیزیں تین پرچوں پر لکھی جاویں اور ان میں سے ایک اس کے دامن پیشین دوسرا دامن پسین اور تیسرا اس کے زیر ناف باندھ دیویں تو وہ صحت پاوے گی باذن اللہ تعالیٰ۔

برائے نزف الدم

اور جو چیز نافع ہے واسطے بند ہونے خون کے وہ یہ ہے کہ چالیس میم چار پارچہ کاغذ پر لکھی جاویں ہر پرچہ میں دس دس میم چنانچہ ایک پرچہ کی گولی بنا کر نگل جاویں اور ایک پرچہ بطور تعویذ سر پر باندھیں اور ایک پرچہ گلے میں لٹکاویں اور ایک پرچہ فتیلہ بنا کر اس کا بخور ناف کو دیں اور جو چیز کہ نافع ہے واسطے اس مرض کے کھٹے انار کا چھلکا تین درم مازو تین درم زاج یعنی کسیس نیم درم و شب ابیض یعنی پھٹکری ربع درم ان سب کو باریک پیس کر ایک لتے میں پوٹلی بنا کر عورت تین روز حمول کرے تو خون بند ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالیٰ اور ان چیزوں سے جو برائے قطع دم یعنی واسطے بند ہونے خون کے نافع ہے پہننا عقیق سرخ کا ہے جس کو یہ عارضہ ہو اگر وہ پہنے رہے تو جریان خون موقوف ہو جاوے گا اور بعر المعز یعنی مینگنی بکری کی خشک باریک پیس کر کندر کے ساتھ ملا کر ایک لتے میں لپیٹ کر عورتیں حمول کریں تو سیلان بند ہو جاوے گا۔

برائے بواسیر

فائدہ برائے بواسیر کہ اس کے لئے مجرب ہے وہ یہ ہے کہ اگر منی حمار یعنی خر کی بواسیر پر تین بار طلا کریں تو اس مرض کو دفع کرے اور پوست کی طرح یعنی چھلکا سا اور

بوی یا جھی سی گر پڑے گی اور منی ثور احمر یعنی سرخ بیل کی بھی اگر بواسیر پر لگائی جاوے تو اس کا بھی دفع نفع ہے جو اوپر مذکور ہوا اور عاقوس یعنی دوائے قابض کھانے اور ضماد کرنے اور بخور یعنی دھونی دینے سے مفید ہے اور کھانا اطریفل صغیر کا وقت شب خواب کے بھی نافع ہے اور بزر کرث یعنی تخم گندنا پانچ درم ساتھ نیم درم زراوند کے شہد میں معجون کرکے یعنی ملا کے تین روز کھائیں تو یہ بھی واسیر کے لئے بہت نافع ہے۔

برائے سوختگی آتش

فائدہ برائے حرارت یعنی سوزش یا سوختگی کے نافع ہے کہ خنفس یعنی گبرولا جتنے منظور ہوں ان کی گردن کاٹ ڈالیں بعد ازاں اس کو جلا کر اس کی خاک لے لیویں اور سوزش پر چھڑک دیویں تو حرارت موقوف ہو جاوے گی آزمودہ اور صحیح ہے۔

فائدہ برائے کرم ریش جو پشت پر جانوران سواری اور بار برداری کے ہوتا ہے۔ چاہئے کہ ایک مشت خاک لے کر اس پر یہ کلمات پڑھ کر پشت ریش پر چھڑک دیویں تو اس میں سے سب کیڑے نکل جاویں گے اور وہ کلمات اور اسماء یہ ہیں بوس تین بار دوس[1] تین بار اور ابوس دوبار اندروس دوبار بِالْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ بِالرَّبِّ الْمَلِكِ الْعَظِيْمِ اُخْرُجْ[2] اَيُّهَا الدُّوْدُ مِنْ هٰذَا الْجُرْحِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ سات مرتبہ پڑھے۔

برائے دفع کرمہائے ریش وزخم

فائدہ دوسرا برائے اخراج کرمہائے چشمان وگوشہا ومنخرین کے ایک مشت خاک لے کر اس پر یہ عزیمہ جو مذکور ہوتا ہے قریب طلوع وغروب آفتاب کے ایک پڑھ کر آفتاب کے رخ پر اڑا دیں اور یہ عمل سات روز تک کریں اور صفت عزیمہ کی یہ

---

[1] بوس وغیرہ اسمائے اصحاب کہف یعنی اے کیڑو یہ برکت ان ناموں کے اور بواسطہ کہف و اصحاب کے اور واسطہ اس لوح کے جس پر نام اصحاب کہف لکھے تھے اور بواسطہ پروردگار بادشاہ عظیم شان کے ۱۲ [2] تم نکل جاؤ غار زخم سے بحق ان اسماء کے ۱۲۔ [1] حوس وغیرہ اسماء کہف برکت طور و نور یا سورۂ طور و سورۂ نور ببرکت رقیم یعنی لوح جس پر اسماء اصحاب

ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ[1] حُوْسٌ دوبار سُوْسٌ دوبار دُوْسٌ دوبار دَرْبَانُوْسٌ دوبار دَقْيَانُوْسٌ دوبار بِالطُّوْرِ بِالنُّوْرِ الْعَمِيْمِ بِاَصْحَابِ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ بِالرَّبِّ الْجَلِيْلِ... بِالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ بِالْكِتَابِ الْمَسْطُوْرِ وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ بِمَنْ تَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ اُخْرُجْ وَانْتَثِرْ اَيُّهَا الدُّوْدُ مِنْ عَيْنٍ اَوْ اُذُنٍ اَوْ مِنْخَرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ وَلَا تَعُوْدُ كَمَا انْتَثَرَ هٰذَا التُّرَابُ مِنْ يَدَيَّ بِحَقِّ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ لفظ موتوا کو تین بار کہے۔ وَاذْهَبْ وَانْتَثِرْ اَيُّهَا الدُّوْدُ بِقُدْرَةِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اور اگر کرم آنکھوں میں یا ناک کے بانسے میں ہو تو بجائے مِنْ اُذُنٍ کے مِنْ عَيْنٍ یا مِنْخَرِ فلاں ابن فلاں کہنا چاہئے اور برائے قتل واخراج کرمہائے شکم کے استعمال کرنا کسی چیز کا ان ادویہ میں سے جس کا ذکر کیا جاتا ہے بہت نافع ہے فودنج یعنی پودینہ بری آب پودینہ بری یا نعناع یعنی پودینہ بستانی یا آب نعناع یا شیح یعنی درمنہ یا آب سداب یا حب النیل یا انیسون حبشی قسم انیسون یا آب انیسون یا ترمس تلخ یعنی باقلایا کردیا تخم زیرۂ رومی یا پوست نارنج جو سفیدی سے صاف ہو یا تخم گندنا ان میں جو چاہیں اس کو شہد کے ساتھ استعمال کریں یعنی بدرقہ ہر ایک کا ادویہ مذکورہ سے شہد ہے دیگر جو چیز واسطے دفع کرمہائے شکم کے نافع ہے وہ یہ ہے آب نخود دو درم پی کر اوپر سے پانی پی لیویں مجرب ہے دیگر آنکہ ایکروز بعد گرسنگی شدید کے جرز یعنی گاجر خوب سیر ہو کر یعنی پیٹ بھر کر کھالیوے اور بعد اس کے اس روز پھر کچھ نہ کھاوے یہاں تک کہ وہ سارے کرم مع غلاف کے نکل جاویں گے۔

کہف مرقوم تھے یا سورۂ کہف والرحیم وبواسطہ پروردگار عظیم الشان کے وبحر مسجور کے جو سورۂ طور میں ہے یعنی آسمان بلند و دریا لبالب و جوش زن اے دودیعنی اے کیڑو پراگندہ ہو جاؤ آنکھ سے فلاں پسر فلاں عورت کے جیسا کہ پاشیدہ ہوئی یہ خاک میرے ہاتھ سے سو اسی طرح تم بھی از ہم پاشیدہ ہو جاؤ بہ مدد لاکھ بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ کے اور حق تعالیٰ درود وسلام نازل

تنبیہ

تمام ہوئیں وہ چیزیں جو رحم سے [illegible] و [illegible] سب [illegible]
جرح اور اذیت کی گوش وغیرہ سے [illegible]

حرز برائے چیچک

[illegible] برائے [illegible] چیچک سے [illegible] گئے ہیں اور [illegible] ایک یہ مربع یعنی
حرز کا ہے جو کوئی [illegible] چیچک [illegible] کے گلے میں [illegible] ہو تو گھٹ جاویں اور
بہت جلد دفع ہو جاویں اس کو [illegible] نے [illegible] تو اس کو بہت درست پایا۔

۱۱	۱۴	۱	۸
۵	۴	۱۵	۰
۱۶	۹	۶	۳
۲	۷	۱۲	۱۳

اور بعض انہیں منافع میں سے واسطے چیچک کے یہ اسماء ہیں کہ لوگوں نے اس کا بھی امتحان کیا ہے بشرطیکہ یہ اس صورت سے جو ذیل میں مذکور ہے لکھ کر جس کے تئیں کبھی چیچک نہ نکلی ہو اس کے بازو پر باندھ دیویں تو جب تک یہ تعویذ کا اس پر بندھا رہے گا اس کو چیچک کبھی نہ نکلے گی۔

[illegible] اوپر ہمارے سردار و مالک کے جو محمدؐ ہیں اور ان کی آل اور اصحاب پر کیا تو نے نہیں دیکھا ان لوگوں کو جو اپنے گھروں سے نکلے خوف مرگ سے اور وہ ہزاروں تھے یعنی قوم [illegible] علیہ السلام چنانچہ حق تعالیٰ نے ان کے حق میں حکم کیا کہ تم سب مر جاؤ اے دود تم بھی مر جاؤ [illegible] پوشیدہ و پراگندہ ہو جاؤ بقدرت خداوند دائم الحیات کے جس کے تئیں مرگ نہیں ہے۔۱۲

ایضاً برائے چیچک

اور جس کے تئیں چیچک نکل چکی ہے تو باندھنا اس تعویذ کا اس کو نفع بھی کرے گا کہ پھر دوبارہ اس سے چیچک نہ نکلے گی اور اگر نکلے گی تو کمی کے ساتھ نکلے گی اور جس مکان کے دروازے پر اس کو لٹکا دیں یعنی لکھ کر چسپاں کر دیں تو سارے باشندگان اس مکان کے چیچک سے امن میں رہیں گے اور یہ صفت اس کی ہے۔

والفرعه	سلی	سلی
باوس	السر	السر
	اس	الفرس

علاج چیچک

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ عصارۂ کزبرہ یعنی آب فشردہ سبز شہد میں ملا کر بطور انجن آنکھ میں لگائیں تو دانہ چیچک سے محفوظ رہے گی اور اگر نمک پانی میں گلا کر اس میں نشائے حظہ یعنی نشاستہ گندم ڈالیں یہاں تک کہ وہ گھل مل کر مثل قوام شہد کے ہو جاوے بعد اس جس کے تئیں چیچک نکلی ہو اس کے بدن میں مل دیویں تو بہت جلد وہ سارے دانے پک کر مڑ جاویں گے پھر اس کے ساتھ کسی اور چیز کی حاجت نہ ہوگی۔ یہ علاج بہت آزمودہ اور صحیح ہے اور جس وقت کسی طفل کے بدن میں چیچک دکھائی دیوے اور اس کے پاؤں میں حنا یعنی مہندی پیس کر لگا دیویں تو اس کی آنکھ میں دانے چیچک کے نہ نکلیں گے۔

حفظ چشم طفل از چیچک

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر گل سرخ خشک خوب باریک سرمہ پیس کر چیچک والے کے بستر پر چھڑک دیویں تو بہت نفع دے گا اگرچہ وہ چیچک جدری یعنی موتیا ہو خواہ

صہ یعنی کھسرہ ہو اور بعض خواص سے یہ ہے کہ بروقت ظاہر اور پیدا ہونے دانہائے چیچک کے ستو جو کے بہت سے پانی میں گھول کر تمام بدن میں لگا دیویں تو دانوں کی سوزش کو بجھاوے گا اور اصلاح کرنے کا یہ علاج مجربات میں سے ہے اور جو چیز واسطے دفع چیچک کے نفع کرتی ہے وہ یہ ہے کہ استخواں کہنہ سودہ و زعفراں سائیدہ و کف دریا سائیدہ اور آٹا جو کا و سفیدی بیضہ و صابون کہ یہ سب اجزاء ملا کے مثل مرہم کے بنایا جاوے اور جسم پر مالش کی جاوے تو آثار چیچک کو دفع کرتے ہیں و ازاں جملہ جب زعفران کو عمل میں لاویں تو اس کو خوب باریک پیس کر پانی میں ملا کر آثار چیچک پر طلا کریں یعنی مل دیویں تو وہ آثار جاتے رہیں گے۔

ذکر طاعون عیاذاً باللہ

اور طاعون کہ اس کے اقسام میں مشہورتر و ضرر رسانندہ تر وہ دانہ ہے جو برابر باقلے یا اس سے کچھ بڑا ہو اور اصل اس کی یہ ہے کہ وہ خون ردی و فاسد سے پیدا ہوتا ہے اور سبب اس کا وکزہ یعنی مشت زنی و گھونسا دشمنان انسان کا ہے اور زمرۂ جن سے ہے۔ ابن حجرؒ نے کہا ہے یہ بات از حدیث ثابت نہیں ہوئی بعضنے کہا ہے کہ البتہ وکزہ صدمہ مسلمین کو کفار سے اور کفار کو مسلمین سے پہنچاتا ہے اور بعض نے کہا کہ یہ وکزہ طاعون نہیں ہے بلکہ یہ مصر میں بنا فرد کینہ مشہور تھا جو مشتبہ بہ طاعون ہو گیا اور ردی ترین طاعون وہ ہے جو بائیں بغل میں ہوتا ہے وبعدازاں جو داہنی رانوں میں نکلتا ہے وبعدازاں جو داہنی بغل میں وبعدازاں جو بائیں ران میں وبعدازاں گردن میں و بدترین رنگ اس کا سیاہ ہے وبعدازاں زرد وبعدازاں سرخ اور آدمیوں میں اس سے اطفال جلد تر ہلاک ہوتے ہیں وبعدازاں مرد و زن ناکتخدا اور خصوصاً وہ لوگ جن کے مزاج ضعیف ہوتے ہیں مثل زنگی و ہندی اور اس طاعون کے لئے اکثر امور مفید ہوتے ہیں بعض ان میں سے وہ ہیں جن کو شہاب الدین قلیوبی نے اپنے رسالے میں ذکر کیا ہے چنانچہ اس

میں کہا ہے کہ بعض وہ چیز طلسمات سے جو طاعون کو دفع کرتی ہیں بسم اللہ اور یہ آیت لکھی جاوے۔ ۱؎ اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ الآیۃ وبعدازاں یہ اسمائے الٰہی لکھے جاویں۔ فردٌ صمدٌ حیٌّ قیُّومٌ حکمٌ عدلٌ قدُّوسٌ اس حرز کو لکھ کر گلے میں لٹکا دیویں یا آیت لکھیں ۲؎ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ تا جمیعًا اور یہ ۔۔ ن بھی لکھے جاویں۔
اس آیت کو باندھ دیویں یا یہ کہ نام اس شخص کا ان حرفوں کے ساتھ ربط دیا جاوے یعنی لکھا جاوے ج خ ذ ز ش ص ض اور اس ولکھ کر باندھ دیویں یا یہ شکل لکھی جاوے بغیر نقصان حروف کے یعنی اس کے حروف مٹنے اور بگڑنے نہ پاویں وہ یہ ہے۔

یارقیب	یامقتدر
یاخلاق	یاعلیم

اور دروازے کی چوکھٹ پر ۳؎ یہ آیتیں لکھی جاویں عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ

۱؎ تتمہ آیہ بعد فاحیینا وجعلنا لہ نورا یمشی بہ فی الناس کمن مثلہ فی الظلمات لیس بخارج منہا کذلک زین للکافرین ما کانوا یعملون یعنی کیا وہ شخص عالم نیستی میں دورلائی اس کے لئے نور ہدایت مقرر کیا کہ اس کے سبب لوگوں میں نیک رفتاری کرتا ہے تو کیا ایسا شخص مثل اس شخص کے ہے جو تاریکی گمراہی میں ہے کہ وہ اس سے وہ نکلنے والا نہیں ہے یونہی ہم نے زینت دی کفار کے لئے ان کے اعمال کو ۱۲۔ ۲؎ تتمہ آیہ بعد سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا اگرچہ یہ بات ہے کہ قرآن کی تاثیر سے پہاڑ چلائے جائیں اور ان کے سبب زمین پارہ پارہ کی جاوے اور اس کے باعث مردے بولنے لگیں بلکہ یہ سارے امور اللہ ہی کے لئے ہیں یعنی اسی کے حکم سے ہیں ۱۲۔

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْکِیْلًا" وقولہ تعالیٰ قل" لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ تا المہاد و قولہ تعالیٰ فکاین "مِّنْ اٰیَۃٍ فِی السَّمٰوٰتِ تا مُعْرِضُوْنَ یا آنکہ دروازے پر لفظ موسیٰ چار مرتبہ لکھی جاوے یا فقط کی سات مرتبہ یا اٹھارہ مرتبہ لکھی جاوے یا آنکہ محمد رسول اللہ و شیخ عبدالقادر جیلانی و شیخ شہاب الدین احمد البلقینی لکھا جاوے انتہی کلام شہاب الدین قلیوبی و نیز اسی فوائد سے واسطے طاعون کے وہ ہے جو منقول ہے شیخ ابن حجر سے کہ حق تعالیٰ ہم کو اس سے نفع بخشے وہ یہ کہ انہوں نے کہا طاعون کے لئے بسم اللہ کے بعد یہ کلمات لکھے جاویں۔ ۵ یَا لَطِیْفُ لَمْ یَزَلْ اُلْطُفْ بِنَا فِیْمَا نَزَلْ یا لَطِیْفُ قَدْ عُذْنَا اِنَّکَ لَطِیْفٌ لَّمْ تَزَلْ حَیٌّ" صَمَدٌ" بَاقِیْ وَلَا کَفٌ" وَاقِیْ" دَخَلْنَا فِیْ کَنَفِ اللّٰہِ وَاسْتَمْسَکْنَا وَاسْتَجَرْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُحَمَّدٌ" رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ تا آخر سورہ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَعَلٰی اَکْتَافِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ وَنُقَدِّمُکَ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ یا مالکَ یومِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَللّٰہُ لَنَا عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ اَللّٰہُ لَنَا مَعُوْنَۃٌ وَعُدَّۃٌ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَحْدَہٗ وَلَیْسَ بِکَافٍ عَبْدَہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ نَصَرَ جُنْدَہٗ وَاَعَزَّ جُنْدَہٗ وَحَفِظَنَا وَنَجَّانَا مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ بِجَاھِہٖ عِنْدَہٗ ۶ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ جَآءَتْکُمْ جُنُوْدٌ" آخر آیت تک ۷ وَھُوَ الَّذِیْ کَفَّ اَیْدِیَھُمْ عَنْکُمْ تا آخر آیت لقد جاء

۱ یا آنکہ مثلاً کاغذ یا تختی وغیرہ پر لکھ کر پیش طاق دروازہ بیرونی نصب کر دیویں ۱۲۔ ۲ قریب ہے کہ حق تعالیٰ ضرور ہرگز نہ کفار کو روکے گا اور حق تعالیٰ سخت تر ہے ضرر رسانی میں اور شدید تر ہے سزا دینے میں ۱۲۔ ۳ تتمہ آیہ بعد ستغلبون وتحشرون الی جہنم وبئس المہاد یعنی کافروں سے کہہ دے کہ عنقریب تم لوگ مغلوب و عاجز ہو گے اور ہنکائے جاؤ گے طرف جہنم کے اور وہ بہت بری جگہ ہے ۱۲۔ ۴ تتمہ آیہ بعد السموات والارض یمرون علیہا وہم عنہا معرضون یعنی اور اکثر نشانیاں ہیں آسمانوں میں اور اکثر زمین میں بھی ایسی نشانی ہے کہ وہ لوگ یعنی منکرین ان

نَحْمَ رَسُوْلٌ" تا آخر آیہ اور ہر آیت پانچ مرتبہ لکھے اور اپنے پاس رکھے یا روز وہ اس کی تلاوت کرے تو طاعون سے محفوظ رہے گا اور بعض علماء نے کہا ہے کہ زمانہ طاعون میں جو کوئی ان کلمات کو ذکر کرے تین بار وقت ۱ تَحَصَّنْتُ بِذِی الْعِزَّۃِ وَالْجَبَرُوْتِ

پر گزرتے ہیں اور وہ پھر اس سے منہ پھیرتے ہیں ۱۲۔

۵ لطیف اسم اللہ یعنی اے لطیف تو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا لطف کر ہمارے ساتھ بلا میں جو نازل ہوئی ہے بے شبہ تو لطیف ہے کہ ما فوق عرش و تحت الثریٰ سے مانع و حال کے دیکھتا ہے جو ہمیشہ زندہ ہے اور بے نیاز ہے جس کے مقابلے میں فنا نہیں اور اس کی حمایت مجھ زندہ ہے سو ہم اللہ ہی کی حمایت میں داخل ہوئے اور ہمسائیگی اور پناہ لی ہم نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یا اللہ ہم نے تجھ کو ان عوارض کی ہلاکت کے لئے مقرر کیا اور ہم پناہ مانگتے ہیں ان بلاؤں کے شروں سے اے مالک و بادشاہ روز جزا کے ہم خاص تیری ہی عبودیت اور عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد و اعانت چاہتے ہیں حق تعالیٰ میرا معین و مددگار ہے ہر ایک شدت و سختی میں اور مجھ کو اللہ ہی کافی ہے جو یکتا اور بے نیاز ہے اور حق تعالیٰ اپنے بندوں کے لئے کافی و بس ہے اور درود و سلام حق تعالیٰ کا اوپر مالک ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل کے اور حق تعالیٰ ہم کو محفوظ رکھے ہر طرح کی گزند سے ۱۲۔

(حاشیہ صفحہ ہذا)

۱ اور آزار طاعون سے بچا وے و برکت کی آیہ شریفہ کے جو اوپر مذکور ہے یا ایہا الذین آمنوا الخ ۱۲۔

۲ تتمہ آیہ وعلی اللہ فلیتوکل المومنون یعنی اے مومنو یاد کرو حق تعالیٰ کی نعمتوں کو جو تم پر نازل ہوئیں جس وقت تم نے ارادہ کیا تھا کہ تمہاری طرف دست درازی کریں حق تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں کو ان سے باز رکھا اور چاہئے کہ تم ڈرتے رہو اللہ سے اور مومنوں کو چاہئے کہ اللہ ہی پر تکیہ اور بھروسہ رکھیں ۱۲۔ منہ

وَاعْتَصَمْتُ بِرَبِّ الْمَلَكُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَللّٰهُمَّ اصْرِفْ عَنْ هٰذَا الْوَبَآءَ وَمِنَّا شَرَّالسَّوْدَا وَنَجِّنَا مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْبَلَآءِ بِلُطْفِكَ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اور مجھے خبر دی ہے بعض برادران دینی نے جو منقول ہے سید عثمان عثمان النجدی الحسینی سے یہ کہ زمانہ طاعون میں جو کوئی ان کلمات کو ذکر کرتا رہے گا کہ جن کا ذکر آتا ہے سات مرتبہ وقت صبح اور سات مرتبہ وقت شام پڑھا کرے تو اس کو گزند نہ پہنچے گا اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے گھر میں آویزاں کرے اس کو بھی کوئی گزند نہ پہنچے گا اور اس شخص نے مجھے خبر دی کہ اس نے اس حرز کا امتحان کیا ہے تو صحیح اور درست آیا اور وہ کلمات یہ ہیں۔[۲] لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانٌ مِنَ الطَّعْنِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ طَعْنٌ فِي الطَّاعُوْنِ سَيِّدِيْ عَبْدُالْوَهَّابِ الشَّعْرَانِيْ سَيِّدِيْ شَمْسُ الدِّيْنِ الْحَنَفِيْ سَيِّدِيْ سِرَاجُ الدِّيْنِ الْبَلْقِيْنِيْ سَيِّدِيْ عَبْدُالْقَادِرِ جِيْلَانِيْ حَيٌّ صَمَدٌ بَاقِيٌ وَلَهٗ كَنَفٌ وَافِيْ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ۔ اور تجھ پر واضح ہو چکا ہے جو سابق میں بیان کیا گیا ہے منافع طاعون سے بیچ ذکر خواص یٰسین کے سو اس سے غافل نہ ہو۔

---

[۱] پناہ میں آیا ساتھ ذی العزت اور ذوی الجبروت یعنی صاحب غلبہ کبریائی کے اور دست بدامن ہوا میں ساتھ پروردگار ملکوت کے اور توکل اور تکیہ کیا میں نے اوپر اس خداوند دائم الحیات کے جس کو موت وفا نہیں ہے پھیر دے اور دور کر دے ہم سے اس وباء سے کہ بے شبہ تو ہر شے پر قادر ہے۔۱۲

[۲] لا الٰہ الا اللہ امان ہے گزند سے محمد رسول اللہ امان ہے طاعون کے لئے وبعد ازاں نامہائے خواجگان عبدالوہاب شعرانی شمس الدین وسراج الدین ذکر کرے وبعد ازاں یہ کلمات کہے حی صمد باقی یعنی زندہ و پائندہ و بے نیاز و ہمیشہ باقی اور اس کی حمایت نگہدارندہ ہے۔

باب ستائیسواں بیان میں ان چیزوں کے جو نافع ہیں واسطے بکاء اطفال اور واسطے قرین وغزیل اطفال کے

چنانچہ بعض ان چیزوں میں سے جو نافع ہیں ایک یہ آیہ ہے۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا[۱] اور جو کوئی اس آیت کو پوست غزال پر جو باریک ہوتی ہے یعنی آہو کی جھلی پر لکھ کر درمیان نے مِسی یعنی تانبے کی ڈبیا میں رکھ کر اس کو اپنے بازو پر باندھ رہیں تو زبان اس کے دشمن کی اس کی بدگوئی اور برائی سے بند رہے گی باذن اللہ تعالیٰ اور اگر اسی حرز کو گلوئے طفل میں جو بہت روتا ہے، لٹکا دیں تو رونا اس کا موقوف ہو جاوے گا اور وہ خوش آواز ہو جاوے یعنی آواز اس کی خوش آوے اور بعض فوائد میں سے یہ ہے کہ اسی آیہ کو اسی صفت سے لکھیں اور ان کے ساتھ ان آیت شریفہ کو بھی لکھیں وہ یہ ہے۔[۲] اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ + وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا بعد ازاں اس کو گلو میں اس طفل کے جو آغوش مادر میں ہے بہت روتا ہے باندھ دیویں تو رونا اس کا بند ہو جاوے گا اور اس خاتم یعنی اس تعویذ کو بھی لکھ کر باندھ دیویں۔

ب	ط	د
ز	ہ	ج
و	ا	ح

---

[۱] خوفزدہ و پست ہیں ساری آوازیں پیش خداوند کے جو رحمٰن ہے سو نہ سنے گا تو ان آوازوں کو مگر نرم و خفیف ۱۲۔ [۲] کیا پھر تم لوگ اس کلام سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو اور وہ لوگ (اصحاب کہف) ٹھہرے اپنے غار میں تین سو برس تک ۱۲۔

برائے گریہ طفل

اور بعض ان فوائد سے یہ ہے کہ ان کلمات کو حروف متفرقہ کرکے لکھیں۔[1]
عیسیٰ وَلد لیلۃ السَّبتِ فلا یُکلَفْ یَبْخ وَلا ریخ تَمخ ازقد ایُّھا الطِّفل
بِغَیرِ بُکاءٍ الی اَن تُضخ بالف الفِ لاَ حولَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ باللہِ العَلِیِّ العَظِیمِ۔
بعد ازاں اس کو اس طفل کے گلے میں ڈال دیویں تو اس کا رونا کم ہو جاوے گا اور بعض
ان فوائد میں سے واسطے گریہ طفل کے اور اس واسطے کہ خواب میں وہ اضطراب کرتا ہے
اور چونکتا ہے تو ان آیات کو لکھیں[3] اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَھْفِ عددًا تک
وَقولُہٗ تعالیٰ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا۔ بعد ازاں
معوذتین لکھیں۔ یعنی سورہ قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس پس ان سب کو لکھ
کر اس طفل کے گلے میں ڈال دیں اور اسی طرح یہ کلمات ایک پرچہ کاغذ میں لکھ کر
برائے گریہ و اضطراب طفل کے اس کے گلے میں ڈال دیویں اور وہ کلمات یہ ہیں[1]
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یَنْسٰی مَنْ ذَکَرَہٗ وَلَا یُضِیْعُ اَجْرَ مَنْ شَکَرَہٗ کَمْ مِنْ نِعْمَۃٍ

---

[1] یہ کلمات افسون ہیں ترجمہ اس کا مفید معنی نہیں ہے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا
ہوئے شب شنبہ ۱۲۔

[2] و سنگ بانگ زن تھا یعنی بھونکا نہ تھا نہ ہوا سوزش کرتی تھی آرام کر اے طفل صبح
ببرکت ہزار لاحول ولا قوۃ کے ۱۲۔

[3] تتمہ آیۃ بعد لکہف فقالوا ربنا آتنا من لدنک رحمۃ وھیی لنا من امرنا رشدا فضربنا علی
آذانہم فی الکہف سنین عددا یعنی جب وہ سب نوجوان طرف غار کے جاگزین ہوئے تو وہ
کہنے لگے اے ہمارے پروردگار تو ہم کو اپنی پیش گاہ سے رحمت عطا کر اور ہمارے لئے
امور میں رشد و راستی پیدا کر پھر ہم نے ان کے کانوں کو بھاری کر دیا یعنی سلا دیا غار میں
سالہا سال از روئے شمار کے ۱۲۔

لِلّٰہِ علی قلبِ شاکرٍ و غیرِ شاکرٍ و کَم مِن منۃٍ للہِ و فضلٍ علی عرقٍ ساکنٍ
وَ غیرِ ساکنٍ طٰہٰ طٰسٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ علی
جَبَلٍ تا یتفکَّرُوْنَ لا یُصدَّعُوْنَ عنھا ولا یُنزِفُوْنَ وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ
وَالنَّھارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اُسْکُنْ اَیُّھا الطِّفلُ وَنَمْ بِقُدرۃِ الْحَیِّ الَّذِیْ
لَا یَنامُ وَ بِالْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللہُ علی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اور بعض ان چیزوں سے جو گریہ اطفال
کے واسطے نافع ہیں یہ چیزیں بھی جاویں فاتحۃ الکتاب یعنی سورہ الحمد اور قل ھو اللہ احد
اور قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس و بعد ازاں یہ آیت بھی لکھی جاوے۔
وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ و بعد ازاں یہ کلمات وَلَا یَغلبُ اللّٰہَ غالبٌ وَلَا یَفُوْتُہٗ
ھَارِبٌ پھر یہ آیۃ کَتَبَ اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اور یہ آیہ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ
پھر یہ لکھے ھُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ فَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ

---

[1] جمیع حمد سزاوار ہیں اس پروردگار کے واسطے جو نہیں بھولتا ہے اس شخص کو جو اس کو یاد کرتا ہے
اور نہیں ضائع کرتا اجر اس شخص کا جو اس کی شکر گزاری کرتا ہے کس قدر نعمتیں حق تعالیٰ کی اوپر
بندگان شکر گزار و غیر شکر گزار کے مبذول ہیں اور کس قدر احسان اور فضل اللہ کا اوپر رگ ساکن
و غیر ساکن یعنی متحرک کے شامل ہے بحرمت طٰہٰ طٰسٓ یٰسٓ والقرآن الحکیم کے ۱۲۔

[2] تتمہ آیۃ بعد جبل لرأیتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ وتلک الامثال نضربہا للناس لعلہم
یتفکرون یعنی اگر ہم نازل کرتے اس قرآن کو پہاڑ پر تو دیکھتا تو اس کو ڈرا ہوا فروافتادہ شق
شدہ خوف خدا سے اور یہ مثالیں ہیں کہ ہم بیان کرتے ہیں اس کو لوگوں کے لئے تا کہ وہ فکر و غور
کریں ۱۲۔ [3] یہ نہ سر پھرائے جائیں گے اس شراب سے یعنی پینے کی چیز سے نہ بیہوش کیے
جائیں گے ۱۲۔ [4] یعنی خدا ہی کی ہیں جو ساکن و نارس ہیں شب و روز میں اور وہ بڑا سننے والا
اور جاننے والا ہے ۱۲۔

[5] سکون کر اور ٹھہر جا گریہ و بکا سے اور سو جا قدرت سے اس ذات کو جو سوتا نہیں ۱۲۔ منہ

فَيَكُوْنُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ؎۱ صه سات بار صُمْتُ سات بار اُرْقُدْ يُهَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَةِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ؎۲ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ اَفَمِنْ ؎۳ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ تا وَاعْبُدُوْا ؎۴ وَعِذْ مَنْ عُلِّقَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ بِاللّٰهِ وَآيَاتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاَحْصِنْهُ بِالْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَادْفَعْ عَنْهُ السُّوْءَ مِنْ جَمِيْعِ الْاَنَامِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ وَاَحُوْطُهٗ بِاَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

برائے دفع بول برفرش

اور بعض ان چیزوں میں سے جو واسطے گریہ اطفال کے نافع ہے یہ ہیں کہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس وبعدازاں یہ آیہ وَاللّٰهُ غَالِبٌ ؎ تا آخر آیہ جیسا آگے مذکور ہوا اور بعض سے یہ ہے کہ جو شخص خواب میں بستر

؎۱ صہ یعنی خاموش ہو اس لفظ کو سات مرتبہ کہیں۔۱۲ ؎۲ بہت سے چہرے اس روز روشن وخنداں وشادماں ہوں گے۔۱۲ ؎۳ تمہ آیہ بعد تبکون کے وانتم سامدون فاسجدوا للہ واعبدوا کیا پھر تم اس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو اور تم سرکش ہو پس چاہئے کہ حق تعالی کے لئے سجدہ کرو اور اسی کی بندگی کرو اور اس آیت میں سجدہ واجب ہے۔۱۲ ؎۴ میں پناہ میں دیتا ہوں اس شخص کو کہ جس پر یہ کتاب یعنی یہ حرز باندھا گیا ہے ساتھ حق تعالی کے شر سے تمام ان چیزوں کے جو خدا نے پیدا کی ہیں اور میں اس کو پناہ میں دیتا ہوں ساتھ حی قیوم کے جو صاحب جلالت وبزرگی ہے اور دفع کرتا ہوں میں اس برائی کو کل مخلوقات کی جو سننے والا اور جاننے والا ہے اور محیط کرتا ہوں میں اس کو ساتھ ہزار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے وصلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم ۱۲۔

پر پیشاب کرتا ہو اگر اس کے ذکر میں موم شتر باندھ دیویں تو یہ عارضہ اس سے دفع ہو جاوے گا اور جو اطفال کہ خواب میں فرش پر پیشاب کرتے ہیں اگر ان کو گوشت قنفذ یعنی سیہی کھلا دیویں تو یہ علت ان کی جاتی رہے اور عرف بیب یعنی جو تخم خرنوب ... ہیں کے جس شخص کو عارضہ بول برفرش ہے پلا دیویں تو اس کو بہت نفع ... اور ... خواص سے واسطے خروج مقعد اطفال کے یعنی جن اطفال کی کانچ نکلتی ہے ... یہ ہے کہ پوست انار پانی میں جوش کرکے اس پانی میں بٹھادیں تو بہت نفع ... ہے۔

برائے خروج مقعد اطفال

اور بعض خواص سے واسطے اطفال بطی الکلام کے یعنی جو ہکلاتے ہیں ... کرتے ہیں اگر زبان قلقلا یعنی گریہ زخشک کرکے اس کے گلے میں ڈال دیں تو اس کی زبان کھل جاوے گی یعنی رواں ہو جائے گی اور جو کوئی طفل صغیر کو سات روز ... پستہ افطار کرائے یعنی اوائل شیرخواری میں ہفت روز قبل از افطار کسی اور چیز کے پستہ کھلاویں تو اس کی زبان رواں ہو جاوے گی اور جو چیز کہ واسطے قرین طفل یعنی آسیب وغیرہ کے لکھی جاوے۔ وہ یہ ہے۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ تا وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ؎۱ عَطَّلَ اللّٰهُ عَنْكَ الْقَرِيْنَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا ؎۲ تا اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ؎۳ اِنْزِعْ لِهٰذَا الْقَرِيْنِ مِنْ هٰذَا الْمَوْلُوْدِ وَاكْفِهٖ شَرَّهٗ وَاَكْلَاهُ وَاحْفَظْهُ بِحِفْظِكَ

؎۱ بیکار کر دیوے حق تعالی یعنی اتار دیوے تیرے اوپر سے قرین یعنی آسیب کو برکت قرآن عظیم الشان کے ۱۲ ؎۲ تمہ آیہ بعد صرصرا کے فی یوم نحس مستمر تنزع الناس کانہم اعجاز نخل منقعر یعنی ہم نے قوم عاد پر باد تند سرد بھیجی بروز نحس جو ہمیشہ سے شوم تھا کہ وہ باتند اکھاڑے پھینکتی تھی آدمیوں کو مثل بیخ ہائے نخل کے قعر زمین سے ۱۲ ؎۳ اے ہمارے پروردگار اتار دے اس قرین یعنی آسیب کو اس طفل سے اور اس قرین کی شر کو اس طفل۔

وقدرتک واحسانک والٰھکم اللہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمن الرحیم

برائے آسیب طفلان

اور بعض ان چیزوں سے جو نفع کرتی ہیں واسطے غزیل یعنی تپ [illegible] کے وہ یہ ہے جس کا مجھے افادہ دیا ہے بعض ہمارے اصحاب واحباب نے اور اس کو نقل کرتے ہیں ہمارے شیخ و مرشد خوجہ برہان سے اور اس شخص نے مجھے اس چیز کے لکھنے کی واسطے اس علت کے اجازت دی ہے۔ وہ یہ ہے کہ خلائق حروف مفرقہ کرکے بانقص یعنی بے کم وکاست بیچ سرموطہ احمر یعنی سرمہ وسرامہ پوست وجلد سرخ گوسفند یعنی صرف بری گوسفند کی ہو اس میں لکھ کر اور چشم جوز یعنی گوسفند ابلق کا بٹ کر اس میں باندھ کر جس کو یہ علت ہے اس کے گلے میں باندھ دیویں تو باذن خدا اس کو صحت ہوگی اور یہ امر آزمودہ ہے اور صحیح ہے اور بعض ان چیزوں سے جو واسطے علت غزیل کے ہیں [illegible] سے میرے تیئں بعض برادران دینی نے افادہ دیا ہے اور اس نے اپنے امتحان وتجربہ سے خبر دی ہے کہ جو آیت سورۂ یسین میں مشتمل ہیں اوپر لفظ مبین کے اور وہ سات مبین ہیں۔ ان کو کسی ظرف پاکیزہ میں لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلادیں خواہ اس کے بدن میں بطور روغن کے ملیں تو بقدرت خدا اس کو اس آزار سے صحت ہوگی اور بعض فوائد جلیلہ سے اس آزار کے یہ ہے کہ ان حروف وآیات ونقوش وغیرہ کو لکھ کر ایک سرموطہ حریر احمر یعنی ایک پرچہ سرخ ریشم کا ذورا بھی ہو اس میں باندھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیویں اور وہ چیزیں جو لکھی جاویں وہ یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ الٓمّٓصٓ الٓرٰ الٓمّٓرٰ طٰہٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰسٓمّٓ یٰسٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ تا مفلحون وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ تا خلدون وللّٰہ ما فی السّمٰوات وما فی الارض تا آخر سورۂ بقرہ و الٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ

مصدقا لما بین یدیہ تا الحکیم اور شھد اللہ تا الاسلام اور قل اللّٰھم مالک الملک تا حساب اور ان فی خلق السمٰوات والارض تا المیعاد اور یہ حروف

حٓ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم۔ صحت اس [illegible] کے واسطے اس طفل کے جو ضعیف ونحیف اور رنگ اس کا مخطوف یعنی تیرہ ومتغیر ہو گیا ہے کہ نظر وا جاس یعنی آوے زش جس کو آلوے بخارا کہتے ہیں وہ وسلیب کوٹ کر گلاب میں جو یکی گل [illegible] سے کھینچا گیا ہو تر کے شکر ملا کر طفل کو چٹا دیویں اور باقی مادہ اس کا دور مع و [illegible] طفل اچھا ہو جاوے گا۔ باذن اللہ۔

☆☆☆☆

ل یہ دو آیتیں ہیں شروع آل عمران کے سورۃ کی تمہ اس کا بعد یہ وانزل التوراۃ والانجیل من قبل ہدی للناس وانزل الفرقان ان الذین کفروا بآیات اللہ لہم عذاب شدید واللہ عزیز ذو انتقام ان اللہ لا یخفی علیہ شیء فی الارض ولا فی السماء ھو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم یعنی اللہ ایسا ہے کہ نہیں ہے کوئی لائق الوہیت کے سوائے اس کے جو دائم الحیات ہے وقائم بذات خود ہے جس نے نازل کی ہے تجھ پر کتاب برحق جو تفسیر کرنے والی ہے سامنے والی کتابوں کی (جن کی توضیح وتصریح خود ارشاد فرماتے ہیں) اور نازل کیا تھا توریت وانجیل کو آگے سے ہدایت تھی واسطے لوگوں کے اور نازل کیا فرقان یعنی قرآن مجید کو اور جنہوں نے آیات کے ساتھ کفر ورزی کی ان کے لئے عذاب سخت ہے اور اللہ غالب ہے بڑا بدلا لینے والا ہے البتہ حق تعالیٰ پر کوئی شے مخفی نہیں ہے نہ زمین میں جو کہ تمہاری صورت تجویز کرتا ہے رحم مادر میں جیسی شکل کہ چاہتا ہے نہیں سزاوار الوہیت کے سوائے اس کے جو بڑا حکیم ودانا ہے۔ ١٢

باب ۲۸ اٹھائیسواں ان چیزوں کے بیان میں جو واسطے طحال اطفال صغار کے نافع ہیں

و بعض فوائد سے جو آزمودہ ہے واسطے طحال کے یہ ہے کہ یہ ملعقہ یعنی چمچہ بیوی اس میں ذ گندہ گرم رکھیں اور طلسم ذیل میں مرقوم ہوتا ہے۔ ایک کاغذ پر لکھ کر در بار کاغذ مکتوبہ مذکورہ آگ کا رکھ کر اس ملعقہ پر داغ دے۔ پس طحال پر رکھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ طحال اسی وقت قطع ہو جاوے گا اور وہ چیز جو کاغذ پر حسب کیفیت مذکورہ لکھی جاوے۔ یہ ہے جو تو دیکھتا ہے۔



اور بعض فوائد سے واسطے طحال کے یہ چیز بھی ہے اگر تجھ کو اس کا تجربہ و امتحان کرنا منظور ہو تو اس کو لکھ کر بکری کے گلے میں باندھ دے اور سات روز بعد چار بجے کے بعد ازاں اس بکری کو ذبح کر کے دیکھ کہ بکری میں طحال نہ پاوے گا اور وہ چیز یہ ہے صعش۔ (۱) یقوش (۲) ہیطط (۳) ۱ انسل ایها الطحال من جنب فلان بن فلانة بحرمة الله الواحد القهار الذی علی العرش استوی و دوّر الفلک

---

۱ یعنی دوبارہ لکھا جاوے۔۱۲ ۲ یعنی درد زائل ہو جا، طحال پہلوئے فلاں طفل سے جو پسر فلاں عورت کا ہے یا جو دختر فلاں عورت کی ہے۔ (یعنی اس طفل اور اس کی ماں کا نام لینا چاہئے) بحرمت اللہ واحد قہار اور بحرمت اس رحمٰن کے جو عرش پر مستوی ہے اور گردش میں لانے والے آسمان کو اے طحال تو اسی طرح ٹھہر جیسے قائم ہے عرش رحمٰن اوپر پانی کے۔۱۲

الدوّار واسکن کما سکن عرش الرحمن علی الماء وله ما سکن فی اللیل والنهار وهو السمیع العلیم

باب ۲۹ انتیسواں ان فوائد میں جو متعلق بزنان دشوار زا یعنی جن پر جننا دشوار ہوتا ہے اور متعلق ہے زنان معوقہ یعنی جو عورتیں عاقرہ کہ بازرہنے والیاں ہیں شوہر سے اور دختران بائرہ یعنی جن کو رغبت مرد نہ ہو اگرچہ ازالہ بکارت اس کا ہوا ہو اور بیان میں اس بات کے کہ عاقہ یعنی زن باز ماندہ از حمل جانب مرد سے ہے یا اسی عورت کی طرف سے اور دریافت میں اس بات کے کہ عورت حمل سے ہے یا نہیں اور در بارہ ترویج سلعہ یعنی مال تجارت جلد فروخت ہو اور مثل اس کے!

برائے عسر ولادت

چنانچہ جو چیز واسطے دشوار زائی کے نافع و مجرب ہے۔ یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ تا آخر لکھی جاوے۔ و بعد ازاں یہ آیات ۲ کانهم یوم یرون ما یوعدون لم یلبثوا

---

۱ اور اسی حق تعالیٰ کا ہے جو کچھ شب و روز میں ساکن ہے کہ وہ بڑا شنوا و دانا ہے۔۱۲

۲ یعنی جس روز دیکھیں گے اس امر کو کہ جس کے وعدے دیئے گئے تھے تو معلوم

اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَا اِلَّا يَسِيْرًا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ وَمَا اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ وَمَا اَمْرُنَا اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ تا وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ + لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ تا آخر سورة ع اَللّٰهُمَّ يَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْهَا وَسَهِّلْ وِلَادَتَهَا بِلُطْفِكَ وَفَضْلِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وبعدازاں اس حرز کو اس عورت کے گلے میں ڈال دیں مگر یہ کہ اس کو کوئی نجاست نہ پہنچی ہو تو فوراً وضع حمل سے خلاص ہوگی باذن اللہ تعالیٰ۔ اور اگر انہیں چیزوں کو لکھ کر اس عورت کو پلا دیویں تو بھی یہی مطلب حاصل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور بعض سے یہ ہے کہ کشنیز سبز جڑ سے اکھیڑ کر زن دشوار ولادت کے گلے میں لٹکا دیویں تو بہت جلد جنے گی یا اس کی بائیں ران میں رکھ دیویں پھر جس وقت وہ جن چکے تو فوراً اٹھا لیویں۔

برائے حفظ ولد بعد ولادت

او ر وسطے درد ناف وشکم جو بعد ولادت کے ہوتا ہے۔ شکر ایک ۳ اوقیہ و روغن گاؤں دو اوقیہ اس عورت کو بعد وضع حمل کے پلا دیویں یا چٹا دیویں تو بہت نفع کرے گا

---

۱ کریں گے کہ گویا وہ لوگ دنیا میں نہ ٹھہرے تھے مگر ساعات روز میں سے ایک ساعت ۱۲۔

۲ یعنی جس روز عرصہ قیامت کو دیکھیں گے تو معلوم کریں گے کہ گویا وہ لوگ دنیا میں کچھ نہ ٹھہرے تھے مگر آخر روز یا اول روز تک ۱۲۔

۳ اے پروردگار اے آفریدگار ہر جان کے جاندار سے اور اے نکالنے والے یعنی پیدا کرنے والے ہر جان کے اور اے خلاص کرنے والے جان کے قید جاندار سے اس عورت کو خلاصی دے اور ولادت کو آسان کر دے اپنے لطف اور فضل سے یا ارحم الراحمین ۱۲۔ منہ۔

اور قب نفسا یعنی نفاس والیوں کا صاف کرے گا۔ مجرب وصحیح ہے اور جو چیز بعد ولادت بچوں کی حفاظت کے لئے لڑکوں کے بدن میں روغن زیت مل کر اور کمون یعنی زیرہ میں اور بعض سے یہ ہے کہ شحم ادب یعنی چربی خرس کی اگر بچہ کے جسم پر ملی جاوے تو انس اور جنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

برائے قوت مشی جہت طفل وغیر طفل

فائدہ اسم حق تعالیٰ کا جو المتین ہے اگر اس کو ہرن کی جھلی پر لکھیں اور بخور دیوے کر اس طفل کے گلے میں جو لولا ہو ڈالیں تو اس کو قوت رفتار حاصل ہوئی اور چلنے لگے گا اور جو شخص مشی اور ہروی سے عاجز ہے تو اس چیز سے حاصل ہوگی اور اس کی صورت یہ ہے۔

ن	ی	ت	م
۵۰	۱۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۵۰	۱۰	۴۰۰
۴۰۰	۴۰	۵۰	۱۰
۱۰	۴۰۰	۴۰	۵۰

اور بعض ان چیزوں میں سے اس عورت کے لئے جس پر جننا دشوار ہو یک ظرف نو میں یہ کلمات لکھے جاویں۔۱ اُخْرُجْ اَيُّهَا الْوَلَدُ مِنْ بَطْنٍ ضَيِّقٍ وَمِنْ رِحْمٍ ضَيِّقٍ بِاِذْنِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ اِلٰى سَعَةِ هٰذِهِ الدُّنْيَا وَنَسِيْمِهَا بِقُدْرَةِ اللّٰهِ الَّذِيْ اَنْشَاَهَا وَزَيَّنَهَا اُخْرُجْ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ وَالْحِيْنِ بِاِرَادَةِ مَنْ جَعَلَكَ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ وَلَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ تا آخر سورت

---

۱ اے لڑکے نکل شکم جائے تنگ سے اور رحم یعنی بچہ دان تنگ سے حکم ہے خالق ومعبود کے طرف وسعت اس دنیا کے اور نسیم اس کی قدرت سے اس اللہ کی جس نے زمین کو پیدا کیا اور زینت دی نکل بقدرت اسی خداوند کے جس نے تجھے آرام اور مکان واری میں جادی ہے ۱۲۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ[1] یہ سب لکھ کر وہ پانی
سے دھو کر اس عورت کو دیں۔ جو تین دن اس میں سے پیا اس کے سب پیچیدگیاں دور ہو جائیں تو وہ
وضع حمل سے بہت جلد خلاصی پاوے گی باذن اللہ تعالیٰ یہ عمل بہت مجرب ہے اور حضرت
سعد بن کی روایت کی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور قصّہ کو حدیث کے سے عمر
ولادت کے لیے کہ یہ اسما ردیہ جدید یعنی کاسہ نو میں لکھے جاویں اور اس کو پینے کو
حاملہ کو پلا دیویں تو وہ بہت جلد جنے گی وہ وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
بسم اللّٰه الذی لا یضرّ مع اسمه شیءٌ فی الْاَرْضِ ولا فی السَّماءِ وهو
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ تا الْعَظِیْمُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَا
لَمِیْنَ تا آخر سورہ قل ہو اللہ احد اور معوذتین لکھ کر یہ آیت لکھے۔[2] کَاَنَّهُمْ یَوْمَ
یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ اور یہ خاتم بھی لکھے۔

د	ط	ب
ج	ه	ز
ح	ا	و

اور بعض فوائد مجربہ صحیحہ سے واسطے زمین دشوار زا کے یہ ہے کہ ان کلمات کو
بصورت مرقوم لذیل ایک ورق میں لکھ کر اس عورت کے گلے میں ڈال دیویں تو بہت

---

[1] اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں وہ چیزیں جو باعث شفاء رحمت ہیں مومنوں کے
ہے۔۱۲

[2] اصل میں مطبوعہ میں سہو ہے یہ نہیں ہے اس میں صرف طریقہ لکھنے نقش کا بیان ہے۔۱۲
یہ جنھوں نے ... جس روز دیکھیں گے اس امر کو جس کے وعدے دیے گئے تھے تو معلوم
ہوں گے ... نہیں ٹھہرے تھے مگر ایک ساعت دن سے۔۱۲

جلد اس کا وضع حمل ہو گا اور وہ یہ ہے۔



برائے آسانی وضع حمل

فائدہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت بیان کی کہ عیسیٰ بن مریم و یحییٰ بن زکریا
صلوات اللہ وسلامہ علیٰ نبینا وعلیہما ایک صحرا میں جاتے تھے ناگاہ دونوں نے ایک جانور
صحرائی کو جننے کی حالت میں بدروزہ گرفتار دیکھا یہ دیکھ کر جناب عیسیٰ نے جناب یحییٰ
سے کہا کہ یہ کلمات پڑھو[1] حَنَّةُ وَلَدَتْ مَرْيَمَ وَ مَرْيَمُ وَلَدَتْ عِيْسٰى اُخْرُجْ
اَيُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَةِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ۔ جب یہ کلمات حضرت یحییٰ نے ارشاد
فرمائے تو اس وحشی جانور کے بسہولت بچہ پیدا ہو گیا حماد ابن زیدؒ کہتے ہیں کہ ایسا نہیں
ہے کہ کوئی عورت دردزہ میں مبتلا ہو اور یہ کلمات اس کے نزدیک پڑھے جاویں مگر یہ کہ
بہت جلد اس کا وضع حمل ہو یہاں تک کہ جس بکری پر جننا دشوار ہو اور اس کے پاس یہ
کلمات پڑھے جاویں تو وہ بھی جن پڑے۔ اور یونس بن عبید سے منقول ہے کہ جب
کوئی شخص نزدیک زن حاملہ کے قریب الوضع کے یا پاس کسی بہیمہ چوپایہ جو قریب جننے
کے ہو۔ یہ دعا پڑھے تو حق تعالیٰ ان دونوں پر وضع حمل کو آسان کرے گا وہ دعا یہ ہے

---

[1] یہ کلمات انسان ہیں یعنی حنہ نے جنا مریم کو اور مریم نے جنا عیسیٰ کو اے مولود نکل سبب
قدرت حق تعالیٰ سے ۱۲۔ [2] اے میرے پروردگار تو میرا کارساز ہے وقت میری سختی کے اور تو میرا
معین ہے وقت شدت کے اور تو میرا صاحب ہے وقت امتحان

اَللّٰهُمَّ اَنتَ عُدَّتِي عِندَ كُربَتِي وَ اَنتَ عُمدَتِي عِندَ شِدَّتِي وَ اَنتَ صَاحِبِي
عِندَ بَيتِي وَ اَنتَ مُنقِذِي عِندَ وَ خَمسِي وَ اَنتَ وَلِيُّ نِعمَتِي عِندَ فَرَحِي اور
علامہ زیادی نے لکھا ہے کہ بہتر یہ ہے کہ نزدیک زن حاملہ کے جو قریب الوضع ہو یہ
آیت پڑھیں آیہ سخرہ یعنی اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي الآیۃ اور سورۃ اخلاص اور معوذ
تین اور سورۃ فاتحہ اور کثرت دعائے کرب کی کریں وہ یہ ہے۔ لا الٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ
الْحَلِيمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبُّ
الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ۔ بچہ آسانی پیدا ہوگی اور بعض فوائد سے یہ ہے کہ
آسانی ولادت کے لئے سورۃ الانشقاق لکھ کر اس عورت کے گلے میں لٹکا دیویں تو اسی
وقت اس کا وضع حمل ہو جاوے گا باذن اللہ تعالیٰ اور اسی طرح واسطے آسانی ولادت
کے اگر اسی عورت کے بال جلا کر اس کا بخور اس کو دیویں تو فوراً فارغ ہو جاوے
اور بعض فوائد سے واسطے شناخت اس امر کے کہ عاقر الحبل یعنی مانع حمل جانب مرد سے
ہے یا عورت سے تو ایک تاجن احمر سے بلا لیں یعنی تانبہ [2] سرخ آب نارسیدہ لیویں
اور اس کو پہلو میں رکھ کر اپنی زوجہ سے مشغول بصحبت ہو اور جب قریب انزال کے ہو تو
فوراً ذکر باہر کر کے تابۂ مذکور میں انزال کرے یعنی منی گرا دے اور معائنہ کرے کہ اگر
منی اس ظرف میں فرو نشین ہو گئی تو معلوم کرے کہ عاقر یعنی کوتاہی عورت کی جانب سے
ہے اور اگر فرو نہ ہو تو عقر مرد کی جانب سے ہے اور بعض فوائد میں سے واسطے شناخت
حمل کے کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں یہ ہے کہ اس عورت کے لئے یہ نقوش لکھے جاویں

[1] تمام آیہ بعد الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استویٰ علی العرش یغشی الیل النہار
یطلبہ حثیثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العالمین ۱۲۔ [2]
نہیں ہے کوئی لائق الوہیت سوائے اللہ عظیم الشان اور بردبار کے نہیں ہے۔ کوئی لائق الوہیت
کے سوائے خداوند عرش عظیم کے نہیں ہے کوئی لائق الوہیت سوائے اللہ کے جو پروردگار آسمانوں
اور زمینوں کا ہے اور پروردگار عرش کریم کا ہے۔ ۱۲

اور اس کے گلے میں یا بازو پر باندھیں اگر وہ حاملہ ہوگی تو اس کو اسی وقت پیشاب کی
حاجت ہوگی وہ نقوش یہ ہیں۔



اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جیسا کتاب حیاۃ الحیوان میں لکھا ہے اگر تیرا ارادہ اس امر کی شناخت کا ہے کہ عورت حاملہ پسر کی ہے یا حامل دختر کی ہے تو ایک قملہ یعنی جوں یا چیچڑی کف دست میں رکھ کر اس پر دودھ اس عورت کا ڈالیں اگر وہ قملہ اس دودھ سے نکل جاوے تو معلوم کر کہ اس کو حمل دختر کا ہے اور اگر وہ دودھ میں سے نہ نکل سکے تو جاننا چاہئے کہ حمل پسر کا ہے اور اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو جاوے تو جوں سوراخ ذکر میں رکھ دی جاوے فوراً پیشاب اتر آئے گا۔

برائے حبس بول

اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے گرانے مشیمہ یعنی پردہ جھلی کے جس میں بچہ رہتا ہے اور وہ بعد ولادت طفل کے ہنوز نہیں نکلی ہے تو ایک کپڑے میں چیت پر کلمات مذکور الذیل لکھ کر عورت کے شکم پر باندھ دیویں۔ [1] دَخَلَ جِبرَئِیلُ وَ مِیکَائِیلُ وَ

[1] یہ افسون میں داخل ہوئے جبرائیل اور میکائیل اور اسرفیل اے پروردگار خداوند موسیٰ و

سر قل لنبیہ رب موسیٰ و عیسیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم برلی ابہ لمسمۃ ص ۵۵

برائے اخراج مشیمہ

در فوائد سے یہ ہے کہ اگر تو چاہتا ہے کہ رحم تیری بیبی کا بہ نہ جائے تو اس حمل میں اگر تیسرا مہینہ تمام ہو گیا تو تیسرے مہینے سے شروع تک عورت کی ناف پر ہاتھ رکھے اور وہ چت لیٹی ہو چنانچہ ناف پر ہاتھ پھیرتا ہو یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔ اللھم ان تحت حففت حقہ فی بطن ھذہ المرأۃ فکونہ ذکرا واسمیہ احمد او محمدا بحق محمد حبیبک و نبیک و رسولک صلی اللہ علیہ وسلم فانک تعلمہ ولا نعلم وانت علام الغیوب رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین۔ اور بعض فوائد سے یہ ہے کہ مسلخ یعنی پوست مار جس کو کچلی کہتے ہیں اگر اس کو جلا کر جس عورت کے شکم میں بچہ مر گیا ہو اس کو اس سے بخور دے تو بچہ مردہ پیٹ سے نکل پڑے عمل مجرب ہے اور صحیح ہے اور کتاب القصد میں میں نے دیکھا ہے کہ حبہ خروع یعنی ایک دانہ بیدانجیر کا کوئی عورت نگل جائے تو ایک سال کامل اس کو حمل نہ رہے گا اور دو دانہ نگل لیوے تو دو سال تک اسی طرح ہر سال کے لیے ایک ایک دانہ کافی ہے کہ حمل سے اس کو فراغت رہے گی۔

برائے زن بازرہ

در بعض فوائد سے زن بازرہ و دختر بازرہ یعنی جو عورت یا لڑکی نکاح رکتا ہو وہ عاق ہو تو ان اسماء کو جن کا ذکر کیا جاتا ہے لکھیں اور جہان کے زکا بخور دیں یعنی دھونی دے کر عورت کے باندھ

عیسیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے مشیمہ بچہ دان سے نکل آ ترجمہ ۲۱ اے پروردگار اگر تو نے اس عورت کے شکم میں اپنی کسی مخلوق کو خلق کیا ہے تو اس کو ولد نرینہ کر دے اور میں اس کا نام احمد یا محمد رکھوں بطفیل حضرت محمد کے جو تیرے حبیب اور نبی اور رسول ہیں تو جانتا ہے میں نہیں جانتا اور تو غیب سے واقف ہے اے میرے پروردگار تو مجھے تنہا لاوارث نہ رکھ تو بہتر ہے وارثین میں سے ۲۱ بخور یعنی دھونی اور بخور سے مراد بھپارہ بھی ہے تا دھوئیں [illegible] باعث خروج بچہ مردہ ۱۲ [illegible] ۱۲۵۔

پر باندھ دیویں اور وہ اسماء یہ ہیں تمرش شش بطل ماش یرش مروش بوش بوش نواش سراش[1] انحلت عقدۃ فلانۃ بنت فلانۃ و رغب فی خطبتھا کل من لامہ بحق ھذہ الاسماء العظیمۃ و بالف الف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور بعض فوائد سے یہ بھی ہے کہ یہ اسماء لکھ کر اس عورت کے بازو میں باندھ دیویں اور وہ اسماء یہ ہیں احوش مروش کلموش اور بعض فوائد میں اس کے واسطے دختر بازرہ کے یہ ہے کہ ایک پارہ حریر سرخ پر باقی دو اسماء لکھیں اور اس پر یہ آیت اور دعا لکھیں واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا و علی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق لیشہدوا منافع لھم اللھم ابعث بغلام صالح لخطبۃ فلانۃ بنت فلانۃ بحق کلامک القدیم و رسولک الکریم و بالف الف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد و علی الہ و صحبہ وسلم اور اس کو بطریق تعویذ اس عورت کے گلے میں ڈال دیویں تو وہ شوہر کرے یعنی نکاح کرنے پر راضی ہو گی۔ باذن اللہ تعالیٰ اور بعض انہیں فوائد میں سے واسطے زن بازرہ و دختر بازرہ کے یہ بھی ہے کہ یہ چیزیں جن کا ذکر کیا جاتا ہے ایک پارچہ کاغذ میں لکھ کر اس عورت کے گلے میں لٹکا دیویں اور وہ یہ ہے کہ پہلے بسم اللہ دس بار لکھے پھر دس واو تین میم اور تین لام خاتم سلیمان اور یہ آیہ واذن فی الناس تا منافع لھم اللھم ابعث بغلا صالحا یاتی فلانۃ بنت فلانۃ بحق ھذہ الاسماء و صلی

[1] یہ کلمات افسوں اور اسماء موکلین ہیں اور ہر موکل نام دو مرتبہ لکھا جاوے ۱۲ ۲ کھل جاوے گی گرہ فلاں عورت دختر فلاں عورت کی یعنی اس عورت اور اس ماں کا نام لے کر بحق ان ناموں کے و بحق لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۱۲ ۳ ترجمہ آیہ بانگ یا ڈیک رجالا وعلی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق لیشہدوا منافع لھم یعنی ندا دے لوگوں کو واسطے حج کے کہ آویں لوگ تیرے پاس پاپیادہ اور جو ناقوں پر سوار ہوں گے وہ آویں گے پہاڑوں کے گہرے دروں سے وہ سب حاضر ہوں واسطے اپنے منافع کے اے اللہ فلانہ بنت فلانہ کے لئے نیک بر بھیج بتصدیق اپنے کلام قدیم اور رسول کریم کے و برکت لا حول ولا قوۃ الا باللہ کے

اللہ علی سیدنا و محمد و علی آلہ و صحبہ وسلم اور بعض فوائد میں سے واسطے دختر معسرہ کے جو کار نکاح سے بے رغبت ہو ... مسجد معمور یعنی آبادان کے گرد سے چھوٹے چھوٹے سات قرص یعنی ٹکیاں بناویں اور ہر ایک قرص پر یہ آیت لکھیں۔ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّأْتِيْنَ تین مرتبہ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ

برائے دختر معسرہ

اور ہر ایک جمعہ کو وہ زن ایک قرص کو پانی میں ڈال کر غسل کرے اور اس پانی کو راہ جادہ پر بہادیویں (جادہ وہ گزرگاہ ہے جو صحرا میں راستہ باریک ہوتا ہے جس کو پگڈنڈی کہتے ہیں) چنانچہ اسی طرح سات جمعہ تک کریں یہاں تک کہ وہ ساتوں قرص تمام ہوجاویں تو وہ دختر نکاح کرنے پر راضی ہوجاوے گی ان شاء اللہ تعالیٰ اور بعض ان ہی فوائد میں سے واسطے ترویج سلعہ یعنی مال تجارت کی نکاسی کے یہ ہے کہ ایک پرچہ کاغذ پر پچیس واؤ لکھیں اور یہ آیت بھی لکھیں۔ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ تا عَمِيْقٍ اور اس پرچہ کو باطن سعد میں رکھ دیویں تو اسباب بہت جلد فروخت ہوجائے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ

از برائے عود و بکر زن کشادہ کے

اور بعض فوائد نافعہ سے بارہ ہوجانے عورت ثیبہ کے یہ ہے کہ استخوان ماکیان لے کر جلا کر اس کو خوب باریک پیس ڈلیں اور آب خس سبز تازہ (خس جو معروف ہے اور آب کرم اخضر یعنی درخت انگور مراد اس سے برگ انگور ہے) چنانچہ دونوں عرق ملا کر جلا کر اس کو خوب باریک پیس ڈلیں اور آب خس سبز تازہ (خس جو معروف ہے اور

(حاشیہ بقیہ صفحہ 333) ؎ از برائے تعین شوہر صالح کے کہ وہ آوے واسطے فلانی دختر فلاں زن کے یعنی بجائے فلاں فلاں کے نام دختر کا اور اس کی ماں کا لیوے بحق ان اسماء کے وصلی اللہ علی حبیبہ و آلہ وسلم ۱۲۔

آب کرم اخضر یعنی درخت انگور مراد اس سے برگ انگور ہے) چنانچہ دونوں عرق ملا کر صوف کے ساتھ حمول کریں تو زن کشادہ از سرنو باکرہ ہوجاوے گی اور بعض فوائد نافعہ سے یہ ہے واسطے اس بکر کے یعنی باکرہ کے جس کی بکارت کا ازالہ ہوا ہو یعنی بعد ازالہ بکارت کے پھر بکر ہونا حب الآس یعنی مورد ایک حصہ اور عفص یعنی مازو ایک حصہ اور شنگرف ایک حصہ یہ سب مساوی الوزن لے کر خوب باریک پیس کر ملاویں اور وہ بکر جس کا ازالہ بکارت ہوا ہے اس دوا کو اندر فرج کے مل دیوے اور تھوڑی دیر ران پر ران رکھ کر ملا دیوے اور دبائے رکھے اور شوہر بقدر ایک ساعت یعنی گھنٹہ توقف کرے بعد ازاں صحبت کرے تو اس کو اسی طرح بکر پاوے گا جیسی وہ اول میں تھی کیا اس سے خون نکلے گا اور یہی دوا واسطے زن کشادہ کے نافع و مجرب ہے اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے حمل کے یہ ہے کہ زن طالب حمل برکت خدا سے قصبۂ رجل جمل یعنی نلی پائے شتر لے کر اس کا دہن نکال لیوے و مراد دہن سے چربی یا مغز ہے اور دہن مرغابی اور قرنفل یعنی لونگ و زعفران ان سب کو باہم خوب حل کرے اور غسل نحل یعنی حیض سے پاک ہوکر حمول کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو حمل رہ جاوے گا یہ عمل مجرب ہے و صحیح ہے اور اسی قسم سے یہ بھی عرق حلاوہ یعنی ریشہ بیخ حلاوہ جو ایک گیاہ ہے لے کر اس کو کوٹ کر قلعی دار برتن میں رکھیں اور اس پر قدرے آب خالص چھڑک دیویں اور اس کو آگ پر رکھیں یہاں تک کہ وہ پانی جذب و خشک ہوکر قطرات روغن خوشبو و خالص نکلنے لگیں اس قدر کہ وہ گیاہ خشک ہوجاوے چنانچہ زن طالب حمل قدرے اس روغن سے لے کر قدرے صوف مخلوط کرکے اور اس کو لپیٹ کر بعد پاک ہونے حیض کے حمول کرے تو وہ بروقت مباشرت کے حاملہ ہوجاوے گی اور یہ مجرب و محقق شدہ اس شخص سے ہے جس سے میں نے نقل کی ہے اور اسی طرح فائدہ حلبہ یعنی میتھی کا ہے کہ جب عورت بعد طہر کے اس کے روغن سے صوف آلودہ کرکے حمول کرے تو حاملہ ہوجاوے گی اگر عاقر یعنی بانجھ ہو اور اسی طرح جب کسی عورت کو شیر اسپ مادہ پلا دیویں اور اس کو معلوم نہ ہو بعد ازاں

سن سے شوہر اس کا صحبت کرے تو اس کو حس رہ جاوے گا ''

برائے درازی ذکر

صفت اس دوائی جو واسطے درازی وگندگی ذکر کے نافع ہے وہ یہ ہے کہ کبریت اصفر ہی گوگرد زرد جس کو ہندی میں گندھک کہتے ہیں اور فلفل یعنی پیپل دونوں حصہ برابر کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر مالش ذکر پر کریں اور ایک ساعت یعنی گھنٹہ بھر توقف کر کے آب گرم سے دھو ڈالیں تو وہ دوا بنا بردراری وگندگی ذکر کے بدرہا آزمائی گئی ہے۔ اس میں شبہ کچھ نہیں خاصیت دوسری دوائی واسطے درازی ذکر کے یہ ہے کہ لب قطعس یعنی مغز پنبہ دانہ پیس کر اور چھان کر شیر خام تازہ دوشیدہ ملا کر قبل از جماع مالش ذکر پر کریں تو عظم کے لئے بہت مفید ہے اور جو کوئی اس دوا کی مداومت کرے تو نصیب اس کا بہت دراز وگندہ ہو مجربات صحیحہ میں سے ہے۔

برائے قوت جماع

فائدہ برائے قوت جماع یہ ہے کہ برگ نعناع خصر یعنی پودینہ سبز تازہ شکر کے ساتھ پیس کر چند بار[1] علی الصبح استعمال کریں کہ اس سے بہت قوت حاصل ہوگی اور امتحانات صحیحہ سے ہے۔

باب تیسواں بیان میں ان فوائد نافعہ

کے جو واسطے تمام امراض بدنی کے مفید ہیں

بعض فوائد نافعہ سے وہ ہے جو ہمارے سید خواجہ محمد مرجانی سے مذکور ہے کہ وہ اکثر مداومت ومعالجات ان کے ساتھ نشرہ یعنی دعوات وتعویذات کے ہوتے تھے اور وہ اسی کا استعمال برائے ذات خاص اور اپنی اولاد اور اپنے اصحاب کے لئے کیا کرتے

[1] لفظ استعمال دال ہے ورخورش ومالش کے بھی مگر سابق کے بیان سے معلوم ہوا ہے چنانچہ دونوں طور سے خوب ہے یعنی ملیں بھی اور کھائیں بھی ۱۲۔

تھے اور اس میں صحت شفا پاتے تھے اور انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے خواب میں یہ چیز مجھے عطا کی ہے وہ یہ ہے۔ لقد جاءکم رسول تا آخر سورہ اور سورہ اخلاص یعنی قل ہو اللہ احد اور معوذتین قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق اور سورہ فاتحہ[1] وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ الآیۃ لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ تا آخر سورہ وبعد ازاں یہ کلمات لکھے جاویں۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيْ وَ اَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَ اَنْتَ الْبَارِئُ وَ اَنْتَ الْمُقَدِّرُ وَ اَنْتَ الْكَافِيْ وَاَنْتَ الْمُمْرِضُ وَ اَنْتَ الشَّافِيْ وَ اَنْتَ الْمُسْتَقِيْمُ وَ اَنْتَ الْمُعَافِيْ وَ اَنْتَ الْمُبْلِيْ وَ اَنْتَ الْوَاقِيْ وَ اَنْتَ الْمُؤْلِمُ وَ اَنْتَ الرَّاقِيْ خَلَقْتَنَا مِنْ سُلَالَةٍ مِّنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ وَجَعَلْتَنَا فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ فَاَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَذِكْرِكَ الْاَسْنٰى وَ صِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَاءُ وَالرُّقْيَا وَالْمَمَاتُ وَ الْمَحْيَا وَالْعَافِيَةُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ وَالْوَفَاءُ وَمَالِكُ جَمِيْعِ الْاَشْيَاءِ وَ خَالِقُهَا وَ بَارِئُ جَمِيْعِ الْاَحْيَاءِ وَ رَازِقُهَا وَ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غُفْرَانِهٖ وَ بِحَقِّ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَكَرَامَاتِهٖ وَرِفْعَتِهٖ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاٰيَاتِهٖ وَبِحَقِّ رُوْحِكَ

[1] تمت آیہ بعد القرآن ماہو شفاء ورحمۃ للمومنین یعنی ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں جو موجب شفاء ورحمت ہیں ۱۲ یعنی تا آخر سورہ حشر کہ چار آیتیں ہیں ۱۲۔ اے میرے پروردگار تو ہی زندگی بخشنے والا اور تو ہی موت کا دینے والا ہے اور تو ہی پیدا کرنے والا اور تو ہی اندازہ کرنے والا اور تو ہی کفایت کرنے والا اور تو ہی بیمار ڈالنے والا اور تو ہی شفا دینے والا اور تو ہی مریض بنانے والا تو ہی گلنے والا اور تو ہی محافظ تو ہی تکلیف سے بچانے والا پیدا کیا تو نے ہم کو ذلیل پانی سے اور مکین کیا ہم کو معین جگہ میں مدت معلومہ تک اے باری تعالیٰ سوال کرتا ہوں میں بوسیلہ تیرے اسماء حسنیٰ کے اور ذکر ارفع اور صفات علیا کے اے وہ ذات جس کے قبضہ میں مبتلا کرنا اور اس کا اتارنا ہے اور موت اور حیات ہے اور عافیت اور شفا ہے اور دوا اور وفا ہے اور مالک تمام اشیاء کا اور خالق اور کون جمیع حیات کا اور رزق دینے والا

عِیسٰی عَلَیهِ السَّلَامُ وَرَفعَتِهٖ و بِحقِّ صَفِیِّکَ نُوحٍ عَلَیهِ السَّلَام و دَعوَتِهٖ وما تفاضلَ بَینَهُم مِن الاَنبِیَآءِ والمُرسَلِینَ اشفِنا بِشِفائِکَ و داوِنا بِدَوائِکَ وعافِنا بِمُعافاتِکَ لا اِلٰهَ غَیرُکَ ولا رَبَّ لنا سِوٰکَ ولا نَعبُدُ اِلَّا اِیَّاکَ

برائے صحت ہر مرض

۔ چیزوں کو کسی ظرف طاہر میں زعفران سے لکھیں اور پانی یا عرق گلاب سے دھو کر نہار منہ پی لیویں و بعد ازاں ہاتھ کو اس تری سے جو ظرف میں باقی رہی ہو تر کر کے بدن میں جہاں تک ہاتھ پہنچے اور ممکن ہو مسح اور دستمال کریں تو مریض کو صحت ہوگی باذن اللہ۔

برائے صحت جمیع امراض

اور بعض فوائد نافعہ سے یہ حرز بھی واسطے تمام امراض کے نافع ہے اور جملہ سحر و نظر جن وانس وغیرہ و گزند آسیب کے لئے نافع ہے کہ سات پتی بیری کی لے کر پیس لیں اور پیتے وقت سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ پھر وہ پتی پانی میں ڈال دیں اور اس آب ظرف کو ہاتھ سے جنبش دیتے رہیں اور معوذ تین سات سات مرتبہ پڑھیں۔ بعد ازاں اس میں اس قدر پانی اضافہ کریں جس سے تمام بدن تر ہو جاوے یہاں تک کہ اس پانی سے مریض غسل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو شفا ہوگی اور بعض فوائد میں سے برائے شفاء جمیع امراض سے یہ ہے کہ جو مروی ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ جو

ان کا اور سوال کرتا ہوں میں بتصدق تیرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور معجزات کے اور بتصدق تیرے خلیل ابراہیم اور کرامات ان کی کے اور بوسیلہ تیرے کلیم موسیٰ اور آیات ان کی کے اور بتصدق تیرے روح عیسیٰ علیہ السلام اور رفعت ان کی کے اور بہ تصدق تیرے صفی نوح اور دعا ان کی کے اور بہ بتصدق جمیع انبیاء مرسلین علیہم السلام کے اپنی شفاء سے شفا دے اور اپنی دوا سے دوا دے اور اپنی عفو سے معافی دے تیرے سوا کوئی خدا نہیں ہے اور نہ تیرے سوا کوئی ہمارا رب ہے ہم نہیں عبادت کرتے سوا تیرے ۱۲۔

کوئی آب باراں لے کر اور اس پر ستر بار سورۃ فاتحہ اور ستر بار آیۃ الکرسی اور ستر بار سورہ اخلاص اور ستر بار معوذ تین پڑھے قسم ہے اس خداوند کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے ہر آئینہ جبرئیل میرے پاس آئے اور مجھے خبر دی اس بات سے کہ جو مریض اس پانی کو سات روز پیہم صبح کو نہار منہ پیا کرے تو حق سبحانہ تعالیٰ اس شخص سے جتنے آزار اس کے بدن میں ہوں گے وہ سب دور کرے گا اور اس کو تندرستی دے گا اور ساری بیماریوں کو اس کی رگوں اور گوشت اور استخوان اور اس کے تمام اعضا سے نکالے گا اور بعض عارفین نے ذکر کیا ہے کہ آخر سورہ حشر[1] دوا ہے واسطے ہر آزار کے سوائے موت کے اور میں نے بعض عارفین کو دیکھا کہ وہ اسی سے ہر درد کا علاج کرتے تھے چنانچہ جس کسی شخص کو کوئی مرض عارض ہو تو ان چیزوں کو لکھے اور جس مریض کی گردن میں ڈال دے تو وہ صحت پائے گا اور تا بہ مرگ تندرست رہے گا اور وہ چیزیں جو اس کے لئے لکھی جاویں یہ ہیں ام القرآن یعنی سورہ فاتحہ و چہار آیہ آخر سورہ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ تا آخر سورہ اور سورہ قل ہو اللہ احد تمام سورہ تین مرتبہ اور معوذ تین تین تین بار اور یہ دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاسَ وَاشْفِ حَامِلَ کِتَابِیْ هٰذَا اَنْتَ الشَّافِیْ وَ عَافٍ فَاَنْتَ الْمُعَافِیْ فَاِنَّهٗ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُکَ لَا یُغَادِرُ سُقْمًا وَلَا اَلَمًا بِحَوْلِکَ وَ قُوَّتِکَ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا

---

[1] یعنی لو انزلنا سے آخر سورۂ حشر تک ۱۲۔ [2] یعنی پروردگار آدمیاں اس آزار کو لے جا یعنی دور کر اور شفا دے اس شخص کو جو حامل ہے میری اس کتاب کا یعنی جس کے پاس یہ تعویذ ہے کہ تو ہی شفا دینے والا ہے اور عافیت بخشنے والا ہے یعنی شفا دینے والا بیماریوں سے ہے تیری شفا کے سوا کوئی اور کسی کی شفا نہیں ہے اور تیری وہ شفا ہے کہ کسی بیماری اور کسی الم اور غم کو نہیں چھوڑتی ہے بسبب تیری قوت کے اے لطیف اے خبیر ۱۲۔ [3] تو ہی ہر شے پر قادر ہے اور مالک ہے ۱۲۔

برائے دفع تمام کربت

فائدہ برائے دفع تمام کرب و اندوہناک کے کہ جو مذکور ہے شیخ علی اغوری سے اور وہ یہ ہے کہ سوا روٹیاں پکاویں اور ان پر سورۂ فیل اور سورۂ قریش گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھی جاوے و بعد ازاں ہر روٹی کے چار چار حصے کریں یعنی ٹکڑے کیے جاویں اور ہر ایک ٹکڑے پر تین تین قل ایک ایک مرتبہ پڑھے جاویں بعد ازاں وہ سب ٹکڑے جمع کیے جاویں اور ان پر بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ سو مرتبہ پڑھیں و بعد ازاں ان سب کو اسی مقام میں یعنی دوسری جانب اٹھا دیں چار ڈھیریاں جدا جدا کریں اور ہر طرف میں یعنی ہر ڈھیری میں چار چار روٹیوں کے ٹکڑے ہوں اور ہر ڈھیری پر یک یک فقیر خواہ ایک سگ مقرر ہے تنہا ان دونوں میں سے کوئی ایک ایک ہو خواہ فقیر ہو خواہ سگ تنہا ہو بعد ازاں ان سب ڈھیریوں پر سورۂ فاتحہ پڑھی جاوے اور یہ طریق عمل واسطے اصحاب طریق کے ہے یعنی برائے مسافر ہے جو سفر میں مبتلا کرے کرب ہے اور جب کہ یہ عمل برائے مریض عمل میں آوے تو روٹیوں کو مسلم قبل ٹکڑے کرنے کے مریض کے بدن سے گردا گرد چسپاں کر دیں یعنی مس کر لیں اور فقیر کو دیویں یہ عمل بہت مجرب اور صحیح ہے۔

فائدہ: جو کوئی ان اسماء مذکور الذیل کو لکھ کر اور دھو کر پی لیوے وہ کبھی معصیت خدا کا مرتکب نہ کرے گا اور ان اسماء کو لکھ کر ان سے حمایت و اعانت چاہے گا تو ذکر اس کا درمیان مردم سے پژمردہ نہ ہوگا اور وہ اسماء یہ ہیں عبداللہ عروہؓ، قاسمؓ، سعیدؓ، ابوبکرؓ، سلیمانؓ، خارجہؓ، عثمانؓ بن عفان تمیم الدارئؓ، عبدالرحمن بن عوفؓ، ابی بن کعبؓ، زید بن ثابتؓ، معاذ بن جبلؓ۔

فائدہ. برائے ہر قسم کے مرض کے کہ وہ کسی طرح کا ہو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

---

۱ یعنی قل ہو اللہ احد و قل اعوذ برب الناس و قل اعوذ برب الفلق ۱۲ ۲ کافی و بس ہے ہم کو اللہ کہ وہ اچھا مددگار ہے ۱۲۔

آلہ وسلم نے جو شخص مریض ہو تو آب طاہر پر سورۂ فاتحہ پڑھی جاوے اور آیۃ الکرسی اور معوذتین اور یہ سب اکہتر بار پڑھی جاوے اور وہ پانی مریض کو تین روز ہمیم نہار منہ پلایا جاوے تو حق تعالیٰ ہر بلا سے عافیت میں رکھے گا و نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ ام القرآن یعنی سورۂ فاتحہ واسطے ہر آزار کے شفا ہے۔ و تحقیق کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آخر سورۂ حشر کا پڑھا اور دست مبارک اپنا سر اقدس پر رکھا تھا اور فرمایا ہر آئینہ یہ آیات شفا ہیں اور برائے ہر آزار سوائے موت کے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جو شخص اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھ کر یہ آیات پڑھے هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ تا آخر سورہ تو اس کے لئے برائے ہر آزار شفا ہے سوائے موت کے۔

باب اکتیسواں بیان میں ان فوائد کے جو متعلق ہیں ساتھ حل مربوط عورتوں کے یعنی گرہ کشائی ان لوگوں کی جو سحر سے بہ نسبت کسی عورت کے بستہ ہیں اور اس سے باز ماندہ ہیں کہ اس پر قادر نہیں ہو سکتے

بعض ان فوائد سے جو برائے حل مربوط یعنی واسطے گرہ کشائی مردم بستہ سحر کے نافع ہے حل عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا ہے (حل یعنی حرز عقدہ کشا) چنانچہ عبداللہ نے کہا کہ اس حل میں سے میں نے جس کو کھولا وہ کھل گیا۔ باذن اللہ تعالیٰ اور حل یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ

---

۱ یعنی میں نے کھول دیا کہ ذکر فلاں شخص کا جو پسر فلاں عورت کا ہے بستگی اندام نہاں عورت سے فلاں عورت دختر فلاں کی اور بجائے فلاں او فلاں کے نام مرد و زن اور نام دونوں کی ماں کا لیویں پس میں نے کھولا اس کے قضیب کو اس کی شرمگاہ سے اس ہر ایک عقدے یعنی افسون سے جو کسی پارچہ حریر میں لگائی گئی ہو یا کنویں میں یا تنور میں یا نہر یا قبور میں یا آباد گھر یا غیر آباد میں

وسورہ خلاص اور معوذ تین ہر یک تین تین بار لکھی جاوے اور یہ کلمات لکھے جاویں۔
حَلَلْتُ ذکر فُلاں بن فُلانۃ عن فرجِ فُلانۃ من کُلِ عُقْدَۃٍ فِی خُبزٍ اَوْ بِئرٍ اَوْ نُورٍ اَوْ سقفہٖ و قُبُورٍ اَوْ بَیْتٍ مَعْمُورٍ اَوْ مَهْجُورٍ اَوْ سَقْفٍ مَرْفُوعٍ اَوْ بَحْرٍ مَسْحُورٍ وَکِتَابٍ مَسْطُورٍ اَوْ رَصَاصٍ اَوْ نُحَاسٍ اَوْ قُمَاشٍ اَوْ جَیْبٍ اَوْ حَجَرٍ اَوْ شَقٍّ اَوْ مَسْجِدٍ اَوْ بِیعَۃٍ اَوْ عَجِیْنٍ اَوْ سِکَّۃٍ اَوْ طَرِیْقٍ اَوْ فَلا اَوْ جَبَلٍ اَوْ غَارٍ اَوْ کَهْفٍ اَوْ غَیْطٍ اَوْ خَیْطٍ اَوْ قِرْطَاسٍ اَوْ شَجَرٍ اَوْ بَذْرٍ اَوْ رَمْلٍ اَوْ وِسَادَۃٍ اَوْ قَلَنْسُوَۃٍ اَوْ غَیْرِ ذٰلِکَ فَقَدْ حَلَلْتُ ذکرَ فُلاں بن فُلانۃ من کُلِّ عُقْدَۃٍ فِی جَمِیْعِ مَا ذُکِرَ وَغَیْرِہٖ بِقُدْرَۃِ مَنْ اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِی بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ کَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِیْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ۔ یہ سب چیزیں لکھ کر اس شخص کی ران راست میں باندھ دیویں اور اسی شخص کے لئے یہ اسماء بھی کسی ظرف میں لکھیں المص ا رکہیعص حمعسق یس ق ن اور اس پر کوئی چیز شہد یا قدرے روغن زیت ڈال کر اور عرق گلاب سے دھو کر زن وشوہر کو پلا دیویں اور بعض انہیں فوائد میں سے یہ ہے کہ یہ خاتم ایک پرچہ کاغذ میں لکھ کر اپنے کف دست راست پر رکھے اور وقت مباشرت کے اس سے اپنے ذکر کو تھامے تو بہت نفع

یا بلند چھت میں یا دریا میں یا کسی کتاب میں یا سیسے میں یا تانبے میں یا سامان میں یا جیب میں یا پتھر میں یا دراز میں یا مسجد میں یا دیر میں یا گلی میں یا کوچہ میں یا غار میں یا کھوہ میں یا تاگے میں یا کاغذ میں یا درخت میں ڈھیلے میں یا بادوں میں یا تکیے میں یا ٹوپی میں یا سوائے اس کے ۱۲ ایا میں نے کھول دیا ذکر فلاں بن فلانہ کا قدرت سے اس ذات کی جس کا امر یہ ہے کہ جب کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو کن کہہ دیتا ہے وہ چیز عالم وجود میں آجاتی ہے پاک ہے وہ جس کے قبضہ میں کل کائنات ہے اور اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ خدا تعالیٰ مقدر کر چکا ہے کہ ہم اور ہمارے رسول ہی غالب آئیں گے۔ خدا قوی اور غالب ہے ۱۲۔

ہوگا اور یہ مجرب ہے اور صفت اس خاتم کی یہ ہے۔

۳۷	۴۲	۳۵
۳۶	۳۸	۴۰
ول	ت ل	م ا
۴۱	۳۴	۳۹

اور چیزیں واسطے ابطال وازالہ سحر کے نافع ہیں وہ یہ ہیں کہ آیات مذکور الذیل کو سات انڈوں پر شت پر لکھ سحر زدہ کو کھلا دیں تو سحر باطل و زائل ہو جاوے گا اور اگر مربوط کو کھلا دیں تو وہ گرہ بھی باطل و فاسد ہو جاوے گی۔ چنانچہ ایک بیضہ پر یہ آیت لکھیں: ـ [1]سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ تا عَظِیْمٍ فَوَقَعَ الْحَقُّ [2] تا یَعْمَلُوْنَ اور دوسرے پر یہ آیت لکھیں۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ [3] تا الْمُفْسِدِیْنَ اور تیسرے بیضہ

---

[1] تتمہ آیہ بعد الناس واسترھبوھم وجاؤ بسحر عظیم یعنی انہوں نے لوگوں کی نگاہوں میں سحر کیا یعنی نظر بندی کی اور ان کو خوفناک کیا اور بدانست خود سحر عظیم لائے ۱۲ [2] فوقع الحق وبطل ما کانوا یعملون یعنی ثابت ہوا حق اور باطل ہو گیا عمل ان کا یعنی اعجاز ظاہر ہوا اور سحر ان کا جاتا رہا ۱۲۔

[3] تتمہ آیہ بعد السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین یعنی موسیٰ نے کہا جو کچھ تم لائے ہو وہ سحر ہے ہر آئینہ حق تعالیٰ عنقریب اس کو باطل کرے گا تحقیق کہ اللہ تعالیٰ مفسدوں کا عمل باطل و بیکار کر دیتا ہے ۱۲۔ [4] تتمہ آیہ بعد کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا ففتقنہما یعنی کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ ہر آئینہ زمین و آسمان تھے لغزش و جنبش میں تو ہم نے ان کو مستحکم اور استوار کر دیا ۱۲۔ [5] تتمہ آیہ بعد السماء بماء منہمر وفجرنا الارض عیونا یعنی ہم نے کھول دیے دروازے آسمانوں کے ساتھ آب رواں کے اور جاری کیا ہم نے زمین میں چشموں کو ۱۲۔

پر یہ آیت لکھیں وسیعلم الذین ظلموا تا فتحنا لهما اور چوتھے پر یہ آیہ لکھیں ولا یفلح الساحر و ینصرک الله نصرا عزیزا اور پانچویں بیضہ پر یہ آیہ لکھیں ففتحنا ابواب السماء تا غفورا اور چھٹے بیضہ پر یہ آیہ لکھی جاوے کتب الله لاغلبن تا عزیز اور ساتویں بیضہ پر یہ آیہ لکھیں ومن یتوکل علی الله فهو حسبه ان الله بالغ امره اور ان تیزوں میں سے جو سطے ابطال سحر کے لکھی جاتی ہیں وہ یہ ہیں سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور معوذتین اور آیۃ الکرسی تا خالدون اور یہ کلمات لکھے جاویں وَمَا عَمِلَ لَکَ الْوَاحِدُ یَاحَامِلَ کِتَابِیْ هذا اَبْطَلْتُهٗ عَنْکَ بِالْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَد الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ وَمَا عَمِلَ لَکَ الْاِثْنَانِ اَبْطَلْتُهٗ عَنْکَ بِاثْنَیْنِ اٰدَم وَحَوَّاء وَمَا

ا جو کوئی بھروسہ کرتا ہے حق تعالیٰ پر تو وہ اس کے لیے کافی و بس ہے کہ حق تعالیٰ اپنے امر کو ختم کرنے والا ہے ۱۲ ۔ ۲ یعنی اے حامل اس کتاب کے یعنی رکھنے والے میرے اس تعویذ کے جو کچھ تیرے کسی ایک نے عمل کیا تو میں نے اس کو تجھ سے باطل کیا یعنی دور کیا بتائید خداوند اور دیکتا منفرد کے کہ جس کا کوئی ثانی نہیں ہے اور اگر دو آدمی نے تیرے لئے عمل کیا ہے تو میں نے اس کو بوسیلہ دو کے تجھ سے بیکار کر دیا اور وہ دونوں آدم وحوا علیہما السلام ہیں اور اگر تین شخص نے تیرے لیے کوئی عمل کیا ہو تو میں نے اس کو بیکار کر دیا بوسیلہ جبرائیل و میکائیل و اسرافیل کے اور جو کچھ عمل کیا ہو چار شخصوں نے تو میں نے اس کو بیکار کر دیا بوسیلہ چاروں کتابوں توراۃ وانجیل وزبور اور فرقان عظیم کے اور جو کچھ عمل کیا ہو پانچ شخصوں نے تو میں نے اس کو بیکار کر دیا بواسطہ پنجگانہ نماز کے ۱۲ ۔ ۳ اور جو کچھ عمل کیا ہو چھ شخصوں نے تو میں نے اس کو بیکار کر دیا برکت شش روز کے یعنی وہ چھ دن جن میں حق تعالیٰ نے زمین و آسمان وما فیہا کو خلق کیا اور جو کچھ کیا ہو تیرے لیے سات بیکار کر دیا برکت سبع مثانی (الحمد) اور ہفت آسمان کے اور جو کچھ آٹھ آدمی نے عمل کیا ہو تو میں نے اس کو تجھ سے باطل کر دیا بواسطہ حاملان عرش کے اور جو کچھ عمل کیا ہو تیرے لئے نو آدمیوں نے تو میں نے اس کو تجھ سے باطل کر دیا بواسطہ تسع آیات یعنی نو آیات معجزے جو موسیٰ علیہ السلام نے قوم فرعون پر جاری کئے تھے اور جو کچھ عمل کیا ہو تیرے

عمل لک الثلاثة ابطلته عنک بالثلاث جبرئیل و میکائیل و اسرافیل وما عمل لک الاربعة ابطلته عنک بالاربعة کتب التوراة والانجیل والزبور والفرقان العظیم وما عمل لک الخمسة ابطلته عنک بالخمس صلوات وما عمل لک الستة ابطلته عنک بالستة ایام التی خلق الله فیهن السموات والارض وما عمل لک السبعة ابطلته عنک بسبع المثانی وسبع سموات وما عمل لک الثمانیة ابطلته عنک بالثمانیة الذین یحملون العرش وما عمل لک التسعة ابطلته عنک بتسع ایات التی اتی بها موسٰی فرعون وما عمل لک العشرة ابطلته بالصحابة العشرة الکرام البررة تلک عشرة کاملة + فلما القوا سحروا اعین الناس واسترهبوهم وجاؤ بسحر عظیم + وقدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلناه هباء منثورا بل نقذف بالحق علی الباطل و یحق الله الحق بکلماته ولو کره المجرمون + ا اذا الشمس کورت و اذا الاسحار بطلت و اذا النجوم انکدرت واذا الاسحار بطلت واذا الجبال سیرت و اذا الاسحار بطلت و اذا العشار عطلت واذا الاسحار بطلت واذا الوحوش حشرت و اذا الاسحار

نے دس آدمیوں نے تو میں نے اس کو باطل کر دیا عشرہ مبشرہ یعنی دسوں صحابہ کرام بررہ کے یا کرام کاتبین کے یہ دسوں پورے ہوئے اور جب کہ عمل کیا ساحران فرعون نے روبرو مردم کے اور ڈرایا ان لوگوں کو اپنے سحر سے کہ وہ لوگ بزعم خود سحر عظیمہ لائے تھے اور آگے بڑھے ہم طرف ان کے اعمال کے تو ہم نے ان کو مانند غبار کے پراگندہ پایا بلکہ ہم ڈالتے ہیں حق کو باطل پر تو حق اس باطل کی سرکشی کرتا ہے اور حق تعالیٰ نے اپنے کلمات طیبات سے حق ثابت کرتا ہے اگرچہ مجرموں کو دشوار ہو ۱۲ ۔ ا آیات سورہ کورت میں کلمہ واذا الاسحار بطلت ضم کیا گیا چنانچہ اذا الشمس کورت یعنی جس وقت آفتاب بے نور کسوف گرفتہ ہوگا اور اس وقت جملہ سحر باطل ہوں گے یعنی ان آیات کی تاثیر سے سحر باطل ہوں گے اور تارے تیرہ ہوں گے اور جب سحر باطل ہوں گے اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے اور جس وقت باطل ہوں گے اور جس وقت عشار یعنی ناقہ حاملہ دو ماہہ کا بیکار ہو جاویں گی اور جس وقت سحر باطل ہو جاویں گے اور جس وقت وحوش حشر کیے جاویں گے اور

بطلت و اذا البحار سجرت واذا الاسحار بطلت واذا النفوس زوجت
و اذا الاسحار بطلت واذا الموءدة سئلت واذا الاسحار بطلت فالله
خير حفظا وهو ارحم الرحمين فسيكفيكهم الله وهو السميع العليم و
هو له الحق وله الملك ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم اور بعض فوائد
سے برائے حل معقود بستر سحر کے جو کسی عورت پر باندھا گیا ہو اور اس کی مباشرت سے
باز رکھ گیا ہو خصوصاً جس کے علاج سے اطباء عاجز ہوگئے ہوں وہ یہ ہے کہ چنوں کو لے
کر پانی میں طلوع آفتاب سے طلوع آفتاب روز دیگر تک یعنی یک شبانہ روز آٹھ پہر
بھیگا رکھیں اور ظرف طاہر میں سورہ فاتحہ اور سورۂ قدر پچاس بار لکھ کر اسی کو اسی آب نخود
سے دھو کر اسی افطار کریں یعنی نہار منہ نوش کریں اور یہ عمل تین روز عمل میں لاویں اور ہر
روز اس پانی سے تیسرا حصہ پی لیا کریں تو وہ شخص جو بندھا عورت سے بے کھل جاوے گا
دیگر جو چیز برائے حل سحر زدہ کے و برائے معقود کے جو باز داشتہ عورتوں سے ہیں ان کے
لئے یہ چیزیں لکھی جاویں فاتحہ الکتاب واذا زلزلت وقولہ تعالیٰ: لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ
عَلٰى جَبَلٍ تا آخر سورۂ حشر یہ کلمات لکھے جاویں نَقَضْتُ سِحْرَ كُلِّ سَاحِرٍ وَ

اس وقت سحر باطل ہو جاویں گے اور جب دریا الچے جاویں گے اور جب سحر باطل ہوں گے اور
جب نفوس سرکش دوست یکجا کیے جاویں گے ۱۲۔ اس وقت سحر باطل ہو جاویں گے اور حق
تعالیٰ بہترین حافظ و نگہبان ہے اور وہ رحمن و رحیم ہے اور قریب ہے کہ حق تعالیٰ تیری
کفایت کرے اور وہ بڑا شنوا و دانا ہے اور قوں اس کا ہے حق اور اسی کے لیے بادشاہی ہے
ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۱۲۔ میں نے توڑ دیا جادو ہر جادوگر کا اور کھول دیں گرہیں ہر
گرہ لگانے والوں کی اور بیکار کر دیا مکر ہر مکار کا فلاں پسر فلاں زن سے بتائید اس خداوند
کے جس کے سوا کوئی لائق معبودیت نہیں ہے کہ وہ ہمیشہ زندہ و بذات خود پائندہ ہے اور
برکت اسماء حق تعالیٰ کے زبان یونانی میں جواہیا و اشراہیا ادونائے واصباؤت آل
شدائے ہے اور وہ اللہ رحمن و رحیم ہے۔

انحللت عقدة كل عاقد و كيد كل كائد عن فلان بن فلانة بالله الذي لا اله
الا هو الحي القيوم و باسماء الله تعالى اهيا اشراهيا براهيا ادو ناى
اصباؤت ال شدى الله الرحمن الرحيم فالقى السحرة سجدين قالوا امنا
برب العلمين رب موسى و هارون نقضتك ايها السحر و العقد و الكيد
عن فلان بن فلانة باسماء الله التامة و اياته العظمة انه من سليمن و انه
بسم الله الرحمن الرحيم ان لا تعلوا على و اتوني مسلمين يامعشر الجن
والانس والسحرة و الشياطين ابطلت سحركم و نقضت كيدكم بالم و

اور گر پڑے ساحران فرعون سجدہ کرتے ہوئے اور کہنے لگے ہم ساتھ پروردگار موسیٰ و
ہارون کا ہے اور میں نے تجھ کو توڑ دیا اے سحر و عقد و کید فلاں شخص پسر فلاں شخص
(عورت) کا بزور اسماء آیات کاملہ الہیہ کے اور بتائید اس کی آیات عام کے یہ نوشتہ ہے
سلیمان کی طرف سے ۱۲۔ اسی طرح کہ شروع کرتا ہوں ساتھ نام خداوند رحمن و رحیم کے
ساتھ اس مضمون کے میرے ساتھ سرکشی نہ کر میرے پاس مطیع ہو کر حاضر ہوائے گروہ جن و
انس اور اے گروہ ساحرین و شیاطین میں نے تمہارے سحر کو باطل کر دیا اور تمہارے مکروں
کو توڑ دیا اگر ہر ایک تم میں سے درخت سے ہے یا خشت سے یا سنگ سے یا ناخن سے
یا آہن سے یا استخوان سے یا دندان سے یا حلقوم سے یا غلق سے یعنی سنگ صاف و جامہ
کہنہ یا رشتہ یا سرشتہ یا کسی عمل سے جو تیرے واسطے کسی مرد یا زن نے یا مسلمان مرد یا
مسلمان زن نے یا کسی یہودی یا زن یہود نے یا کسی نصرانی یا زن نصرانی یا کسی مجوسی یا کسی
زن مجوسی نے بنایا ہے کسی سر زمین پر یا دریا میں یا اس چیز عمل کردہ کو کسی طائر کے تئیں کھلا
دیا ہو یا کسی قبر کے اندر ڈال دیا ہو یا کسی جنس سے یا کسی حیثیت سے ہو میں نے توڑ دیا
ہے۔ ببرکت توراۃ موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور داؤد و فرقان حمید محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے و
بعد ازاں سورۂ انا فتحنا لکھے مستقیما تک اور سورۂ اذا جاء تمام و بعد ازاں یہ آیات جن کا ترجمہ
یہ ہے کہ ہم نے اس روز ان کے بعض کو بعض میں چھوڑ دیا تا باہم مخلط ہو جائیں اور انہوں
نے دعا کی اگر تو ہم کو اس سے نجات دے تو ہم شکر گزار ہوں گے چنانچہ حق ثابت ہو گیا

طٰه و یٰس وَ حٰمٓ و نفضتک اَیُّهَا السِّحْرُ الْعُقَدُ وَالْقُیُوْدُ الْفُرْقُ عَنْ فُلَانِ بْنِ
فُلَانَةَ اِنْ کُنْتَ مِنْ سِحْرٍ و مدرٍ اَوْمِنْ حَجَرٍ اَوْ مِنْ ظُفْرٍ اَوْمِنْ حَدِیْدٍ اَوْ مِنْ
عَظْمٍ اٰدَمِیٍّ اَوْ خَیْطٍ اَوْ خَیْطٍ و عملٍ لکَ رَجُلٌ اَوْ اِمْرَاَةٌ مُسْلِمٌ اَوْ
مُسْلِمَةٌ وَ یَهُوْدِیٌّ اَوْ یَهُوْدِیَّةٌ اَوْ نَصْرَانِیٌّ اَوْ نَصْرَانِیَّةٌ اَوْ مَجُوْسِیٌّ اَوْ
مَجُوْسِیَّةٌ فِی بِئْرٍ اَوْ بَحْرٍ اَوْ طُعِمْتَ طَیْرًا وَ قُبِرْتَ فِیْ قَبْرٍ اَوْ اَیِّ جِنْسٍ وَ
حَیْثُ کُنْتَ فَاِنِّیْ نفضتک بِتَوْرٰتِهٖ مُوْسٰی وَ اِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَ زَبُوْرِ دَاوٗدَ وَ
فُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ
فَتْحًا مُّبِیْنًا اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمًا وَ اِذَاجَآءَ نَصْرُاللّٰهِ تا آخرسورہ وَ تَرَکْنَا
بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ لَئِنْ اَنْجَانَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰاکِرِیْنَ
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُهٗ
فَاِذَا هُوَزَاهِقٌ فَاَلْقٰی مُوْسٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا یَاْفِکُوْنَ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ
یَبْغُوْنَ تا تُرْجَعُوْنَ اَوَمَنْ کَانَ مَیْتًا فَاَحْیَیْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا یَّمْشِیْ بِهٖ فِی
النَّاسِ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ چنانچہ یہ سب چیزیں لکھ کر شخص معمول یعنی مسحور معقود کے
گلے میں ڈال دیں تو باذن اللہ وہ صحت پاوے گا اور بعض انہیں چیزوں میں سے برائے

اور عمل ان کے باطل ہوگئے بلکہ ہم ڈالتے ہیں حق کو باطل پر تو وہ اس کو سرشکستہ کردیتا ہے اور وہ باطل یکا یک بھاگنے والا ہے اور جب موسیٰ نے اپنا عصا ان لوگوں کے سامنے ڈال دیا تو وہ لوٹ یکا یک جو کچھ بنا لائے تھے اس کو کھانے نگلنے لگا ۱۲ے تمتہ آیہ بعد یبغون ولہ اسلم من فی السمٰوات ومافی الارض طوعاو کرہاوالیہ یرجعون یعنی کیا سوائے دین اللہ کے کوئی اور دین طلب و تلاش کرتے ہیں حالانکہ اسی کے فرمانبردار ہیں جو آسمان و زمین میں ہیں خوش ہوں خواہ ناخوش اور اسی کی طرف بازگشت کریں گے ۱۲ے بھلا جو شخص مردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس کے لئے ہم نے روشنی مقرر کی ہے کہ وہ اس کو سب لوگوں میں لیے پھرتا ہے اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں وہ چیزیں جو موجب شفاء و رحمت ہیں مومنوں کے لیے ۱۲۔

معقود یہ ہے کہ ایک ٹکڑا لکڑی کا خواہ کوئی ظرف لوے کر اس میں مسبع مذکور الذیل لکھ کر روغن زیت خوشبو سے دھو کر مرد اپنے قضیب پر اور زوجہ اپنے اندام نہانی پر مالش کریں مسبع یہ ہے۔

ف	ج	ش	ث	ظ	ح	ر
ج	ش	ث	ظ	خ	ز	ف
ش	ث	ظ	خ	ز	ف	ح
ث	ظ	خ	ز	ف	ج	ش
ظ	ح	ز	ف	ج	ش	ث
ح	ز	ف	ح	ش	ث	ظ
ز	ف	ج	ش	ث	ظ	ح

باب بتیسواں بیان میں منافع عودصلیب اور حبۃ الملوک اور حرمل کے

واضح ہو کہ عودصلیب کے لیے منافع کثیرہ ہیں جن کا شمار نہیں اور وہ معروف ہے چنانچہ اس کے بعض منافع سے یہ ہے کہ جب اسے نیم ورم باریک کوٹ کر نہار منہ نوش کریں تو وہ ریاح غلیظہ اور درد قولنج کے کو ساکن کرتی ہے۔

برائے ملسوع یعنی زخم گزیدہ مار

اور بعض منافع عودصلیب سے یہ ہے کہ ملسوع یعنی مار گزیدہ کو نافع ہے کہ اس میں سے چبائیں اور کچھ نگل جاویں اور کچھ لسع یعنی زخم گزیدہ مار پر رکھ دیں اور نیز نافع ہے ان لڑکوں کیلئے جن کو سکتہ ہو جاتا ہے اور روتے روتے نیلے پڑ جاتے ہیں اور یہ باعث غلبہ خلط سودا کے ہوتا ہے چنانچہ اگر وہ طفل شیرخوار ہے تو عودصلیب کو شیر طفل میں گھس کر اس کو پلا دیں اور عودصلیب اس کے گلے میں ڈال دیں۔

فوائد عود صیب

اور بعض خواص عود صیب سے یہ ہے کہ جو اس کو اپنے پاس رکھے اس کو سحر اثر نہ کرے گا اور باز رکھتا ہے احتلام سے اور بعض خواص عود صلیب سے یہ ہے کہ اس کو گوسفند کے گلے میں بھی باندھیں اور وہ گوسفند درمیان گلہ غنم کے ہو یا بیچ چراگاہ و آرام گاہ گوسفندان وغیرہ کے ہو تو وہ سب جانور گزند گرگ سے امن میں رہیں گے ور اگر کوئی شخص ترسندہ وبیم ناک جس کو عارضہ خوف زدگی ہو اور اپنی مشی اور راہ روی میں اپنے پیچھے پھر پھر کر داہنے اور بائیں مڑ مڑ کر دیکھتا چلتا ہو اور وہ شخص عود صلیب اپنے پاس رکھے تو اس کو دغدغہ سے وہ امن میں رہے گا اور دستور اہل روم ہے کہ وہ لوگ عود صلیب کو غلاف طلا یا نقرہ میں رکھ کر یعنی سونے یا چاندی میں منڈھ کر اپنے طفل کے گلے میں ڈال دیتے ہیں کیونکہ وہ عود صلیب کی قدر و منفعت کو خوب جانتے ہیں اس لیے کہ عود صلیب انہیں کے بلاد میں ہوتا ہے اور شان عود صلیب کی یہ ہے کہ وہ بچے حامل کی یعنی جو اس کو اپنے پاس رکھتا ہے اس کا حجاب اور نگہبان عوارض جن وغیرہ ہے لاجرم ہر انسان کو لازم ہے کہ عود صلیب سے جس قدر ممکن ہو بہم پہنچا کر اپنے پاس فراہم کرے کہ وہ بہترین ذخیرہ ہے اور لائق ہے کہ اس کو بوزن زر فروخت کرے۔

حکایت جالینوس

حکایت جالینوس سے کہ ایک طفل مصروع کے گلے میں عود صلیب آویزاں کیا تھا چنانچہ وہ طفل دس برس تک صرع سے محفوظ رہا۔ اتفاقاً عود صلیب اس سے گر گیا تو صرع نے عود کیا یعنی پھر اس کو صرع کا دورہ ہوا آخر کار عود صلیب اس کے گلے میں ڈالا تو پھر زوال صرع ہو گیا۔

بیان اقسام عود صلیب

اور اسی طرح فائدہ عود صلیب کا یوں ہے کہ اگر وقت دورہ صرع کے بنی مصروع

سے عود صلیب قریب کیا جاوے اور اس کے دماغ میں اس سے اثر پہنچے تو فوراً ہوش آ جاوے گا اور اسی طرح عود صلیب کو چبا کر مصروع کی ناک میں ناس دیویں تو وہ ... صرع سے ہوش میں آ جاوے گا اور اگر صاحب صرع ہمیشہ استعمال اس کا بجورش رکھے تو تندرست ہو جاوے کہتے ہیں کہ یہ عود صلیب جو عرق یعنی بیخ درخت کی جو عود صلیب ہے دو قسم ہے۔ رومی و ہندی چنانچہ رومی ازروئے خواص کے بعض فعل ہندی کا بھی رکھتا ہے۔

بیان اقسام عود صلیب

اور صفت عود صلیب کی یہ ہے کہ وہ مشابہ عاقر قرحا باندازہ سطبری انگشت دست و مائل بہ سفیدی ہوتا ہے اور اس میں رگ و ریشہ ہوتے ہیں اور جب اس کو جہاں سے توڑیں تو اس کے اندر چار نقطے متقابل اس شکل کے پائے جاتے ہیں اور ہیئت صلیب معروف ہے نزد عشائر یعنی نزدیک پیران دیرینہ سال کے اور اس کے منافع بے حساب اور بے شمار ہیں اور حبۃ الملوک یعنی جمدانہ اس میں منافع کثیر ہیں۔

فوائد حبۃ الملوک

ازاں جملہ ایک یہ ہے کہ وہ نفع کرتا ہے برائے دوخہ اس یعنی برائے سکون سرد برائے اصلاح دماغ یعنی برائے افاقہ دماغ و بعض منافع سے یہ ہے کہ وہ فائدہ کرتا ہے واسطے غشا کے یعنی جو کچھ اندر شکم کے ہے سپرز ورد جگر و گردہ وغیرہ سے و نیز واسطے دانوں کے مفید ہے اور اس کا استعمال چھ مرتبہ اس ترتیب سے کہ ایک روز کھاویں اور دو روز ترک کریں یعنی دو چھ مرتبہ کا سولہ روز میں تمام ہوگا اور بعض منافع حبۃ الملوک سے یہ ہے کہ وہ نافع ہے واسطے ریاح سخت و شدید برائے تیرگی و خیرگی نگاہ برائے غاظت و خشونت اجفان یعنی پلک ہائے چشم و موہائے مژگاں و برائے درد دنداں و نافع ضیق صدر و انقباض سینہ و دفاع جمع اقسام قوبا و مفید برائے عارضہ قرح بطن و انتفاخ شکم و دربل طحال و سپلری سپرز ور مانع تنفس جمیع حبوب یعنی ہر قسم کے دانوں کو پھولنے اور

ابھرآنے سے باز رکھتا ہے اور فائدہ دیتا ہے۔ درد قرحہ چشم کو اور دور کرتا ہے سیاہی شدید اور زردی رنگ کو اور نفع کرتا ہے رعاف الدم یعنی جریان خون اور کثرت منی اور بواسیر کو اگرچہ باسور ناسور رہنے والے ہوں ستے دانی ابھرنے والے ہوں اور فائدہ ہے برائے ناسور کہ وسل مزمنہ کے اور دور رکھتا ہے خواب گراں اور تنگی حلق اور نزولات سے اور حدار یعنی ان نزلات سے جو انسان کو گرفت کرتے ہیں۔ یعنی جکڑ لیتا ہے باعث ضربان یعنی دھڑکنے دل کے اور درد سر ایکی سے اور خفقان و سوزش کے اور سوائے اس کے اور بہت سے فائدے ہوتے ہیں۔

کیفیت استعمال حبۃ الملوک

چنانچہ علماء نے کہا ہے کہ حبۃ الملوک فائدہ کرتی ہے دو جو چھپا تھا آزار کو اور کیفیت استعمال حبۃ الملوک کی یہ ہے کہ اول اس کو مقشر کریں یعنی پوست اس کا دور کریں پھر اس کو سرکہ انگوری میں سات شبانہ روز مدبر کریں یعنی بطور خیسا ندہ تر رکھیں بعد ازاں اس ہر ایک کے دو دو ٹکڑے کر ڈالیں اور اس کے اندر سے جو ایک زبان سی چیز نکلے گی اس کو دور کریں کہ وہ زہر قاتل ہے و بعد ازاں ان مقشرات کو ایک شبانہ روز بہ آب شیریں تر رکھیں پھر اس سے نکال کر شیر گاؤ تازہ دوشیدہ میں ایک شب و روز تر رکھیں پھر اس سے نکال کر بآب شیریں صاف دھو ڈالیں اور بآب شیرج یعنی روغن کنجد ظرف مسی میں جوش دیں جب دیکھیں کہ اس میں سرخی آئی تو فوراً اس کو اتار لیں اور اس سے نکال کر دو روز سایہ میں خشک کریں و بعد ازاں ہاون میں اس کو خوب باریک پیس کر اور چھان کر وزن کریں تا آنکہ اس کے ہموزن عناب شامی خستہ برآوردہ اور ربع اس کا تخم خراسانی (تخم خراسانی نام ایک گیاہ کا ہے) اور ایک ربع تیز اسفید اور ایک ربع نشاقمع یعنی نشاستہ گندم اور ایک ربع آرد جو مشقران سب کو ملا کر گلاب میں گوندھیں اور بمقدار نخود گولیاں بنادیں اور اس کو سایہ میں خشک کر لیویں

پھر جب کوئی شخص ضعیف الجثہ ہو تو اس کو ایک گولی بوقت خواب شب اور دو گولیاں بوقت صبح اور اگر وہ شخص حار مزاج اور صاحب عزیمت ہمت ہے تو اس کو سات گولیاں دی جاویں۔ ازاں جملہ تین گولیاں وقت خواب شب اور چار نگام صبح کو کھلائی جاویں۔ چنانچہ اس کے فعل واثر میں اور اس کی صفت و منفعت میں تھوڑا عجیب کیفیت مشاہدہ ہوگی اور اگر صاحب استعمال اس کا یہ چاہے کہ اس کے فعل کو قوی و تیز کرے کہ وہ گولی اس کے ہاتھ ایک دو روز میں اپنا عمل کرے تو بعد تناول کے دونوں اپنے ہاتھ آب سرد میں رکھے یہاں تک کہ اس کا اثر فعل مثل تمشیر برش کے دیکھے گا اور اگر ابطال عمل یا ابطال تیزی منظور ہو تو بالائے حبوب یعنی بعد تناول حبوب کے بعد طہر وعصر گوشت ضان یعنی گوسفند لیموں نچوڑ کر نوش کریں تو اس کے اثر فعل سے امور عجیب مشاہدہ کریں گے۔

سرکہ خیساندہ حبۃ الملوک

اور بعض منافع سرکہ اس سے جس سے حبۃ الملوک خیساندہ کیا تھا یہ ہے کہ اگر کسی کے زنخداں میں طبسوع یعنی آزا قسم داغ وغیرہ ہو اور اس سرکہ سے تر کریں تو وہ دور ہو جاوے گا اور وہ شیرہ یعنی روغن کنجد جس میں حبۃ الملوک جوش دیا گیا تھا کلف یا داغہائے سیاہ تمام بدن سے دور کرتا ہے اور وہ شیرہ جس میں حبۃ الملوک تر کیا گیا تھا اگر کچھ اس میں سے نوش کریں تو حرارت و سوزش تمام بدن سے اور صبیان سے زائل ہو جاوے گی اور میں قسم کھاتا ہوں اللہ برتر کی کہ بنی آدم میں سے کسی نے کوئی چیز اس سے زیادہ منافع تر و بزرگتر نوش نہ کی ہوگی اور حال یہ ہے کہ حق تعالیٰ شافی ہے اپنے احسان و کرم سے صلی اللہ علی سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وسلم

فوائد حرمل

اور اسی طرح منافع حرمل کے کثیرہ ہیں اور حرمل بلغت سریانی نام گیاہ کہ ملک

عرب و عراق میں پیدا ہوتی ہے اور وہ سداب کوہی ہے کہ فارسی میں اس کو اچند نے
ہیں چنانچہ من جملہ حرمل کے منافع یہ ہیں کہ آب جوشاندہ اس کا فائدہ ہے کہ اس
کا فائدہ کرتا ہے تمام بدن کے ریاح کو اور اس سے فائدہ ہے واسطے زکان ور واسطے
اضطراب اعضاء کے اور فائدہ ہے اس شخص کے لیے جس کو نیند نہ آتی ہو اور مفید ہے
برائے مرقد و اسہال کے و غثیان اور نافع ہے اس شخص کے لئے جس کو اشتہاء طعام نہ
ہوتی ہو اور بخور حرمل کا یعنی اس کی دھونی چالیس گھر ہمسایہ کے فائدہ مند ہے کہ شیطین
ان گھروں سے قریب نہ ہوں گے اور جس شخص کو زکام ہو جاوے تو چاہیے کہ وہ حرمل
دے گا اور اس کا دھوں بطور ناس کے ناک میں لیوے تو اچھا ہو جاوے گا اور بعض
خواص حرمل سے یہ ہے کہ اگر تخم حرمل خوب باریک پیس کر بغل میں ملیں تو عرق بغل اور
گندگی دور ہو کر خوشبو ہو جاوے اگر حرمل کو سرکہ میں تر کر کے نقوع مکان میں چھڑک
دیویں تو کھیاں گھر سے نکل جاویں گی اور بعض خواص سے یہ ہے کہ اگر اس کو حنا کے
ساتھ ملا کر بغل میں ملیں تو صنان یعنی بدبوئی وگندگی بغل سے دفع ہو جاوے۔

باب تینتیسواں ان فوائد میں جو متعلق بسرعت فہم ہیں

چنانچہ بعض ان فوائد سے یہ ہے کہ جو مذکور ہوا ہے بعض علماء سے کہ جب تو چاہے
کہ کبھی نہ بھولے تو قبل پڑھنے کسی چیز کے یہ دعا پڑھ لے ۔ ۔ [1] اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيَّ
فُتُوْحَ الْعَارِفِيْنَ بِحِكْمَتِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ رَحْمَتَكَ وَ ذَكِّرْنِيْ مَا نَسِيْتُ يَا
ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ اور جب تو ارادہ کرے کہ سارے آدمیوں سے زیادہ تر حافظ و
از بردارندہ ہو تو وقت فراغ قراءۃ یعنی پڑھنے سے یہ دعا پڑھا کر :-

---

[1] اے ہمارے پروردگار مجھ کو کشادگی و کشائش ذہن عارفین کی سی عطا کر اپنی حکمت کامہ سے
اور مجھ پر افشاں کر اپنی رحمت کو اور یاد دلا دے جو میں بھول گیا ہوں یا ذوالجلال والاکرام یعنی
اے صاحب جلالت و کرمت ۱۲۔

[1] بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ
اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ حَرْفٍ كُتِبَ اَوْ يُكْتَبُ اَبَدَ الْاٰ
بِدِيْنَ وَ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ انتہٰی ۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے
مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو خوف نسیان قرآن
کا ہو چاہیے کہ یہ دعا پڑھے [2] اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْكِتَابِ بَصَرِيْ وَ اشْرَحْ بِهٖ صَدْرِيْ
وَاسْتَعْمِلْ بِهٖ جَسَدِيْ وَاَطْلِقْ بِهٖ لِسَانِيْ وَ قَوِّبِهٖ جَنَانِيْ وَاشْرَعْ بِهٖ فَهْمِيْ وَ
قَوِّبِهٖ عَزْمِيْ بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ انتہٰی

برائے اعانت حفظ قرآن مجید

یہ روایت منقول ہے یافعی رحمۃ اللہ علیہ سے اور جو چیز برائے اعانت حفظ قرآن
مجید کے مجرب ہے وہ مداومت و مواظبت اوپر ان ابیات کے ہے۔

[3] كَلَامٌ قَدِيْمٌ لَا يُمَلُّ سَمَاعُهٗ　　تَنَزَّهَ عَنْ قَوْلٍ وَ فِعْلٍ وَ نِيَّةٍ
بِهٖ اَشْتَفِيْ مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَ سُوْرِهٖ　　دَلِيْلٌ لِقَلْبِيْ عِنْدَ جَهْلِيْ وَ حَيْرَتِيْ
فَيَارَبِّ مَتِّعْنِيْ بِسِرِّ حُرُوْفِهٖ　　وَ نَوِّرْ بِهٖ قَلْبِيْ وَ سَمْعِيْ وَ مُقْلَتِيْ

---

[1] بسم اللہ اور تسبیح سزاوار ہے واسطے اللہ کے اور حمد ہے اللہ کے لیے اور اللہ بہت بڑا ہے لاحول
ولا قوۃ الا باللہ ہے بشمار کل حروف کے جو رقم پذیر ہو چکے اور ہمیشہ لکھے جاویں گے ۱۲۔ [2] اے
ہمارے پروردگار روشن کر ببرکت کتاب یعنی قرآن کے میری بینائی اور کشادہ کر میرے سینے کو اسی
کی برکت سے اور اسی کتاب کی برکت سے میرے وجود جسمانی کو کام میں رکھ کر اور تیز کر اس
سے میری زبان کو اور مضبوط کر اس سے دل میرا اور تیز کر دے سمجھ میری اور مضبوط کر دے ارادہ
میرا اپنی قوت سے اس لئے کہ کسی کے لئے توانائی اور اپنی قوت سے اس لئے کہ کسی کے لئے
قوت نہیں ہے سوائے تیرے ۱۲۔ [3] کلام قدیم یعنی قرآن کریم کہ اس کی سماعت و قرأت لوگوں کو
ملول و درماندہ نہیں کرتی اور وہ دور کرتا ہے برائی کو قول و فعل سے اور نیت سے بوسیلہ اسی کلام مجید
کے میں شفا مانگتا ہوں ہر آزار سے و ہیجان خاطر سے کیونکہ وہ کلام دلیل ہے میرے قلب کا وقت

اور بعض فوائد سے واسطے فتوح فہم کے یہ ہے کہ جو شخص ابتدائی درس میں اس دعا کو پڑھ لیوے تو اس پر حق تعالیٰ اس پر باب فہم مفتوح کرے گا اور وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَهْمِ وَاَكْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَافْتَحْ عَلَيْنَا بِمَعْرِفَةِ عِلْمِكَ وَحَسِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْعِلْمِ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ اور بعض مجربات میں سے واسطے تحصیل یادداشت کے یہ ہے کہ وقت درس یہ دعا پڑھا کریں [2] اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ قَدِ اسْتَوْدَعْتُكَ مَا عَلَّمْتَنِيْهِ فَارْدُدْهُ اِلَیَّ عِنْدَ حَاجَتِیْ اِلَيْهِ وَلَا تُنْسِنِيْهِ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اور بعض فوائد سے یہ ہے کہ جیسا کہ کہا ہے شہاب الدین القلیوبی نے کہ درس میں وقت پڑھنے کے یہ دعا پڑھا کریں [3] اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ عِلْمًا اَفْقَهُ بِهٖ

جمل؛ ۔۔۔ اے میرے پروردگار مجھ کو متمتع کر اس کے اسرار حروف سے اور روشن کر اس کے نور سے میرے قلب کو اور میری شنوائی و بینائی کو ۱۲ [1] اے میرے پروردگار ہم کو نکال وہم کی تاریکیوں سے اور ہم کو سرفراز کر ساتھ نور فہم کے اور کشادہ کر ہم پر علم کی معرفت اور عمدہ کر اخلاق کو علم سے عمدہ بنادے اور ہم پر سہل کر دے اپنے فضل و کرم کے دروازے اور نشر و افشانی کر ہم پر اپنے خزانہ رحمت سے یا ارحم الراحمین ۱۲ [2] اے میرے پروردگار میں نے سپرد کیا جو کچھ مجھے تعلیم کیا سو اس کو میری طرف پھیر دے یعنی یاد دلا دے جب اس کی حاجت مجھے ہو اور مجھ سے نہ بھلا یا رب العالمین ۱۲ [3] اے میرے پروردگار مجھے الہام کر ایسا علم جس سے تفقہ و ادراک کروں تیرے اوامر و نواہی کا اور مجھے روزی کر ایسا فہم جس سے مجھ کو معلوم ہو کہ میں تجھ سے کیونکر مناجات کروں یا ارحم الراحمین اے میرے پروردگار مجھے سربلند کر نور فہم سے اور مجھے نکال تاریکیوں وہم سے اور کھول دے مجھ پر دروازے اپنی رحمت کے اور نشر و افشانی کر مجھ پر اپنی حکمت کو یا ارحم الراحمین ۱۲ منہ

اوامرک و نواهيک وَارْزُقْنِیْ فَهْمًا اَعْلَمُ بِهٖ كَيْفَ اُنَاجِيْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ فَهْمَ النَّبِيِّيْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِلْهَامَ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ شَرِّفْنِیْ بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَاَخْرِجْنِیْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَهْمِ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ حِكْمَتَكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور میں نے بخط بعض علماء کے لکھا ہوا دیکھا ہے کہ برائے حفظ اس کو بھی ہر روز دس مرتبہ پڑھا کریں۔ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا [1] تا فٰعِلِيْنَ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَبَّ اِبْرَاهِيْمَ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْرِمْنِیْ بِالْفَهْمِ وَارْزُقْنِیْ الْعِلْمَ وَالْحِكْمَةَ وَالْعَقْلَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ و نیز برائے فائدہ حفظ کے کہ وہ چیز ہے جو مروی ہے علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے کہ ان حضرت نے شکایت قلت حفظ بحضور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیش کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جبرئیل میرے پاس یہ کلمات لائے تھے اور کہا یا محمد جس شخص پر حفظ دشوار ہو وہ اس دعا کو ایک ظرف نو میں آب زعفران سے لکھ کر اس کو تمام شب تاروں کے سایہ میں رکھے جب صبح ہو تو اس کو آب باراں سے دھو کر نہار منہ پی لیوے تو جو کچھ وہ سنے گا سب اس کو یاد رہے گا چنانچہ وہ کہتے تھے کہ جب میں نے اس کو تین روز پیا تو قسم ہے اس خدا کی جس نے محمد کو بشیر و نذیر مبعوث کیا میں نے بعد اس

---

[1] تتمہ آیہ بعد علماء و سخرنا مع داؤد الجبال یسبحن والطیر وکنا فاعلین یعنی ہم نے سمجھا دی یہ بات سلیمان کو اور ہر ایک ان دونوں کو یعنی داؤد اور سلیمان کو ہم نے حکمت و علم عطا کیا اور مطیع کر دیا ہم نے پہاڑوں کو ساتھ داؤد کے تو سارے پہاڑ تسبیح و تحمید خدا کرتے تھے اور ہم نے طیور کو بھی ان کا مطیع کر دیا اور ہم ہی فاعل و مختار ہیں اے حی قیوم اے پروردگار موسیٰ اور ہارون کے اور اے پروردگار ابراہیم اور اے پروردگار محمد ﷺ کے مجھ پر کرم کر ساتھ فہم کے اور مجھے عطا کر علم و حکمت و عقل بحق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و صحبہ وسلم کے اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین ۱۲

ے تو کسی بات نہیں سنی مگر یہ کہ وہ مجھے یاد رہی اور وہ دعا یہ ہے۔ ¹اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَ عَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ وَ تَعْلَمُ مَا نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ یَا مَنْ یَّعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ ² تا قولہ بَصِیْرٌ دیگر بعض فوائد برائے حفظ و دفع نسیان نسخہ یعنی شاہتہ گندم و زبیب اسود یعنی مویز سیاہ و زبیب حب یعنی انگور خشک سبز و عرق سوس جس کو ملٹھی کہتے ہیں اور شکر سفید یہ سب چیزیں تین تین اوقیہ و نیم رطل شہد مگس نکلا ہوا چھتے سے بطور غوہ یعنی مثل رشیر کے بعد ازاں پہلے سب دواؤں کو جدا جدا پیس کر بعد ازاں شہد آگ پر رکھیں اور وہ چیزیں ملا کر جو پیسی گئی ہیں اسی میں ڈال کر کفگیر سے پھراویں یہاں تک کہ وہ قوام پذیر ہو کر بستہ ہو جاوے تو اس سے ستر قرص بناویں اور ہر قرص پر یہ آیہ لکھیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ³ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی و بعد ازاں ہر روز ستر روز تک ہر قرص ایک قرص سے نہار افطار کریں کہ یہ جملہ قرص نسیان کو دور کریں گے اور بلغم کو جلا دیں گے اور اچھا کریں درد چشماں کو اور یہ مجرب ہے۔ دیگر فوائد برائے حفظ یہ بھی طریقہ ہے کہ جو کلبی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول

۱؎ اے میرے پروردگار تحقیق کہ تو خوب جانتا ہے میرے باطن کو اور میرے ظاہر کو سو میری معذرت قبول کر اور تو میری حاجت کو جانتا ہے سو تو میرا سوال مجھ کو عطا کر یعنی میرا سوال پورا کر اور میرے دل کی بات کو خوب جانتا ہے بس بخش دے تو میرے گناہوں کو ۱۲۔ ۲؎ تتمہ آیہ بعد الصدور واللہ یقضی بالحق والذین یدعون من دونہ لا یقضون بشیء ان اللہ ہو السمیع البصیر اس آیہ کے سرے پر لفظ یا من داخل آیہ نہیں ہے یعنی اے وہ خوب خداوند جو خوب جانتا ہے آنکھ چرانے والوں کو اور خوب جانتا ہے دل کی باتوں کو اور وہ حکم کرتا ہے اور جو لوگ غیر خدا کو پکارتے ہیں وہ حکم نہیں کرتے ہیں۔ تحقیق کہ حق تعالیٰ وہی شنوا و بینا ہے ۱۲۔ ۳؎ قریب ہے کہ ہم تم سے بیان کریں گے تو چاہیے کہ تو نہ بھولے مگر جو کچھ حق تعالیٰ چاہے یعنی جو کچھ کہ بھلاتا ہے کہ ہر آئینہ وہ پنہاں و آشکارا سب جانتا ہے ۱۲۔

ہے انہوں نے کہا کہ میرا ایک فرزند قرآن مجید پڑھتا تھا سو جو کچھ یاد کرتا تھا بھول جاتا تھا۔ چنانچہ میں نے خواب میں دیکھا گویا کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ اس پسر کے لیے کچھ قرآن لکھ کہا کیا لکھوں کہا یہ لکھ ¹اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ² اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ + سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى + اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ و بعد ازاں ان سب آیتوں کو آب خالص سے دھو کر اس کو پلا دیوے اور ایک مرتبہ کافی ہے چنانچہ راوی کہتا ہے کہ میں نے یوں ہی کیا بالآخر پسر میرا حافظ قرآن ہوا۔

باب چوتیسواں بیان میں رقی و افسون مبارک کے جو مشہور النفع ہیں

افسون گزیدگی مار و کژدم

واضح ہو کہ بعض رقی میں سے رقیہ یعنی افسون و جھاڑ پھونک شیخ ابو القاسم الراعی کی ہے کہ وہ نافع ہے واسطے مغص یعنی درد شکم و ناف و برائے گزیدگی مار و کژدم کے اور وہ یہ ہے کہ اول سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ تلاوت کرے پھر یہ کلمات پڑھے۔

۱؎ الرحمن نے قرآن تعلیم کیا اور انسان کو پیدا کیا اس طرح کہ اس کو بیان ربانی سکھا دیا آفتاب و مہتاب دونوں مقدر بحساب ہیں یعنی اندازہ کردہ شدہ ہیں ۱۲۔ ۲؎ تحقیق کہ ہم پر لازم ہے جمع کر دینا آیات کا دلوں میں اور یاد دلانا اس کا قراءت کا پھر جب اس کو پڑھوا دیں گے تو پیروی کیجیو اس قرأت کی بعد ازاں ہم پر لازم ہے بیان اس کا یاد کرانا بلکہ وہ کتاب قرآن مجید ہے جو لوح محفوظ میں ثبت ہے قرأۃ کر یعنی پڑھ اور حال یہ ہے کہ پروردگار تیرا بڑا کرم کرنے والا ہے جس نے قلم سے سکھایا اور تعلیم کیے انسان کو وہ امور جن کو وہ جانتا نہ تھا ۱۲۔

بِاِسْمِ هَادِی الصَّخْرِ فَانْشَقَّ وَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ اَكْفِنِیْ شَرَّ الْخَلْقِ
وَ هَمَّ الرِّزْقِ وَ سُوْءَ الْخُلُقِ تَبَارَكَ مَنْ فِی النَّارِ وَ مَنْ حَوْلَهَا اَعُوْذُ بِاسْمِ
وَاخْشَ اللّٰهَ لِمُلْكِكَ الْاَعْظَمِ جِبْرَئِیْلُ عَلٰی رَاْسِهَا مِیْكَائِیْلُ عَلٰی وَسَطِهَا وَ
اِسْرَافِیْلُ عَلٰی ذَنَبِهَا وَ عَزْرَائِیْلُ عَلٰی سَنَامِهَا اُخْرُجْ بِاسْمِ هَادِیْ اللّٰهِ
الْاَعَزِّ الْاَكْرَمِ اس کلمہ کو تین بار تکرار کرے یعنی اخرج سے آخر تک ورای عمل کو
سات مرتبہ پڑھ اور ہر مرتبہ زخم گزیدگی پر تھوک دے بدون تھوک کے یعنی بدون آب
دہن کے اس پر ہر بار پڑھنے کے تھتکار دے تو وہ اچھا ہو جاوے گا باذن اللہ تعالیٰ دیگر
جو چیز نافع ہے واسطے گزیدگی مار کے یہ ہے کہ ایک پرچہ پر سات سین یعنی سات مرتبہ
حرف سین لکھا جاوے اور اس کے ساتھ یہ آیہ بھی لکھیں. سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِیْمٍ
وَ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ پھر اس پرچہ کو پانی سے دھو کر مار گزیدہ کو پلا دیں
تو وہ اچھا ہو جاوے گا باذن اللہ تعالیٰ اور بعض فوائد سے برائے نیش زنی کژدم یہ ہے کہ
اس رقیہ کو پڑھیں. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ وَ

اے وہ خدا جس نے پتھر کے تئیں ندا دی تو وہ روشن ہوگئی اے وہ خداوند جس نے محمد صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم کو بحق مبعوث کیا تو میری حمایت و حفاظت کر شر خلائق سے اور فکر رزق سے اور سوء خلق
سے ندا آئی کہ برکت دیا گیا ہے وہ شخص جو بیچ روشنی اس آگ کے اور جو اس کے گردو پیش ہے
یعنی ملائکہ و موسیٰ سرد ہو جاوے ستم اور ڈر خداوند عالم سے جبرئیل اس کے سر پر ہیں یعنی اس
درد والے یا اس جانور زہردار کے سر پر اور میکائیل اس کے اوسط یعنی کمر پر اور اسرافیل اس کے
ذیل یعنی پیچھے دھڑ پر اور عزرائیل اس کے سنام یعنی کوہان پشت پر نکل جاوے زہر باذن اللہ
تعالیٰ ۱۲ سلام ہے اوپر نوح کے درمیان عالم کے اور صلوٰۃ خدا کا اوپر محمدؐ کے منجملہ مرسلین کے
جانب سے سارے حاملان زہر یعنی جانوران زہردار سے نہیں ہے کوئی جانور ان آسمان کے بیچ
میں مگر یہ کہ پروردگار میرا پیشانی پکڑنے والا ہے یعنی اس کی چوٹی اس کے ہاتھ میں ہے برآئینہ
پروردگار میرا طریقہ راستی پر ہے یعنی راہ راست کا دوست رکھنے والا ہے نور اتم سے اے جانوران

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ مِنْ حَامِلَاتِ السُّمِّ اَجْمَعِیْنَ
وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ مِنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ رَبِّی اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی
صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ نُوْحٌ نُوْحٌ نُوْحٌ قَالَ لَكُمْ نُوْحٌ مَنْ ذَكَرَنِیْ فَلَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا
تَلْدَغُوْهُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ
صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور اس قسم کو یعنی اس افسون کو موضع نیش عقرب پر بار بار پڑھ کر دم کرے
اور اس پر پشت کارد یعنی الٹی دھار چھری کی پھیریں تا بند ہو جاوے تم نیش پر کہ تا دونوں جمع
ہو جاوے اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ اس پر نوک کارد پھیریں یہاں تک کہ زخم ہو جاوے یعنی
جائے نیش پر خراش ہو جاوے پھر موضع خراش پر اپنے منہ سے تمک دم کر چوس کر فوراً تھوک
دیویں۔ یہ عمل مجرب و صحیح ہے اور بعض فوائد نافع سے واسطے گزیدگی مار و عقرب کے یہ ہے کہ
موضع گزیدگی پر نظر رکھیں اور افسون مذکور الذیل پڑھتے ہوئے لعاب دہن اس جگہ لگاتے
جاویں پھر اگر آسانی تخفیف کچھ معلوم ہو تو سم اتر جاوے گا بدون نشتر لگانے کے اور اگر نہ
اترا تو اس کو نشتر دے اور اس جگہ سے خون نچوڑ کر ڈال یعنی لہو سوت لے اور جو چیز پڑھی
جاوے۔ وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط، صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَلْجَمَ كُلَّ جَبَّارٍ مُتَكَبِّرٍ

زہردار نوح نے کہہ دیا ہے کہ جو کوئی میرا ذکر کرے اس کے قریب نہ جانا اور نہ اس کو
کاٹنا تحقیق کہ حق تعالیٰ ہر شے کا عالم و دانا ہے اور درود و سلام خدا کا اوپر ہمارے نبی سید
مالک کے جو محمدؐ ہیں اور ان کی آل اور ان کے اصحاب پر ۱۲ صلوٰۃ اور سلام خدا
کا اوپر ہمارے سردار مالک کے جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی ہیں۔ رہنے والے ام
القریٰ (مکے) کے اور ان کی آل اور ان کے اصحاب پر رضوان اللہ علیہم اجمعین ۱۲ منہ
وار تسبیح ہے وہ خداوند جس نے لگام دی ہے دنیا میں ہر جبار و متکبر کے اپنی قدرت سے
یعنی ان کو مسخر و رام کیا ہے نافذ ہیں اسرار اس کے صحرا اور دریا میں کاوی کرندی اہندی
بصری و بندو بندی اجندی سری (یہ سب الفاظ افسون ہیں) پھر یعنی اتر جاوے زہر تجھے

بِقُدْرَتِہٖ وَنفذ سرّہ فی برّہ و بحرہ بحکمتہ کدی کرندی اھندی بصری
و سذ نبدی ھدی مری رجع ایّھا السّمُّ بِقدرۃ الرّبّ الاعظم قسم اللہ
علی راس بحنش و بحیہ والعقرب فلاینہش بالف الف لاحول ولا قوۃ
الّا باللہ العلیّ العظیم اور دیگر یہ افسون برائے گزیدگی مار و عقرب و ثعبان یعنی قسم مار و
گزیدگی سگ کے یہ ہے کہ کلمات مذکورہ ذیل کو تو پڑھے اور اپنا ہاتھ کسی ظرف کے اندر
پھراتا جاوے و بعد ازاں اس پانی کو شخص گزیدہ مار کو پلا دیوے کہ یہ مجربات سے ہے
اور اگرچہ وہ شخص جس کو گزند مار وغیرہ پہنچی ہو کسی اور دشت میں ہو وہ پانی اس فرستادہ کو
جو تیرے پاس آیا ہے اور خبر لایا ہے پلا دیوے کہ وہ گزند رسیدہ محفوظ رہے گا اور وہ
کلمات جو پڑھے جاویں یہ ہیں کہ سورۂ فاتحۃ الکتاب مع بسم اللہ پڑھیں و بعد ازاں یہ
کہیں لَتُسْحِںْ مِنْ لَحمَ کُلِّ جَبَّارٍ مُتَکَبِّرٍ بِلِجَامِ قُدْرَتِہٖ وَاَنْفَذَ سِرَّہٗ فِیْ بَرِّہٖ
وَ بَحْرِہٖ اھدِیْ بَصرِیْ یعرتون بُوْنْ والترِمِ اَیُّھَا السَّمُّ قَسَمَ اللّٰہُ علی رَاسِ
الْحَیَّۃِ وَالْعَقْرَبِ وَالْکَلْبِ الْنَبَّاحِ الزُّبْنِیِّ الْعَاوِیْ بِاسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ الْمُعَافِیْ
بِاسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ علی بَرَکَۃِ اللّٰہِ وَ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ کَادِیْ کُذَیْدِیْ مَذَیْشَ
ھَنْذَ بَصِیْرٍ حَیْنَ اذرینی دوبار مبزوم دو بار بہ دو بار تونی مونی اجموت

قسم ہے خدا کی اوپر سر حنش کے جو ایک قسم مار و عقرب ہے ساتھ ہزار ہزار بار لاحول ولا قوۃ الا
باللہ العلی العظیم کے ۱۲۔ اے سزاوار تسبیح ہے وہ خداوند جس نے لگام دی ہے زبان میں ہر جبار
متکبر کو اپنی قدرت کی لگام سے اور نافذ کیا ہے اپنے اسرار کو اپنے سارے دشت و دریا میں
[illegible] یہ الفاظ افسوں میں لازم ہے زہر قسم خدا کی اوپر سر ہر قسم کا ر عقرب
کے و سگ [illegible] نے والے اور دوڑنے والے اور چھونکنے والے کے بنام اسم اللہ کافی و معافی
و شافی کے [illegible] سے اللہ اور برکت اللہ کے و بواسطہ محمد ابن عبد اللہ کادی کذیدی مدیش
بند [illegible] تونی مونی اجموت [illegible] یہ سب الفاظ افسون میں روک
سے [illegible] و مغز استخوان سے طرف ظاہر استخوان کے ۱۲

کدیدس اخبس السّمّ یا فیطوش واخرجہٗ من المخ الی العظم ومن العظم
الی الدّم ومن الدّم الی اللّحم ومن اللّحم الی الجلد ومن الجلد الی الشعر
ومن الشّعر الی الارض ومن الارض الی السّحاب بقدرۃ اللہ الحیّ القیوم
الذی لاینام اس افسون کو تین مرتبہ پڑھے اور ہاتھ پانی میں پھیرتے جائے۔

فائدہ: دیگر یہ ہے جو مروی ہے حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ
عنہ سے انہوں نے کہا کہ ایک شخص تھا اس کا نام ابو مذکر تھا وہ افسون عقرب کا کیا کرتا تھا
اور اس سے لوگوں کو نفع کثیر پہنچا کرتا تھا ایک بار کسی سے رسول خدا ﷺ نے پوچھا کہ
اے ابو مذکر وہ تیرا افسون کون سا ہے اس کو مجھ سے بیان کر تب ابو مذکر نے کہا کہ شجیۃ
دو بار قرنیۃ دو بار ملحۃ بحر قفطار یہ سن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کچھ
اس افسون میں اندیشہ نہیں ہے کیونکہ یہ وہ عہد و پیمان ہے جس کو نوح علیہ السلام نے
جانوران موذی پر قرار دیا تھا اور بعض علماء نے کہا ہے سزاوار ہے کہ بیچ اس افسون کے
یہ آیہ بھی اضافہ کی جاوے سَلَامٌ علی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ یہ تین بار کہا جاوے۔

فائدہ: دوتحقیق کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے ایک شخ مسموم کے لیے اس رقیہ کو پڑھا یعنی یہ افسون کیا اور اس کو تین بار مکرر کیا تو
وہ اچھا ہو گیا اور وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ
وَمِنَ اللّٰہِ وَ اِلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَایَغْلِبُ اللّٰہَ غَالِبٌ وَلَا یَعْجُزُ

---

۱ اور استخوان سے طرف خون کے اور گوشت سے طرف پوست کے اور
پوست سے طرف بالوں کے اور بالوں سے طرف زمین کے اور زمین سے طرف ابر کے بواسطہ
قدرت حی القیوم کے جس کو نیند نہیں ہے ۱۲۔ ۲ بنام خداوند بتائید خدا و منجانب خدا و بسوئے خدا
لاحول ولا قوۃ الا باللہ کوئی غالب نہیں ہے جو خدا پر غلبہ کر سکے اور نہ خدا سے کوئی بھاگ سکتا ہے
اور خدا ہر امر پر غالب ہے بعد دے تو اب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کل چیزوں میں امر خدا
کی کاٹ [illegible] ہے کون کون ایسا ہے جو تم کو پناہ دے گا خدا سے نصرت خدا کی طرف سے

مَنْ مه عرب واللہ غالب علی امرہ قل ان الامر کلہ للہ قل لن یکل من عند اللہ
قل من ذالذی یعصمکم من اللہ وما النصر الا من عند اللہ وما توفیقی الا باللہ
علیہ توکلت علیہ ان تمسسکم بضر من اللہ الذی خلقنی فھو یھدین والذی
ھو یطعمنی و یسقین و اذا مرضت فھو یشفین اللہ الشافی المعافی رقیہ
برائے گزیدگی عقرب یہ ہے کہ کلمات مذکورہ ذیل کو پڑھ کر موضع نیش عقرب پر تین مرتبہ
پھونکا دیں تو وہ شخص اچھا ہو جاوے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اور وہ کلمات یہ ہیں شجیۃ دوبار
قرنیۃ دوبار ملحۃ بحر قفطا رخت القفار سلامٌ علی نوح فی العالمین و علی محمد
فی المرسلین اور چاہیے کہ ان کلمات کے یاد کرنے اور یاد رکھنے میں کوشش کرے
بہت نافع ہے۔ بنا بر زعم حکماء عراق منجملہ مجربات کے یہ ہے کہ کاسنی و گندنا دونوں ملا کر
نچوڑیں اس طرح کہ اس میں اور پانی کا لگاؤ نہ ہو پھر اس کو اپنے ہاتھوں میں مل لیویں
اور بچھو کو ہاتھ میں بٹھاویں تو وہ ایذا نہ دے گا اور اگر چہ ایسا کریں کہ اس کو ایک ہاتھ
سے دوسرے ہاتھ پر پھیر لیویں یا اس سے کھیلیں تو وہ ضرر نہ پہنچا دے گا اور وہ بچھو کسی قسم
کا ہو جمیع بلاد و دیار میں اور ابن ماجہ نے اپنی کتاب سنن میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
سے روایت کی ہے انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں مصروف تھے ناگاہ
ان کو کژدم نے ڈنگ مارا اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لعن اللہ
العقرب یعنی خدا لعنت کرے عقرب کو کہ وہ نمازی و غیر نمازی کو یعنی نماز میں و غیر نماز
میں کسی کو کسی حالت میں نہیں چھوڑتا ہے چاہیے کہ اس کو قتل کرو حل و حرم دونوں
حالتوں میں یعنی بیرون خانہ کعبہ میں بھی قتل کرو اندرون حرم میں بھی قتل کرو اور حافظ ابو
نعیم نے تاریخ اصفہان میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت علی بن ابی
طالب سے روایت لکھی ہے کہ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عقرب

نے ... یعنی رب جس نے مجھے پیدا کیا پس وہی مجھے ہدایت کرتا ہے اور وہی مجھے کھلاتا ہے اور
... اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے کہ وہ اللہ کافی و شافی و بس ہے۔۱۲

نے ڈنگ مارا اور آپ اس وقت نماز میں مشغول تھے چنانچہ جب نماز سے فارغ ہوئے
تو فرمایا لعن اللہ العقرب یعنی خدا لعنت کرے عقرب کو کہ وہ نہ مصلی کو چھوڑتا ہے اور
نہ غیر مصلی کو یعنی نہ حالت نماز میں چھوڑتا ہے اور نہ بغیر حالت نماز کے اور نہ نبی کو
چھوڑتا ہے اور نہ غیر نبی کو مگر یہ کہ اس کو گزند نیش پہنچاتا ہے پس اپنی کفش اٹھائی اور اس
سے عقرب مار ڈالا بعد ازاں آب و نمک منگا کر موضع گزیدہ پر ملنے لگے اور سورہ قل
ھو اللہ احد اور معوذتین پڑھتے تھے۔

فائدہ رقیہ عقرب جائز ہے بنا بر روایت مسلم کے جابر رضی اللہ عنہ سے
انہوں نے کہا کہ ہم میں سے ایک شخص کو بچھو نے ڈنگ مارا اور اس وقت ہم لوگوں میں
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے تھے چنانچہ ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ
میں اس شخص کے رقیہ یعنی افسون کروں اس شخص کے لیے فرمایا تم میں سے جو شخص جس
طرح استطاعت رکھتا ہو کہ اپنے برادر کو نفع پہنچاوے تو چاہیے کہ ایسا کرے اور دوسری
روایت میں مرقوم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے سامنے
اپنے اپنے افسون کو جو جس کو معلوم ہو عرض کرو کیونکہ رقیہ میں کچھ باک نہیں ہے جب
تک اس میں کچھ نہ ہو یعنی کچھ خلاف اس میں نہ ہو انتہیٰ۔

حاصل یہ کہ رقیہ جائز ہے ساتھ کتاب اللہ یا ساتھ ذکر اللہ کے اور منہی اور ممنوع وہ
ہے جو ساتھ معجمیہ یعنی ساتھ غیر زبان عرب کے ہو یا ساتھ ایسے کلمات کے ہو جس کے
معنی ادراک میں نہ آویں۔ بجواز لحاظ اس بات کے شاید اس میں کفر ہو اور در بارہ اہل
کتاب کے اختلاف ہوا ہے۔ چنانچہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس کو جائز رکھا ہے
اور مالکؒ نے اس کو مکروہ جانا ہے اس خوف سے کہ شاید وہ افسون ان چیزوں میں سے
ہو جو ان لوگوں نے کتاب سے بدل ڈالا ہے دیگر آنکہ میں نے بخط ابن الصلاح یعنی
ان کا لکھا ہوا ان کے رحلت خانہ میں دیکھا ہے انہوں نے اس میں ایک رقیہ ذکر کیا اور
کہا کہ ہر آئینہ انسان کو چاہیے اس سے افسون کرے تو بچھو اس کو ڈنگ نہ مارے گا اور

اگر بچھو کو ہاتھ پر رکھیں تب بھی وہ ڈنگ نہ مارے گا اور اگر ڈنگ مارے تو کچھ ضرر نہ کرے گا اور وہ رقیہ یہ ہے۔ بِاسْمِ اللہِ[1] و باللہ ربّ جبرئیل و میکائیل کازمْ کرمْ و برارہ ف درامی مرن و شب موا سا موا ہو داہی و المطا ال الوا فی واللہ شافی اور ایک جماعت رواۃ نے سوائے بخاری کے روایت کی ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے کہا کہ ایک شخص خدمت میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی یارسول اللہ مجھے عقرب سے بڑا صدمہ پہنچا اس نے میرے تئیں شب کو ڈنگ مارا آپ نے فرمایا آگاہ ہو کہ اگر تو وقت شام یہ کہہ کرتا۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق تو تجھ کو گزند نہ پہنچاتا اور نیز بروایت ترمذی علیہ الرحمۃ کے اس طرح وارد ہوا ہے کہ جو وقت شام یہ کلمات پڑھا کرے۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تو اس شب کے تئیں کوئی سانپ ضرر نہ پہنچا سکے گا۔ چنانچہ سہیلؒ نے کہا ہے کہ ہمارے سائر اہل وعشائر انہیں کلمات کو پڑھا کرتے تھے اتفاقاً ان میں سے ایک لڑکی کو سانپ نے ڈسا بھی تو اس کو کچھ درد کا اثر نہ ہوا اور سہیلؒ نے فرمایا یہ حدیث حسن ہے (حسن قسم حدیث ہے) اور کلمات اللہ قرآن ہے اور معنی تمام اس کے یہ ہیں کہ کلمات اللہ میں نہ کوئی نقصان داخل ہو سکتا ہے اور نہ کوئی عیب جیسا کہ کلام الناس میں یہ سب خلل داخل ہوتے ہیں اور بعضوں نے معنی کلمات اللہ کے یہ کہے ہیں کہ وہ نافعات وکافیات ہیں۔ جمیع مستعوذات سے یعنی یہ کافی ہیں ان چیزوں سے جن سے تعوذ وتحفظ کیا جاتا ہے اور ملخص ہے کتاب حیوۃ الحیوان سے۔

☆☆☆

[1] بنام خداوند امام جبرائیل ومیکائیل ولفظ کازم سے تا لفظ والمطا تمام الفاظ افسون ہیں اور افسون میں کرنے والا ہوں اور حق تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔١٢

عجائب امور عقرب

اور عجائب امور عقرب سے یہ ہے کہ وہ نہ میت کو ڈنگ مارتا ہے اور نہ کسی خوابیدہ کو ضرر پہنچاتا ہے مگر جب کہ اس شخص کے بدن سے کوئی عضو حرکت وجنبش کرے تو اس وقت البتہ وہ گزند پہنچاتا ہے اور وہ پاس خنافس یعنی کرم سرگیں کے جا گزیں رہتا ہے اور ان سے آشتی رکھتا ہے مگر ان کو کچھ ضرر نہیں پہنچاتا ہے اور کبھی جو وہ کسی افعی ایک قسم کے مار کو ڈنگ مار دیتا ہے تو وہ مر جاتا ہے (یعنی نیش عقرب یعنی زہر مار سے بھی گویا زیادہ ہے کہ اس کو بھی ہلاک کرتا ہے) اور بعض مفاد میں سے واسطے دفع سانپوں کے یہ ہے کہ دھواں کرنا ساتھ پوست مار کے یعنی سانپ کی کینچلی سے یا ساتھ زرنیخ یعنی ہڑتال یا نوسادر یا موئے بز یا موئے سر انسان یا خردل یعنی رائی یا کبریت یعنی گندھک یا کشمیر سبز یا ساتھ پوست گندے انڈے کے چنانچہ جس مکان میں ان چیزوں سے چیز کا بخور یعنی دھواں بطور دھونی کے ہوگا وہاں سے قریب نہ ہوگا۔

برائے دفع مار وعقارب

اور بعض منافع میں سے واسطے دفع عقارب کے رکھنا بندق کا ہے مکان کے چاروں کونوں میں (بندق نام میوۂ ولائتی سرخ رنگ مشابہ عناب وکنار دشتی اس کو ہر چہار اضلاع خانہ میں رکھنا امن ہے عقارب سے) کیونکہ عقارب قریب حامل بندق کے نہیں آتے اور منجملہ منافع واسطے دفع عقارب کے وحیات وسائر جانوران موذیات کے یہ ہے کہ زرنیخ یعنی ہڑتال اور حلتیت یعنی انگوزہ برگ یاسمیں وزنجبیل ان سب کو مساوی الوزن لے کر باریک کوٹ ڈالیں اور اس کے ساتھ روث بقر یعنی گائے کا تازہ گوبر قدرے پانی شریک کر کے گولیاں بنا ڈالیں اور سایہ میں خشک کریں اور ان گولیوں سے دھونی کریں تو تمام حشرات الارض بھاگ جائیں گے۔

باب پینتیسواں بیان میں ان فوائد کے جو متعلق ہیں اشیائے گم شدہ و آدم گریختہ یا دابہ یا مملوک گریختہ و مال مسروقہ کے اور مثل اس کے جو چیز از دست رفتہ ہو

واضح ہو کہ بعض فوائد سے بازیافت گم شدہ کے وہ یہ ہے جیسا بعض علماء نے کہا ہے کہ جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جاوے اور یہ اسم پڑھے یا حفیظ ایک سو انیس بار یا کم و زیادہ وہ بعد ازاں ایک سو [illegible] بار یہ آیہ تلاوت کرے یٰبُنَیَّ اِنَّہَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ[1] تو حق تعالیٰ اس کی گمشدہ چیز کو اس کی طرف پھیر لا دے گا اور اس کی خاطر اس کے گم شدہ کی حفاظت کرے گا یہ عمل صحیح و مجرب ہے۔

برائے بازیافت گم شدہ مسروقہ

ایضاً عزیمہ دیگر یہ ہے کہ جس شخص سے کوئی چیز لی جاوے یا اس کی کوئی چیز گم ہو جاوے اس کو چاہیے کہ نماز عصر اس کے دروازے پر یا اس کے گھر کے دروازے پر پڑھے جہاں سے وہ چیز لی گئی ہو یا گم ہو گئی ہو۔ بعد ازاں سورۂ والسماء والطارق چالیس مرتبہ پڑھے تو وہ لے جانے والا مع اس چیز کے جو لے گیا ہے اسی جگہ جہاں سے وہ لے گیا ہے واپس آوے گا یا صاحب مال اس کو خواب میں دیکھے گا یا بیداری میں کہیں

[1] تحقیق کہ بات یہ ہے کہ وہ اگر برابر دانہ رائی کے ہو اور زیر سنگ گراں پوشیدہ ہو یا آسمانوں میں یا کہیں زمین کے اندر پنہاں ہو تو حق تعالیٰ اس کو لاوے گا کہ وہ لطیف خبردار ہے یعنی اس کے سامنے کوئی شے درمیان حائل و حاجب نہیں ہے ۱۲۔

دیکھ لے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اور اللہ ہر شے پر قادر ہے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہتے ہیں کہ جو شخص وضو کرے دو رکعت نماز پڑھے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّ الضَّالَّةِ وَ هَادِيَ الضَّالَّةِ رُدَّ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ فَضْلِكَ وَ عَطَائِكَ[1] تو حق تعالیٰ اس کے گم شدہ کو اس پر پھیر لاوے گا اور ایک جماعت سلف صالحین سے مروی ہے کہ وہ بروقت تلف ہونے کسی چیز کے سورہ والضحیٰ پڑھا کرتے تھے تو جو چیز ان سے تلف ہو جاتی تھی اس کو پا جاتے تھے۔

برائے غلام و کنیز گریختہ

اور جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جاوے یا اس کا غلام یا کنیز بھاگ جاوے اس کو چاہیے کہ روز جمعہ وقت ضحیٰ یعنی پہر دن چڑھے رکعت نماز پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو یہ دعا پڑھے۔ يَا جَامِعَ الْعَجَائِبِ يَا رَادَّ كُلِّ غَائِبٍ يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ يَا مَنْ مَقَالِيْدُ الْاُمُوْرِ بِيَدِهٖ اِجْمَعْ عَلَيَّ ضَائِعِيْ یا بجائے ضائعی کے فُلَانَ بْنَ فُلَانَةَ لَا جَامِعَ لِيْ لَهٗ اِلَّا اَنْتَ فَاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[2] و نیز از برائے جبر یا تلف یعنی واسطے عوض نقصان مجرب ہے يَا وَاسِعَ الْكَنَفِ وَ يَا عَالِيَ الشَّرَفِ

[1] اے میرے پروردگار گم شدہ کے اور راہ دکھلانے والے گم شدہ کے میرے گم شدہ کو مجھ پر یعنی میری طرف پھیر لا اپنی قدرت و تسلط سے اس لیے کہ وہ چیز آپ کے ہی فضل و انعام سے ہے ۱۲۔

[2] اے جمع کرنے والے عجائب امور کے اے پھیرنے والے ہر غائب کے اے فراہم کرنے والے پریشانیوں کے اور اے وہ خداوند جس کے ہاتھ میں کنجیاں سارے امور کی ہیں تو میرے ضائع و گم شدہ کو میرے پاس جمع کر دے یا بجائے لفظ ضائعی کے فلاں بن فلانہ یعنی نام گریختہ اور نام اس کی مادر کا لیوے کہ کوئی حاضر کرنے والا اس بندہ کے سوائے تیرے نہیں ہے اور تو ہر شے پر قادر ہے ۱۲۔ منہ

[3] اے وسیع حمایت اے عالی شرف و مرتبت بحرمت اہل شرف کے تو میرا جبر نقصان کر یعنی تو میرے نقصان کا عوض دے بحرمت فاطمہ زہرا اور ان کے پدر بزرگوار اور ان کے شوہر عالی مقدار اور ان کے فرزند والا تبار کے بقول لقمان کے اپنے فرزند

[2] دودہ مکلس یہ ہے کہ اس کی دھنیت نکال لیویں۔۱۲

سے بہتر و آسان طریقہ یہ ہے کہ مازو سے سبز ایک اوقیہ و زاج سبز موصوف بقبرص یعنی
ہیراکسیس ایک اوقیہ و صمغ عربی دو اوقیہ بعد ازاں آب صاف ایک نیم رطل لے کر اس
میں نیم اوقیہ مرسین کوٹ کر پوٹلی باندھ کر ڈال دیویں اور اس کو جوش دیویں اور یہاں تک
کہ ایک رطل پانی باقی رہ جاوے پھر اس پانی کے دو حصے کریں چنانچہ ایک حصے میں تو بازو
مذکور کو پیس کر پوٹلی میں کر کے خواہ اس کو ایک پوٹلی میں باندھ کر آہستہ و بآسانی کوٹ کر
ڈال دیویں تو تین روز اسی میں پڑا رکھیں یہاں تک کہ خاصیت اس کی یعنی اس کا ست
نکل آوے پھر اس طرح زاج مذکور کو بھی پوٹلی باندھ کر اس دوسرے حصہ آب مرسین میں
ڈال دیویں اور اس مدت تک توقف رکھیں کہ وہ بھی گھل جاوے اور اس کو حرکت دیا کریں
وبعد ازاں دونوں پوٹلیوں کو نکال کر خوب نچوڑ لیویں و بعد ازاں صمغ عربی مذکور کو دوسرے
پانی میں بھگو دیویں یہاں تک کہ وہ گھل کر مثل شہد کے انگشت بیچ ہو جائے و بعد از اں صبر
یعنی ایلوا اور نمک اندرانی یعنی قسم نمک سنگ و نگار عراقی و نیل ہندی و ہبات مکلسی ان ہر
ایک سے ایک درم لے کر سب کو خوب باریک کوٹ کر چھان کر اس آب عفص میں
ملا دیویں اور تھوڑی دیر تک تیز کریں یہاں تک کہ سب گھل مل جاویں تب اس کے اوپر وہ
صمغ عربی گھلا ہوا ڈالا جاوے اور ہلایا جاوے تا کہ یہ سب مل جاویں و بعد ازاں اس مجموعہ
کو وہ آب زاج ڈالا جاوے اور ہلایا جاوے تا کہ یہ سب مل جاویں بعد ازاں اس کام میں
لاویں کہ اس سے لکھنا شروع کریں نہایت خوبی سے اس کا لطف حاصل ہوگا۔

صفت سیاہی دیگر

صفت سیاہی دیگر جو نہایت سیاہ اور اور اس میں خوشبو ہووے۔ وہ یہ ہے کہ
سند رسائیدہ کر کے ایک پوٹلی باندھ کر اندر سیاہی دوات کے ڈال دیویں تو روشنائی
بہت خوشبودار اور خوش رنگ ہوگی۔ صفت دیگر بیچ عمل سیاہی شدید السواد کے
مصنف نے اس کو نظم کیا ہے۔

مِنْ بَعْدِ حَمْدِ اللّٰهِ ذِی الْاَنْعَامِ   خُذْ وَصْفَ حِبْرٍ نَافِعِ الْاَنَامِ

اُوْقِيَةٌ وَبَعْضُ عَفْصًا اَخْضَرًا   وَالصَّمْغُ ثِنْتَانِ يَكُوْنُ اَشْقَرًا
وَالزَّاجُ كَوْنُهُ بِقُبْرُصٍ نُسِبْ   اُوْقِيَةٌ حَلَّ مِنْهُ وَاسْحَقْهُ نُصِبْ
وَالْمَاءُ رِطْلًا ثُمَّ مُضْفًا حَرَزًا   وَالْوَزْنُ بِالْمِصْرِىْ فِيْمَا قَدَرًا
ثُمَّ انْقَعِ الْعَفْصَ الَّذِیْ دَقَّقْتَهُ   فِیْ ذٰلِكَ الْمَاءِ الَّذِیْ حَقَّقْتَهُ
٢ وَاتْرُكْهُ فِيْهِ نَحْوَ اُسْبُوْعَيْنِ   حَتّٰى تَرٰى اَحْمِرَارَهُ بِالْعَيْنِ
وَصِفَةُ وَالَّتِیْ فِيْهِ الصَّمْغُ   وَاسْمَعْ لِمَا قُلْتُ اِلَيْكَ وَاصْغِ
مِنْ بَعْدِ ذَوْبِ الصَّمْغِ فِيْهِ جَهْرًا   اَلْقِ بِهِ الزَّاجَ يَكُوْنُ حِبْرًا
مِنْ غَيْرِ شَمْسٍ صَنْعَةٌ وَنَارٍ   وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اللَّطِيْفِ الْبَارِیْ

صفت بیچ عمل زنگار کے ملا و تحریر سے شریف سیمان کے یہ ہے کہ سنگ راخ چھ
درم اور عقاب یعنی نوشادر ایک درم ان دونوں کو جدا جدا خواہ ملا کر خوب باریک پیس
بعد ازاں قلب فول حار یعنی باقلا مقشر لے کر کھرل کریں اور جملہ حوائج یعنی سب اجزاء
اس میں آمیز کر کے سرکہ یا آب لیموں کے ساتھ نے کر حل کریں پھر اس کو چند روزہ
چھوڑ دیں تو وہ زنگار ہو جاوے گا اس کو اپنے کار تصرف میں لائیں۔ صفت دیگر در عمل

---

۱ بعد حمد خداوندولی نعمتوں کے یاد کرلے بیان وصف سیاہی کا جو نافع عام ہے۔ ایک و نیم اوقیہ
مازو سبز اور گوند دو اوقیہ جو سرخ مائل بزردی ہوتا ہے۔ اور زاج جو منسوب بقبرص ہے یعنی
ہیراکسیس اس سے ایک اوقیہ لے اور پانی ڈال کر اس کو سائیدہ کر اور پانی ایک و نیم رطل
از روئے انداز سے کے اور وزن رطل کا بمقدار مصری رکھو۔ بعد ازاں مازوئے سبز کوفتہ و سائیدہ کو
اس پانی میں جس کو ہم نے بیان کیا ہے تر کر ۱۲۔

۲ اور اس کو اسی پانی میں پڑا رہنے دے دو ہفتہ تک یہاں تک کہ اس کو سرخ دیکھے بچشم خود۔
یعنی وہ تیری نگاہ میں سرخ نظر آوے۔ اس کو صاف کر اور اس میں گوند ڈال اور سن مجھ سے
جو کچھ میں نے بیان کیا اور گوش بر آواز رکھ۔ بعد گھل جانے صمغ کے اس آب ماء میں جب
ظاہر ہو تب اس زاج کو اس میں ملا دیوے کہ سیاہی بن جاوے گی و بن جانا اس کا بغیر دھوپ
و بدون آگ کے ہے حمد ہے واسطے خداوند لطیف و آفریدگار کے ۱۲۔

زنگار ایک اوقیہ عقاب یک اوقیہ بر دہ مس یا سنگ راسخ ان دونوں کو خوب باریک سائیدہ کریں اور اس کو سرکہ تیز یا آب لیموں میں گھول دیویں اور تین شب و روز اس کو چھوڑ دیویں یہاں تک کہ وہ دونوں خوب گھل جاویں اور بعدازاں تین رطل نشاستہ گندم بھویں اور اس کے ساتھ دونوں چیزوں کو جو سرکہ لیموں میں حل کی ہوئی ہیں ملا کر یک شب درمیان قرن یعنی تابہ ہندی (کڑاہی) میں رکھیں اور صبح کو اس کے تیئں یک شبانہ روز سایہ میں خشک کریں بعدازاں اس کی پوٹلی بنادیں اور اس کو آہستہ آہستہ محلول کر تین روز دھوپ میں رکھیں کہ زنجار عراقی ہو جاوے گا اس کو جس طرح چاہیں تصرف میں لاویں۔

صفت عمل توتیا

صفت عمل توتیا کمیہ کی یہ ہے کہ رصاص دمشقی ابیض یعنی رانگا ایک رطل اور کبریت مغربی اصفر نقی یعنی گوگرد زرد صاف کیا ہوا نیم رطل لے کر گوگرد کو خوب باریک سائیدہ کریں بعدازاں رانگا ایک ظرف آہنی کڑچھے وغیرہ میں کر کے آگ پر رکھیں جب وہ خوب گداختہ ہو جاوے تو اس پر وہی گوگرد سودہ قدرے قدرے ڈالتے جاویں یہاں تک کہ تمام گوگرد اس میں کھپ جاوے تب اس کو آگ سے اتار کر سرد کریں پھر اس کو خوب باریک پیس ڈالیں کہ وہ مثل کے ہو جاوے گا اور پھر اس کو خوب حل کریں اور اس کی شناخت یہ ہے کہ ایک ظرف گلی پختہ سرخ لے کر اس کی پشت محدب یعنی اس کے پیندے پر جو ڈھالو ہو قدرے ڈال کر دیکھیں کہ وہ ٹھہرا رہا تو پھر اس کو گھونٹیں تاکہ وہ سیلان کرے چنانچہ آب لیموں اس کو پلا پلا کر خوب حل کریں پھر اس ظرف کو جس میں وہ چیز ہے ایک شب تابہ آہنی پر رکھیں بعدازاں اس کو ظرف آہنی سے نکال کر ظرف مسی میں رکھیں اور اس سے ایک رنگ عجیب یعنی رنگ خوش مشاہدہ میں آوے گا اس کو سمجھ اور تدبیر کو پہچان سودمند ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ صفت دیگر عمل توتیا یہ ہے کہ اس قسم کی جس سے فیثاغورث اپنے عمل میں لاتے ہیں اس کو اس قدر سائیدہ کریں کہ مثل سرمہ کے ہو جاوے تو وہ ایک حصہ اور اس کا نیم حصہ سنگ راسخ اور دو

حصہ مردار سنگ مردار جو مرتک یعنی گداز ندہ ذہب ہوتا ہے اور یک حصہ فلی جو سنگ سیاہ مائل بہ کبودی سنگین وزن ہوتا ہے (ظاہراً مراد اس سے کحل ہے) اور قدرے نزروت اشق یعنی انزروت نام دوائے سرخ یا سفید و قدرے قلیل سرمہ سیاہ ان ہر ایک کو پہلے جدا جدا سائیدہ کر کے پھر سب کو ملا کر خوب باریک حل کریں یہاں تک کہ مثل ہبا یعنی مانند غبار روزن کے ہو جاوے پھر سب کو انڈے کی سفیدی میں گوندھیں یہاں تک کہ وہ خوب قوام پر آ جاوے تو اس کو طبق قاب میں ڈھال دیویں پھر اس کو تمام بدن دھوپ میں خشک کریں بعدازاں دونوں کے انگاروں پر شب باش رکھیں یہاں تک کہ وہ بو دینے لگے تب اس کو اتار لیویں اور جب سرد ہو جاوے تو دستمال کر کے مثل قصب یعنی کنڈیوں کے کر ڈالے کہ وہ مانند شقف یعنی خزف ہو جاویں گے پھر اس کو اپنے تصرف میں لاویں اور شکر خدا کریں۔ صفت دیگر عمل توتیا کہ ایک رطل مردار سنگ اور دو اوقیہ شب یمانی ان دونوں کو جدا جدا پہلے پیس کر پھر ملا کر خوب باریک سائیدہ کریں اور ایک اوقیہ نیل ہندی لے کر سرکہ تیز میں بھگو دیں جب گھل جاوے تو اس کو ان اجزاء میں ڈال کر خوب حل کریں اور تسقی و تسمیع کریں یعنی اس کو مانند موم کے کر دیویں یہاں تک سرکہ پلا دیویں یعنی کھپا دیویں کہ اس کا رنگ سبز ہو جاوے گا بعدازاں ان اجزاء کی تقسیم کریں اس طرح کہ دو ثلث یک جا کریں اور ایک ثلث جدا کریں پھر ان دونوں ثلثوں کو انڈے کی سفیدی میں خمیر کریں یعنی گوندھیں اور شیرہ نیشکر میں زعفران حل کر کے ملا دیویں پھر عمل قاب فارسی کا کریں یعنی اس کو ایک قاب میں ڈھال دیویں پھر اس کو بعد مد (یعنی قوام) پکڑنے کے صبح تک تابہ آگ پر رکھیں تو اس کو توتیا نہایت عمدہ پاویں گے پھر اس کو جس طرح چاہیں تصرف میں لاویں۔ صفت عمل سرکہ نہایت عمدہ و لطیف و تیز ایک رطل زبیب سیاہ یعنی مویز سیاہ لے کر سرکہ تیز میں بھگو دیں اور اس کو ایک شبانہ روز اس میں بھیگا رہنے دیں بعدازاں ایک اور رطل سرکہ تیز اسے پلا دیویں پھر اس کو بھی اس طرح ایک روز چھوڑ دیں پھر اس میں ایک اور تیسرا رطل سرکہ ڈال دیں۔ اسی طرح چار رطل سرکہ ڈال دیں چار شبانہ روز میں پھر اس کو اس سرکہ میں تہ نشین نہ ہونے دیں اور اس کو تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد پھراتے جاویں یہاں تک کہ چند روز میں

مدبر ہو جاوے پھر اس کو آگ پر رکھ کر جوش دیویں یہاں تک کہ وہ سارا سرکہ کھپ جاوے اور بستہ ہو جاوے پھر اوپر سے نیم رطل شکر ملا کر دیویں اور اس کو صفحہ سنگ پر ڈھال دیویں یہاں تک کہ خشک ہو جاوے پھر اس کے ٹکڑے بطور قرص کے کر ڈالیں چنانچہ جس وقت سرکہ تیار کرنا منظور ہو تو اس رطل آب شیریں لے کر خوب جوش دیں اور اس میں وہ قرص مصنوعہ ایک اوقیہ ڈال دیویں بعد ازاں اس کو تیز دھوپ میں رکھیں اس طرح کہ ایام گرما کی دھوپ میں تین روز اور ایام سرما کی دھوپ میں نو روز دھوپ دیں تا آنکہ وہ سب سرکہ عمدہ ہو جاوے گا۔ یہ عمل مجرب اور صحیح ہے۔ صفت دیگر برائے عمل جو سرکہ سہل و آسان تر ہے یہ کہ بیچ سبو چہ سرکہ کے یک اوقیہ زبیب یعنی سویز انگور خشک جس کو کش مش کہتے ہیں ڈال کر پانی شیریں بھر دیں اور اس کو پارچہ یا پنبہ یا نمد وغیرہ میں لپیٹ کر دھوپ میں رکھیں چندے تو سرکہ عمدہ بن جاوے گا انشاء اللہ تعالیٰ صفت دیگر بعمل سرکہ یہ کہ آب جوشاندہ عدس بعد صاف کرنے کے پانزدہ رطل لے کر اس میں نیم رطل عسل سیاہ یعنی شہد کہنہ ملا دیویں پھر تین اوقیہ عردیب کہ وہ تمر ہندی ہے ڈال کر جوش دیں یہاں تک کہ ایک ثلث کم ہو جاوے تب اس کو چھان کر بنایئے یعنی نبیذ خرما خواہ شعیر یا نبیذ حبوب میں ملا کر دھوپ سخت میں سات روز تک رکھیں خواہ بیچ قرن کے یعنی پتیلہ میں سات روز رکھیں خواہ قرن میں کر کے دھوپ میں رکھیں اور اسی طرح چاہیں تو نداہ کریں یعنی آگ پر رکھیں کہ یہ بجمیع الوجوہ خوب تر ہوگا اور یہ بارہا بنایا گیا درست آیا۔ صفت قلع زیب حار یعنی دور کرنا روغن گرم تیز کا خوج قسم پارچہ اور اطلس اور جمہ ملونات یعنی نرم چیزوں اور ریشمی کپڑوں سے اس طرح کہ عسل قصب یعنی آب نیشکر رس گنے کا جوش کر کے اس داغ پر چھوڑ دیں اور مل کر نچوڑ ڈالیں اور آب فاتر یعنی نیم گرم سے پاک کریں تو وہ داغ جاتا رہے گا و بعبارت دیگر صفت قلع زیت حیب یعنی حار کی ساتھ غاسول یعنی شنان اور صابون کے ہے۔ صفت قلع زیت طیب یعنی دور کرنا روغن خوشبودار و دیگر ہر قسم روغن کا جبکہ پارچہ لباس نو پر گر پڑے چنانچہ نخود مقشر باریک پیا ہوا یعنی بیسن کو خوب سا آب انگشتال کریں اور اس طبع یعنی داغ روغن پر قدرے پانی کا چھینٹا دے کر وہ بیسن گھسا ہوا اس پر لیس دیویں اور دھوپ میں رکھ دیویں

تا آنکہ خشک ہو جاوے تب اس کو ہاتھوں سے مل ڈالیں بالکل صاف ہو جاوے گا۔ صفت دور کرنے روغن کی کسی طرح کا روغن ہو کہ اس کو آب لیموں اور بول سے دھو ڈالیں اگرچہ چھو بھی جاوے گا تو چھوٹ جاوے گا۔ صفت ازالہ داغ جمیع میوہ جات و نباتات کا ترش ایض وغیرہ یعنی رخت و جامہ ریشمی سفید وغیرہ سے یہ ہے کہ بورق یعنی بورہ جو مثل نمک کے ہوتا ہے ہندی کچلون کو کہتے ہیں اس کو خوب باریک پیس ڈالیں اور اس پر سے لیموں سبز نچوڑ کر آگ پر جوش دیں اور جتنے کپڑے میں داغ ہو اسی قدر تمام کو اس میں غوطہ دیں وبعد ازاں دھو ڈالیں تو چھوٹ جاوے گا۔

صفت قلع خضاب و ازالہ ہر قسم رنگ

صفت قلع خضاب یعنی ازالہ ہر قسم رنگ عموماً و خصوصاً رنگ وسمہ و حنا و گلگونہ وغیرہ و یہ کہ رطب یعنی خرما تر و تازہ لے کر جائے رنگ پر مالش کریں اور اگر رطب دستیاب نہ ہو تو عجوہ یعنی خرما خشک جس کو تمر عدنی کہتے ہیں اس کو تر کر کے ملیں تو رنگ جاتا رہے گا۔

صفت قلع حبر سیاہی

صفت قلع حبر سیاہی دوات وغیرہ اطلس و زربفت سے یہ کہ حماض یعنی ترشہ واترج یعنی نارنج و قدید طور پر نام دو اشنان اشنان ، از یں جملہ دونوں اخیر کو باریک پیس کر حماض میں ڈال کر حل کریں۔ پھر اس کو موضع داغ پر لگا کر ہاتھوں سے مل ڈالیں سیاہی دور ہو جاوے گی۔

صفت ازالہ داغ منی

صفت قلع طبع منی یہ کہ شہد مع موم لے کر داغ پر لگا کر مل ڈالیں صاف ہو جاوے گا۔

صفت قطع دم طری

صفت قطع دم طری یعنی ازالہ خون تازہ اس طرح کہ اسی وقت آب گرم سے تر کر دیویں وبعد ازاں دھو ڈالیں۔ صفت قطع دم حریر سے یعنی جامہ ریشمی سے اور صوف یعنی پشمی سے یہ کہ آب آب سرد سے نمک ملا کر دھوئیں وبعد ازاں صابون سے دھوئیں صاف ہو جاوے گا۔

صفت قلع بول فار

صفت قلع بول فار یعنی ازالہ بول موش وراسو کا اس طرح کہ لیس حامض یعنی دوغ دہی ترش [illegible] میں داغ صاف ہو جاوے گا۔

صفت قلع رفت

صفت قلع رفت کہ وہ گوند یک درخت کا ہے چنانچہ جس لباس وغیرہ میں اس کا داغ لگ جاوے تو خطمی یعنی آرد گندم اس پر لگا کر ہاتھوں سے مل کر آب صابون دھو ڈالیں صاف ہو جاوے گا۔ صفت قلع قطران کہ وہ ایک روغن سیاہ ہے جو روغن سرد کوہی یعنی چیز مشہور ہے اگر روغن کا داغ پڑ جاوے تو اس کو شیر تازہ دوشیدہ جوشانیدہ سے مل کر دھوئیں پھر پانی و صابون سے دھو ڈالیں دھبہ صاف داغ جاتا رہے گا۔

صفت قلع شمع

صفت قلع شمع یعنی ازالہ دھبہ موم کا حریر سفید و ہر قسم لباس ریشمی سے اس طرح کہ شیرج روغن کنجد کو آگ پر خوب جوش دے کر اس میں اسی قدر دھبہ پکڑ کر غوطہ دیں تو چھوٹ جاوے ایضاً۔

صفت دیگر قلع شمع حریر

صفت دیگر قلع شمع حریر و صوف یعنی جامہ ریشمی مثل گلیم وغیرہ و بسط یعنی فرش و سفرہ و جو خ یعنی کپڑے سوتی سے یہ ہے کہ ایک ورق کاغذ لے کر داغ موم پر رکھیں اور اس پر چلسہ یعنی مجیفہ و کاسہ رکھیں اس میں آگ بجھی ہو اور اس کو کاغذ پر پھرا دیں (جس طرح دھوبی استری پھراتے ہیں) یہاں تک کہ وہ تمام دھبہ موم کا وہ کاغذ آگ کے زور سے اٹھا لے گا۔

صفت قرص

صفت قرص جو رنگ جامہ سبز و زرد فستقی یعنی پستہ [1] بدل دیوے یعنی کاٹ دیوے

---

[1] پستہ بادام کا [illegible] ۱۲۔

اور وہ یہ ہے کہ بورق یعنی بورہ ہندی چلوں پانچ درہم اور اسی قدر محلب یعنی تخم محلب کہ نام ایک درخت ولایتی کا ہے اور تین درم صابون ان سب کو سائیدہ کر کے قدرے قدرے پانی ڈال کر قرص یعنی ٹکیاں بنا لیویں اور خشک کر رکھیں جب اس کو کام میں لانا چاہیں تو قدرے پانی موضع رنگ پر چھڑک کر قرص کو اس پر صابون کی طرح ملیں صاف ہو جاوے گا۔

صفت قلع حبر

صفت قلع حبر حصیر سے یعنی دور کرنا سیاہی دوات کا فرش بوریا سے اس طرح کہ اس کو پونچھ ڈالیں جب وہ خشک ہو جاوے تو اس پر خاک خشک ڈال کر ہاتھوں سے ملیں اور جھاڑیں۔

صفت قلع حبر اوانی

صفت قلع حبر اوانی سے یعنی دور کرنا سیاہی کا ظروف سے یعنی جس میں دھبہ پڑ جاوے تو نواۃ مشمش حلو یعنی دستہ زرد آلو کے شیریں جس کو خوبانی کہتے ہیں لے کر خوب سا چاپ کر داغ پر داغ پر ملیں دور ہو جاوے گا۔

صفت صاف کرنے حریر

صفت صاف کرنے حریر وغیرہ تمام نرم چیزوں ریشمی کپڑوں کی یہ ہے اشنان کو پانی میں جوش کریں اور بعد سرد ہونے کے اس سے ہر قسم کے ریشمی کپڑے مل کر دھو ڈالیں۔ صاف ہو جاوے گا اگر فقط شیرج یعنی چھینٹ روغن کنجد کی کپڑے پر پڑ جاوے تو اس پر باقلی خشک سائیدہ چند بار ملیں چھوٹ جاوے گی۔

صفت قلع حبر

ایضاً صفت قلع حبر یعنی ازالہ سیاہی دوات وغیرہ ہر قسم کے لباس سے وہ یہ ہے کہ اشنان از قسم اصافیری لے کر پانی میں بھگو دیں اور اس کو آگ پر جوش کریں یہاں تک کہ ثلث پانی جل جاوے بعد ازاں آب صابون سے صاف کر کے بورق یعنی کھلون و آب لیموں اضافہ کریں اور پہلے اس داغ کو پانی سے دھوویں اور اکثر ہم نے دھبہ سیاہی کا فقط

آب لیموں سے وبعدازاں آب صابون سے صاف کیا ہے تو وہ بالکل چھوٹ گیا ہے۔

صفت قلع دہن

صفت قلع دہن یعنی دور کرنا چکنائی کا ورق کاغذ سے اس طرح کہ بحش تحمض[1] یعنی سنگ طبق دار سوختہ جس کو گچ کہتے ہیں خواہ مراد بہ برق مثلاً ایک حصہ وحجر باز یعنی بادزہرو فادزہر کہ وہ سنگ تریاقی ہے معروف ربع حصہ دونوں کو باریک کرکے کاغذ پر پھیریں چکنائی جاتی رہے گی۔

صفت درازی مو

صفت درازی موئے کہ مرسیس یعنی مورد نے کرخمیہ شراب میں بھگو دیں اور اس قدر روغن وشیرج کو ملائیں اور جوش دیویں کہ شراب حل ہو جاوے اور روغن رہ جاوے تو اس کو استعمال میں لاویں بالوں کو سیاہ اور دراز کرے گا اور گرنے جھڑنے سے حفاظت بھی کرے گا۔

صفت عین القطر

عین القطر ایک گیاہ ہے کہ شاخیں اس کی زمین پر پھیلتی ہیں یعنی اس کی بیل چلتی ہے اس کے برگ مثل کبودی ہوتے ہیں در برگ کوچک مدور ہوتے ہیں اور مثل چشم کوچک کے اس سے خلط سوداء بہت پیدا ہوتے ہیں اور برائے خارش خشک وتر کے بہت نافع ہے دھواں اس کا موش کش ہے ورجبکہ اس کا جنون کے دماغ میں پہنچتا ہے تو اس بحینابی تمام حاصل ہوتے ہیں۔

سرین

سرین یعنی سترس جس کو ہندی میں سیوتی کہتے ہیں وہ گل خوشبو ہے اس کے خواص سے یہ ہے کہ قوت دیمبائے شکم ہے اور طنین دوی کو جو کانوں میں ہوتی ہے بہت نافع ہے (طنین آواز۔ ایک دوی آواز گراں کہ دونوں آواز گوش ہیں اور یہ وہ آواز ہے جس کو کان بجنا کہتے ہیں) وغیرہ اس کے خواص سے یہ ہے کہ وہ مسکن صداع ہے فی الفور

[1] تحمض نحو دیدیہ تحمض سنگ ... کہتے ہیں جس کا چونا بنتا ہے۔۱۲

یعنی دوران سرفوراً جاتا رہتا ہے آس کہ وہی مرسین ہے یعنی مورد یعنی ہبتہ بین درخت مورد وہ ہے جو سبز نیل مصر اگتا ہے اور وہ معروف ہے برگ اس کے خوب گہرل میں حل کر کے سر پر ضماد کریں تو رعاف یعنی نکسیر بہنا موقوف ہو جاوے گا ورتخم اس کا حبس بول کو جاری کرتا ہے اسہال کو بہت نافع ہے سعال کا قاطع ہے اور ضماد اس کا اوجاع مفاصل کا دافع ہے یعنی جوڑ بندوں کا درد دور کرتا ہے اور اس کے جوشاندہ میں جب عورت کو جس کے تئیں عارضہ رطوبت فرج کا ہو بٹھا دیویں تو خشک ہو جاوے اور جب اسی جوشاندہ سے بالوں کو دھوئیں تو سیاہ اور مضبوط کرے اور اس کے برگ سبز بھی یہی عمل اس کے تخم کا کرتے ہیں اور جوشاندہ برگ سبز ممسک اسہال ہے اور نافع قروح امعا اور خاکستر اس کے برگ خشک کا سرے کے لئے قائم مقام توتیا کے ہے۔

صفت وخواص تین (انجیر)

تین (انجیر) اصحاب فلاحت یعنی مزارعان وکاشتکاران کہتے ہیں جب ارادہ انجیر بونے کا کیا جاوے تو اس کے عروق یعنی اس کی جڑوں کو پانی ورنمک میں کاٹ کر ڈال دیویں بعدازاں اس کو بودیں تو حسب مراد اگے گا اور اس کی کثرت اور حلاوت بہت ہوگی اور اس کے جدر یعنی تھالے میں بول وبراز ڈال دیویں تو وہ تلف ہو جاوے اور شیر اس کی شاخوں کا زخم گزیدہ مارو عقرب پر زہر کو روک لیتا ہے اور خاکستر اس کی چوب خشک کی قاتل کرمہا ہے اور اس کے ثمر سے حقنہ کیا جاتا ہے کہ وہ کسی طرح کی بیماری جو سردی سے ہو اس کو نکالتا ہے اور نہار کھانا اس کا تفتیح مجاری غذا کی کرتا ہے یعنی جن راہوں اور رگوں سے غذا جاتی ہے ان کو کشادہ کرتا ہے اور انجیر جبن عتیق کے ساتھ کھاویں یعنی پنیر برساختہ جب نوش کریں تو اس کے ساتھ انجیر نہ کھاویں کہ معدہ ردی وخراب ہوتا ہے۔

صفت وخواص رمان

رمان یعنی انار گر اس کی خشک لکڑی جلائی جاوے تو دھواں اس کا ہوام کو یعنی جانور ان زہردار کو دور کرتا ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ طیور یعنی اکثر پرندے اس کے نکلے

اپنے آشیانے کے لئے برائے دفع ہوام اٹھائے جاتے ہیں اور اس کی لکڑی کی مار سے بہت چوٹ لگتی ہے اور اس کی چوٹ پر خون اسپ سبزہ رنگ کا بہت اثر کرتا ہے اور اس کی چھال واسطے رنگ کرنے اور پکانے اور بنانے کھال کے عمدہ دباغ ہے اور گلی اس کی چھال کی مسوڑھوں کو سخت اور دانتوں کو استوار کرتی ہے۔

خواص صنوبر

صنوبر ایک درخت عظیم ہے جس کی چوب خشک کا بخور ہوام یعنی جانوران گزندہ اور سوس یعنی جوں و پشہ و چیچڑی وغیرہ کو دور کرتا ہے اور زخموں کو بھرلاتا ہے قصب الزریرہ یعنی چرائتہ ططم بن دامر ہندی نے کہا ہے کہ

صفت منافع ومضار قصب الزریرہ

جس جا طلسم ہو اور جہاں کہیں سحر ہو تو وہاں دھواں قصب الزریرہ کا حرکت وانفعال طلسم سحر کو باطل کرتا ہے اور اگر اس کی خاکستر روغن زیتون میں مدبر یعنی پرورده کی جاوے تو اقرع کو یعنی جس کے سر میں آبلے اور گنج ہو بہت نافع ہے اور سونگھنا اس کا موجب ضعف بدن ہے تو اس سے دور رہنا چاہئے اور زیرہ نافع ہے واسطے جلے ہوئے کے آگ سے لیموں دفع کرتا ہے زہرہائے قاتل کو اور فرو کرتا ہے غصہ کو۔

خواص لیموں

اور لیموں سبز مع پوست پیس کر بغل میں رکھ لیویں تو بدبو اور گندگی بغل دور ہو جاتی ہے اور بدن میں جس جا خلط ردی و فاسد نے گرفتگی کی ہو تو اس جا میں مالش لیموئے برشتہ بآتش نہایت نافع ہے اور قشر و ورق لیموں یعنی پوست و برگ اس کا نافع ہے زہرہائے قاتلہ سے۔

منافع مشمش

مشمش یعنی زردآلو خوبانی اگر خستہ خوبانی جلا کر باریک پیس کر اقرع و انجح یعنی جس کے سر پر آبلے ہوں یا گنج ہو اس پر چھڑک دیویں تو اچھا جائے گا اور جس کے پیٹ میں کیڑے ہوں یا سانپ ہو ان سب کو قتل کرتا ہے۔

منافع نارنج

نارنج نارنگ نارنگی اگر برگ اس کے چباویں تو دہن خوشبودار ہو اور بوئے سیر و پیاز کو دور کرتا ہے اور زہرہ یعنی غنچہ اس کا مقوی قلب و نافع دماغ ہے اور اگر اس کو درخت و سباس میں رکھیں تو مدت اس کی خوشبو باقی رہتی ہے۔

خواص فول

فول باقلا اگر مرغیوں کو کھلایا جاوے تو اس کے انڈے قطع ہو جاویں۔ بخلاف کبوتروں کے کہ اس کے کھلانے سے ان کے انڈے زیادہ ہوں۔

منافع ومضار پیاز

بصل پیاز بعض حکماء نے کہا ہے کہ پیاز تمام کثرمنی ہے اور جسکو پیاز سفید انڈے کے ساتھ پکاویں تو منی کی کثرت ہو اور وہ برائے جماع بہت معین اور مفید ہے اور مداومت اس کی بخورش عقل کو زائل و فاسد کرتی ہے اور پیاز بھنی ہوئی کھاوے تو رنگ کو سرخ کرتی ہے ظاہرا زخم پر اور طلاء و مالش آب پیاز پر زخم گزیدگی سگ کے نافع ہے اور فشردہ اس کا آنکھوں میں لگانا برائے جلائے بصر بہت مفید ہے اور آب پیاز باشہد قاطع ثالیل یعنی دافع اقسام دل کی ہے وبخط بعض علماء کے پایا گیا ہے کہ جو کوئی ارادہ جماع کا کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ انزال نہ ہووے۔

فوائد برگ انگور

برگ انگور پر کلمات مذکورۃ الذیل لکھ کر بائیں ران میں باندھ لیوے
اَبْجَدْ-هَوَّزْ- حُطّيْ-كَلَمَنْ-سَعْفَصْ قَرَشَتْ- ثَخَذْ- ضَظَغْ- وَقِيْلَ[1] يٰاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاءَكِ وَيٰاسَمَاءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ اُمْسِكْ اَيُّهَا الْمَاءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ فُلَانِ بْنِ

[1] اے زمین تو پی لے اپنے پانی کو اور اے آسمان تو بارش کو قطع کر چنانچہ آب باراں ٹھہر رہا اور

قلاقة بلا حزن ولا قوة الا بالله العلي العظيم وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم

فوائد ترمس

ترمس یعنی باقلاے مصری کہ روغن اس کا بالوں کو نرم کرتا و سیاہی وانبوہی لاتا ہے اور چہرے سے کلف یعنی دھبہ و جھائیں کو دور کرتا ہے اور اگر اس کو پانی میں جوش دے کر آب جوشاندہ مکان میں چھڑک دیں تو مکھیاں بھاگ جاویں اور اس کو میدہ کرکے ساتھ جبرہ کے نام گیرہ مغربی کا ہے ملا کر اس کی سفیدی مکان میں کرے تو مچھر تا مدت اس کے قریب نہ آویں گے۔

فوائد حرمل وزبیب الجبل

بزرحرمل اگر سرکہ میں بھگو کر مکان میں چھڑک دیں تو مکھیاں دور ہو جاویں زبیب الجبل یعنی مویز کوہی نام یک دوائے شیرازی کا ہے جب اس کو مضغ کریں یعنی چباویں تو وہ فرو کر دیتا ہے سر سے بہت سی چیزوں کو یعنی عوارض کو اور اسی کا غرغرہ کریں۔

فوائد سمسم

سمسم یعنی کنجد تل کہ وہ معروف ہے حلاوت و رونق دیتا ہے طعام کو بلکہ وہ زینت ہے واسطے طعام کے چنانچہ سمسم درمیان طعام مثل زیور زنان ہے اور اکثر پیدائش اس کی سرزمین مصر میں ہے اور وہ روشن ہوتا ہے و سفید اگر انسان اس کے سات دانہ مضغ کے نگل جاوے تو اس سال آشوب چشم سے امن میں رہے گا اور بعضوں نے کہا ہے کہ سات برس تک امن میں رہے گا۔

فوائد کزبرہ قول حکیم جالینوس کا ہے کزبرہ یعنی کشنیز سبز و تازہ تقویت دیتا ہے کبد کو سرخ کرتا ہے رنگ اس کو اور صاف کرتا ہے معدے کو۔

اور خدا جوڑی ہو یعنی جب تک بیٹ روشن نہ ہو حق تعالیٰ نے اس کو بچھا دیا کہ جاوے ازال پشت سے فرق ... لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم سے ۱۲۔

فوائد جزر

اور جب جزر یعنی گاجر کو سرکے کے ساتھ کھاویں تو وہ زردی چہرے کی دور کرتا ہے اور تشنگی کو فرو کرتا ہے اور کزبرہ یعنی کشنیز سبز نمک سے کھاویں تو سیلان و ریزش آب دہن کو مفید ہے اور معدے کو مقوی اور جس کے تئیں ورم ہو تو آب کشنیز سبز ورم پر مالش کریں نافع ہوگا باذن اللہ تعالیٰ۔

فوائد جگر ماکیان

اگر جگر ماکیان و کشنیز خشک سائیدہ بریان نوش کریں تو زائل کرے گا حزن فسول اور دور کرے گا گرانی بدن و سختی دگری کو اور جس شخص کے سر میں زخم ہو اور اس سے لہو بہتا ہو تو جب کشنیز خشک سائیدہ کرکے شکر کے ساتھ گلاب میں گوندھیں اور ایک خرقہ یعنی لتہ پر بطور مرہم لیپ کر اس کو زخم پر رکھیں تو خون بند کردے گا اور زخم اچھا کردے گا۔

فوائد سعد کوفی

اور صفت سعد کوفی کہ معروف ہے اگر اس کو سائیدہ کرکے زخم تر پر چھڑکیں تو اچھا ہو جائے گا اور پینا اس کا برائے دفع زہر عقرب کے بھی نافع ہے۔

فوائد شیح

شیح یعنی درمنہ اس کے خواص کثیر ہیں۔ بعض ان میں سے یہ ہیں کہ وہ کرم ہائے شکم کو قتل کرتا ہے اور ریاح کو دور کرتا ہے اور اگر پانی میں بھگو کر خیساندہ اس کا صاف کرکے صبح کو شکر کے ساتھ پیا کریں تو رنگ کو سرخ کرتا ہے۔

فوائد شمر

شمر یعنی رازیانہ انیسون جو کوئی تین درہم سفوف رازیانہ ہر شب وقت خواب نوش کیا کرے تو ریاح غلیظ دفع ہو جاویں اور آنکھوں میں روشنی زیادہ ہو۔

فوائد سندروس

سندروس کہ وہ صمغ ایک درخت کا ہے اور اس کے خواص سے یہ ہے کہ جب اس کو روغن کتان میں حل کرکے فسردہ ہو جو شقاق و شگاف ہوں لگا دیں تو بجا آویں گے بہت نفع ہے اور اسی طرح خفقان یا (دوری) کو بھی مفید ہے اور بخور اس کا مبارک ہوتا ہے۔

فوائد شجرہ مریم

شجرہ مریم نام ایک گیاہ کا ہے اس کے بعض خواص یہ ہیں کہ جب بخور اس کا کریں تو جس کو نظر بد ہوا اس کے لیے نہایت نافع ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ وہ اجنہ یعنی جنین شکم کو ساقط کرتا ہے۔

فوائد کندر

کندر یعنی بان نراس کے بعض خواص سے یہ ہے کہ جس شخص پر سزائے ضربات تازیانہ واجب ہوں تو وہ شخص کندر کھا کر اوپر سے پانی پی لیوے اور صعتر فارسی خواہ زبیب جبل بھی کھا لیوے تو اس کو صدمہ ضربات کا نہ پہنچے گا اور زبان بستگی کے لئے بھی نافع ہے۔

فوائد زیت

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ زیت یعنی روغن زیتون میں نمک ملا کر صاحب عیاء یعنی جو شخص راہ چل کر تھکا ماندہ ہو مالش کرے تو کھل جاوے گا اور ماندگی دفع ہوگی۔

فوائد شتیٰ یعنی بیان فوائد متفرقہ

برائے درد دست و پا

واضح ہو کہ بعض فوائد سے واسطے دفع درد ہر دو دست و ہر دو پائے یہ ہے کہ اس آیہ کو محمد بن جس نے ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے اس کے گلے میں ڈال دیں تو درد دور

ہو جاوے گا باذن اللہ تعالیٰ اس تعویذ کو بعض نے درد سر کو مجرب لکھا ہے اور وہ آیہ یہ ہے۔ وما لنا ان لا نتوکل علی اللہ الآیہ[1] اور جو چیز کہ واسطے علاج بدن کے نافع ہے شقاق، شگاف وغیرہ سے یہ ہے کہ موم و زفت کو روغن بسم آگ پر پگھلا کر شب کو بدن میں مل کر سو رہیں صبح کو حمام میں دھو ڈالیں۔

برائے دفع شقاق و درد کمر

اور بعض فوائد سے برائے درد ظہر یعنی پشت و کمر کے یہ ہے کہ مرسین ناشف اعنی مورد خشک و زرود و زنجبیل ان سب کو برابر لے کر پیس کر اس میں روغن گل و سفیدی بیضہ مرغ اضافہ کریں اور بعد ازاں اندر حمام کے جا کر پشت درد کی جائے اور دوا کو رکھیں اور توقف کریں یہاں تک کہ خوب عرق آوے بعد ازاں مغطس یعنی حوض حمام میں غوطہ لگاویں اور چادر لپیٹ کر حمام سے باہر نکلیں اور سو رہیں کہ نافع اور مجرب ہے

برائے دفع نعرہ

اور بعض فوائد سے برائے دفع درد پشت یہ ہے کہ زرورد ایک اوقیہ اور مرسین ناشف ایک اوقیہ و زیت طیب یعنی روغن زیتون خوشبودار و نیم اوقیہ بدستور مذکور سائیدہ مخلوط کرکے پشت و کمر پر رکھیں نافع ہے اور بعض فوائد سے واسطے دفع نعرہ یعنی زند خلل وسوسہ و خلجان کے مجرب ہے کہ ایک پارہ فردہ یعنی پوست یا برگ خشک پر لکھ کر درد کی جگہ رکھیں اور جو چیز لکھی جاوے وہ یہ ہے۔

[1] تمہ آیہ بعد علی اللہ وقد ہدانا سبلنا ولنصبرن علی ما آذیتمونا وعلی اللہ فلیتوکل المتوکلون یعنی ہمارے لئے کیا ہے اور ہم کو کیا ہوا ہے کہ ہم حق تعالیٰ پر تکیہ و بھروسہ نہ کریں اور حالانکہ اس نے ہم کو راہ راست کی طرف ہدایت کی ہے اور بالضرور ہم صبر و استقامت کریں گے ایذا و آزار پر جو تم نے ہم کو ایذائیں پہنچائیں اور توکل کرنے والوں کو چاہیے کہ ہم سے خوف کرتے ور ڈرے رہیں۔ ۱۲

قمش دوبار قمشین دوبار قشر دوبار یخرج الحی من المیت یخرخون اخرج العرۃ بالف لاحول ولا قوۃ الا باللہ لعنی لعضہم اور بعض فوائد سے واسطے دفع نغرہ کے یہ بھی نافع ہے کہ ایک پارہ پوست گوسفند کے لکھ کر درد کی جاپر رکھ جاوے تو وہ اچھا ہو جاوے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔ ادم سے موسی کلم فرعون غرق اسکن ایہا الوجع عن فلان بن فلانۃ بحق نوح والیاس سلمات تسلیمات کما سکنت الرحمۃ عن منائح اہل القری اصاوت ال شدای سرع بعقود بحق لعہود۔

برائے درد شکم

اور بعض ان فوائد سے واسطے اس شخص کے ہے جس کے شکم میں درد وغیرہ کسی عارضہ کی شدت ہو درد وہ شخص مکتوم یعنی غائب منظر ہو کہ اس کو یہ شدت عارض ہوئی ہو یا یہ کہ وہ عارضہ معلوم وغیر مشخص ہو بہر کیف اس کے لئے ایک پرچہ کاغذ پر سورۃ الم نشرح تمام لکھی جاوے اور اس کے ساتھ یا اللہ دس بار لکھ جاوے وبعد ازاں یہ کلمات لکھے جاویں کہ اللّٰھم فرج عنک فلان واضرب عنہ ھذہ الشدۃ بحق سورۃ الم

قمش وغیرہ سب نام موکلوں کے ہیں ۱۲ تمہ آیہ وتخرج المیت من الحی وتحی الارض بعد موتہا وکذلک تخرجون یعنی نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے مثل بچہ بیضہ اور نکالتا ہے مردے کو زندہ سے مثل بیضہ جیسا اور زندہ کرتا ہے زمین کو یعنی آباد کرتا ہے بعد مرگ زمین کے یعنی بعد ویرانگی کے اور اسی طرح تم روز حشر زمین سے نکالے جاؤ گے یعنی پھر پیدا کئے جاؤ گے ۱۲ نکل جاوے نغرہ یعنی حصہ ہاں بزور بغیر حول و قوۃ الا باللہ کے ۲۔

یعنی ... موسیٰ کلیم ہوئے اور فرعون غرق ہو یہ کلمات سب افسون ہیں ۱۲ ... وتسلیم جس طرح ... اصابت آل شداے اسماء الہیہ ... افسون کے شاید مراد ... یا اللہ لشاش کر ... بحق سورۃ الم نشرح ۲۔

نشرح وبحق یا اللہ وبعد ازاں اس ورق تعویذ کو مریض کے شکم پر رکھ کر باندھ دیویں تو جس قسم کی شدت اس کو ہو حق تعالیٰ اسے شفا بخشے گا۔

برائے یرقان واورام

اور بعض فوائد سے دفع یرقان اور اورام کے لئے یہ ہے کہ سورۃ لم یکن تمام لکھ کر پانی میں دھو کر پلاویں ونیز اسی سورۃ کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں حق تعالیٰ اپنے کرم ولطف سے وہ عارضہ دور کرے گا اور بعض فوائد سے واسطے زردی مدے یرقان کے یہ ہے کہ قرفہ یعنی تج وقرنفل وگل سرخ ومحلب ولائتی وحرمی یعنی خیری وحشی یا شبوی مرتکی صمغ درخت مغربی وعود سفید وتریاق وجنطیانا یعنی انگورہ وورکفہ یعنی مسعود مریم اشجرہ مریم ورق خبط یہ چیزیں مخزن وغیرہ میں پائی نہیں جاتی ہیں شاید بمعنی ورق الخبل ہو وکمون کرمانی و کمون عادت یعنی دونوں کمون کہ زیرہ وکالی زیری ہے دیکھو تمام دوا ہے مقدار تین فنجین یعنی فنجان پیالی بھر کر اس کو تمام شب زیر انجم یعنی تاروں کے سایہ میں رکھیں اور صبح کو مریض کے تین روز پیالے ہر روز ایک فنجان نہار پر پلاویا کریں صحت پاوے گا باذن اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع مغص

اور بعض فوائد سے واسطے دفع مغص یعنی پیچش شکم و پیچ ناف کے یہ ہے کہ اپنے کف دست پر لکھ کر مریض کو چٹاویں اور وہ اسم ثامن ہے طہاطیل سے یعنی آٹھواں نام موکلان ہے کہ وہ فعجل ہے۔

برائے ورم

اور یہی چیز ورم کے واسطے ہے کہ جہاں کہیں بدن میں ہو ایک پرچہ کاغذ پر لکھ کر اس پر چپکا دیں۔

برائے مزید شیر

اور یہی واسطے جاری ہونے شیر کے ہے کہ پستان زن پر لکھا جاوے۔

برائے دفع خفقان

اور بعض فوائد سے واسطے خفقان قلب کے کہ وہ ہول دل کا مرض ہے کہ آیۃ مذکورۃ الذیل ایک ظرف گلی نو خیز و آب نا رسیدہ میں لکھ کر آب طاہر باراں خواہ آب چاہ سے جس پر آفتاب نہ پہنچا ہو دھو کر مریض کو پلا دیویں تو خفقان اس کا سکون پذیر ہوگا اور وہ آیۃ یہ ہے۔[۱] لعمرک انهم لفی سکرتهم یعمهون

برائے درد خاصرہ

اور بعض فوائد سے واسطے درد خاصرہ یعنی تہیگاہ اور واسطے کمی شیر کے اور واسطے اس عورت کے کہ جس کا حیض بند ہوگیا ہو تو آیات وغیرہ مذکورۃ الذیل ہیچ پوست باریک آہو کے لکھ کر ڈورہ صوف یعنی پشمی جس میں تین رنگ ہو سرخ، سیاہ، سفید اس میں باندھ کر مریض کے گلے میں لٹکا دیویں اور وہ آیات وغیرہ یہ ہیں سورۃ الفاتحہ تمام و بعدازاں[۱] اِنَّ رَبَّكُمُ الآية لئن انجيتنا مِنْ هٰذِهِ الآيةِ بسم الله وَاللهُ يَعْلَمُ ما تحمل[۳] الآية[۴] ذٰلِكُمُ اللهُ رَبُّكُمْ خالِقُ كُلِّ شيءٍ تا رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وقُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ تا آخر سورۃ و بسم اللہ و سورۃ الفلق تا آخر و بسم اللہ و سورۃ الناس تا آخر[۵] بِاسْمِ اللهِ اشف فلانة بنت فلانة مما تجد من وجع الخاصرة وَوجع ثديها مِنْ قيحٍ اَوْيَدفعنا مِنْ وَرَمٍ اَوْنقص لبنٍ اَوْانسداد حيضٍ اَوْماءه وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِىْ شرٍّ اِنسٍ وجنٍّ اٰمين يٰربَّ الْعٰلَمِيْنَ ابراهيم خليل الرحمٰن وموسٰى وهارون ومحمدٌ خاتم النَّبِيِّيْنَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اشف انت الشافي والشفاء منك ولا شافي غيرك۔

---

[۱] یہ تین آیتیں ہیں بڑی بڑی سورۃ آل عمران کے نویں رکوع میں اور تلک الرسل کا سترھواں رکوع ہے۔۱۲

[۲] یہ آیۃ سورۃ اعراف کے ... رکوع میں شروع میں ہے۔۱۲ [۳] تتمہ آیۃ بعد من ہذہ لنکونن من الشاکرین یعنی البتہ اگر تو نجات دے اس مصیبت سے تو ہم البتہ ہم تیرے شکر گزاروں میں

برائے دفع کری وگرانی گوش

اور بعض فوائد نافعہ میں سے واسطے بہرے ہونے کان کے اور واسطے اس کے ریمناک ہونے کے۔

برائے دفع کرمہائے گوش

اور واسطے مارنے کیڑوں کے جو اندر کان کے ہوں چنانچہ آب چقندر جب کان میں ٹپکایا جاوے تو برائے ثقل سماعت نافع ہے اور طنین پردہ گوش یعنی بھنک کان کی دور کرے گا اور سیلان ریم کو دفع کرے گا۔

برائے سیلان ریم گوش

اور بعضوں نے قید و تخصیص پیاز سفید کی ہے کہ فشردہ پیاز سفید کا اقاطر کرنا چاہئے اور جس کے کان سے ریم رواں ہو اگر اس میں بوئے بوبرہ ڈالیں تو بند ہو جاوے گا اور حنظل کو روغن زیتون میں پکا کر اس روغن سے جس کے کان میں کیڑے ہوں ٹپکاوے تو کیڑے مر جاویں گے اور کری کو بہت نفع کرے اور دوی جو عارض یعنی کان کا بجنا اور آواز کا بھیانک کان میں آنا موقوف ہو جاوے۔

سے ہوں۔۱۲ [۳] تتمہ آیۃ بعد ما تحمل کل انثی وما تغیض الارحام وما تزداد وکل شیء عندہ بمقدار یعنی حق تعالیٰ خوب جانتا ہے جس چیز کی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور جانتا ہے جس قدر رحم ان کے نقصان کرتے ہیں یعنی جو کچھ ان کے رحموں میں ناقص الخلقت ہوتا ہے اور جو کچھ تام الخلقت ہوتا ہے اور بڑھتے اس کے نزدیک باندازہ ہے۔۱۲ [۴] ذلکم تا رب العالمین یہ تین آیتیں سورۃ المومنون کے ساتویں رکوع میں اور جز چوبیس کے رکوع میں ہیں۔۱۲ [۵] بنام خدا شفا دے فلاں عورت کو جو دختر فلاں عورت کی ہے اور اس دردوں سے جو اس کے ران و پستان میں ہیں ریم اور ورم سے اور ہر آزار کہ اس کے بدن میں ہے آماس سے نقصان شیر سے یا بند ہوئے خون حیض سے یا رطوبت رحم کے اور شر سے تمام اہل شر کے کہ وہ انس سے یا جن سے ہوں آمین یارب العالمین بحق ابراہیم خلیل الرحمن و موسیٰ و ہارون و محمد خاتم النبیین علیہ الصلوۃ والسلام شفا بخش کہ تو شافی ہے اور شفا تیری ہی جانب سے ہے اور تیرے سوا کوئی شافی نہیں۔۱۲

برائے دفع طنین دودی

اور پکانا روغن حنص کا دودی طنین گوش کو بہت نافع ہے اور کان کے کیڑوں کو مارتا ہے۔

برائے علاج کری ابتدائی

اور جس کے کان میں کری ابتدائی ہے یعنی اس کو کری شروع ہے تو حنفس کلاں یعنی بڑا گیرا ندہ لیویں اور اس کو دو ٹکڑے کر کے کان میں نچوڑیں عارضہ زائل ہو جاوے گا اور اسی وقت سماعت درست ہو جائے گی اور سننے لگے گا۔ یہ مجرب اور صحیح ہے۔

برائے جذب چشم وجلاء بصر

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کچھ رطوبت سے پیچ شکم خنفس کے ہو اگر بطور سرمہ وانجن کے آنکھوں میں لگادیں تو نگاہ تیز ہوگی اور پردہ ہائے چشم کو جلا ہو اور سفیدی جو آنکھ میں پڑ جاتی ہے یعنی جالا چھا جاتا ہے اس کو بھی دور کرتا ہے اور کوئی تین روز پیہم اس کو لگاوے تو نہایت نفع بخشے۔

برائے کری گوش

اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے علاج کری گوش کے یہ ہے کہ روغن جنۃ السودا یعنی کلونجی نرم آنچ پر گرم کر کے کان میں ٹپکادے تو جو کچھ عوارض طنین دودی یعنی ہلکی و بھاری و جھنک و بھیبک آواز کان میں آنا اور جو کچھ حادث وصمم یعنی ورم و کری گوش عارض ہو زائل ہو کر کان کھل جاویں گے اور سنائی دے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع کرمہائے گوش کرمک ریش

اور بعض فوائد سے برائے کرمہائے گوش و برائے زخمہائے جس میں کیڑے پڑ گئے ہوں۔ یہ ہے کہ آب پیاز سفید و شیر بز مساوی الوزن لے کر کان میں ڈالیں اور زخم ہائے کرمک پر ٹپکاویں تو کرمہائے گوش و زخم بہت جلد نکل جاویں گے۔

برائے دفع کری گوش وگرانی گوش

اور بعض فوائد نافعہ سے واسطے کری وگرانی گوش کے یہ بھی ہے کہ کراث اخضر یعنی گندنا سبز لے کر کوٹ ڈالیں اور اس کا پانی کان میں ٹپکاویں عارضہ رفع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع درد دنداں

اور بعض فوائد نافع سے برائے درد دنداں یہ ہے کہ قرظ القسط یعنی برگ قسط و قرظ قسم گیاہ بضاء معجمہ بہنام گیاہ ہے لے کر خوب باریک پیسیں یہاں تک کہ مثل غبار کے ہو جاوے دنداں میں مقام درد پر مالش کریں اور اگر درد ہے تو دور ہوگا اور اگر ورم ہے تو جاتا رہے گا اور دانت ہلتے ہوئے مضبوط فوراً ہو جاویں گے اور بعض فوائد سے واسطے دفع قرس یعنی واسطے درد دنداں کے قص ثوم یعنی مغز سیر اور تین دانے فلفل کے لے کر شہد مگس میں ملا کر دانتوں پر رکھیں تو درد جاتا رہے گا اور کیڑے مر جاویں گے اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جس شخص کے دانتوں میں درد ہو تو اس کے گلے میں دانت کسی شخص میت کے باندھ دیویں فوراً درد دور ہو جاوے گا۔

افسوں درد دنداں

اور امام غزالی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب خواص القرآن میں کہا ہے کہ ایک شخص حجرے میں رہتا ہے وہ افسون دندان کیا کرتا تھا یعنی دانتوں کا درد جھاڑتا تھا اور اس افسون کے بتانے میں لوگوں سے بخل کیا کرتا تھا جب اس کی موت قریب پہنچی اور وقت جانکنی کا آیا اس دم کہ جو شخص اس کے پاس حاضر تھا اس سے کہنے لگا کہ جس چیز سے میں دانتوں کا افسوں کرتا ہوں اس افسوں کو لکھ لے تا کہ لوگ اس سے منتفع ہوں اور اس کے کتمان اور اخفا میں کوشش کر چنانچہ ان حرفوں کو اس نے لکھوا دیا المص کھیعص حمعسق لآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ بِالَّذِیْ اِنْ يَّشَاْءُ يُسْكِنِ الرِّيْحَ

1 نہیں ہے کوئی لائق الوہیت کے سوائے اس کے جو پروردگار عرش عظیم کا ہے ٹھہر جا اے درد باذن اس خدا کے کہ اگر وہ چاہے تو ہوا کو روک دیوے جنبے سے تو ٹھہری رہیں کشتیاں پشت پ

فیطفئ ر کدہ علی صبرہ وبہ مسکن بی للنبی والبھر وھو لسمیع علیم۔

برائے دفع قرضہ کروب

اور بعض بوٹے واسطے قرضہ یعنی مثل خراش اور شگاف کے جو آدمی ذکر پر ... میں ہو جاتا ہے ... یعنی ... مصری یعنی تر و تازہ ہو اور عفص یعنی مازو سانیدہ کر کے ایک ظرف میں دونوں کو خوب مخلوط کریں یہاں تک کہ بوئے عفص بوئے دخ پر غالب آوے تب اس کو ایک پارہ چرم خام میں تین روز باندھ رکھیں بعد ازاں اس سے ... کام میں ... مرض اچھا ہو جاوے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

ایضاً

جو چیز اس مرض مذکور کے لئے نافع ہے وہ چیز ہے جس کی ترکیب مجھے بتائی ہے اس شخص نے جس پر میرے تئیں وثوق اور اعتماد ہے وہ مرہم نخل ہے اور کیفیت اس کی یہ ہے کہ اسپیداج یعنی سفیدہ کاشغری مثلاً آٹھ وقیہ لیویں اور چار اوقیہ روغن زیت طیب و خالص میں ڈال کر کسی ظرف کے اندر تیز آگ پر رکھیں اور چار چوب باریک شاخ تر خرما سے لے کر اس سے ایک ایک کر کے اس روغن و سفیدے کو حرکت دیتے رہیں کہ تہ نشین نہ ہونے پاوے یہاں تک کہ چاروں لکڑیاں خشک ہو جاویں اور روغن یا سفیدہ قوام پر آ جاوے بعد ازاں اس کو آگ سے اتار کر سرد کر رکھیں اور اس میں سے کسی قدر لے کر ایک لمبی چیٹ پر پٹی بنا کر مقام عارضہ پر چڑھا دیویں بعد ازاں دوسری اور تیسری پٹی بھی چڑھا دیویں یہاں تک کہ حصول صحت ہو باذن اللہ تعالیٰ یہ مجرب و صحیح ہے۔

برائے دفع صفرہ وقصبہ رجل

اور بعض فوائد ہے برائے دفع صفرة یعنی ایک قسم کا آزار جو قصبہ ارجل یعنی نلی پاؤں کی مثل ران و پنڈلی میں نمود ہوتی ہے اس کے لئے جوز ہندی یعنی ناریل لے کر

پاؤں ... میں جو ... ہیں ... منازل ہیں اور وہ بڑا شنوا و دانا ہے۔۱۲

جلا ڈالیں اور کسی ظرف میں پیس کر کے موضع عارضہ پر ... اچھا ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ایضاً

اور بعض فوائد ہے برائے عارضہ مذکورہ جیسا بعض اشخاص نے بعض اطباء سے نقل کی ہے کہ ساق خام ... یعنی ... سے ... خوب پیس ... قدرے ... بار ... کہ ... خواہ تازہ ہو ... خواہ ... ہو خواہ خشک ہو ... اچھا ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع خلش ریان

اور بعض فوائد نافعہ ہے برائے شوکت ریان یعنی خلش اور چبھنا ریان کا چنانچہ ... قدرے ... قدرے سیاہ و قدرے عصفر یعنی ... خوب باریک پیس کر اپنے آب دہن یا غیر کے آب دہن میں مثل مرہم کے کریں پھر اس میں سے لے کر قدرے ایک تھے پر پیس کر بطور زرق یعنی چھوبہ کے موضع درد پر چند بار لگا دیں تو اچھا ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع اخراج علق حلق

اور بعض فوائد ہے برائے اخراج علق یعنی جونک جو پانی کے ساتھ حلق میں لپٹ جاتی ہے تو چاہئے کہ اس کو بخور بق یعنی پشہ جلا کر اس کا دھواں حلق میں دیویں تو جونک گر پڑے گی اور اسی طرح بخور نوشادر کا اندرون دہن کے یہی فائدہ دے گا اور اسی طرح اگر وسط ... میں ... کر روغن قطران سے ... کریں تو جونک حلق سے چھوٹ پڑے گی۔

برائے دفع رویدگی موئے ابرو

اور بعض فوائد ہے واسطے جمنے بالوں ابرو کے یہ ہے کہ خستہ خرما اور اسی قدر جوز ... کو جلا کر ... پیس کر روغن گل میں ... کر کے اوپر ابروؤں کے خواہ جس جا بالوں کا جمنا منظور ہو طلا کریں۔

برائے زوال طبوع

اور بعض فوائد برائے زوال طبوع یعنی [illegible] وغیرہ [illegible]
یعنی [illegible] کا [illegible] مریض [illegible]
یعنی [illegible] پانی [illegible] بچے اور [illegible]
[illegible] نہ [illegible] اور [illegible]

برائے دفع سعال [illegible]

اور بعض فوائد برائے دفع سعال وسرفہ کے لوبان [illegible] تازہ [illegible] شیدہ
روغن گاو میں [illegible] آگ پر چھڑ دیویں جب لوبان [illegible] اجزا حل جاویں تو اس
مریض [illegible] دونوں کو بہت نافع ہے۔

برائے رام ہونے دواب سرکش قصاب

اور بعض خواص سے یہ ہے کہ جو کوئی جو سبز [illegible] سنبلہ دار ہونے کے دو اوقیہ لے کر
[illegible] قدر شب یمانی کے ساتھ سرگین میں دفن کردیں تو خضاب خوب ہوگا۔

فائدہ

اگر کوئی جانور سواری یا باربرداری کا سرکشی کرے تو اس کے کان میں یہ آیت
پڑھیں کہ اس کی نفرت و وحشت دفع ہو جاوے گی۔[۱] افغیر دین اللہ یبغون وله
اسلم من فی السموات والارض تا یرجعون۔

برائے گرفتاری جانوران رمیدہ

چنانچہ بعض [illegible] ہے [illegible] اس کا تجربہ کیا ہے تو ویسا ہی ہو ہے

---

[۱] [illegible] دین خدا کے [illegible] دین کی طلب
[illegible] زمین سب کے فرمانبردار ہیں خوش ہوں خواہ ناخوش اور
[illegible]۔۱۲

یعنی وہ جانور [illegible] اور جب وہی جانور [illegible] کلمات [illegible]
یاعباد اللہ احبسوا یاعباد اللہ احبسوا۔ [illegible] حضرت [illegible] خدا [illegible]
وسلم نے اس عمل کا حکم دیا ہے [illegible] فرشتہ حاضر رہتا ہے [illegible]
کہ اس جانور کو پکڑا [illegible]

فائدہ ان جانوروں کا جو زیر سواری مرتے ہیں

دیگر برائے [illegible] آسیب [illegible] گھوڑا [illegible]
سواری وغیرہ جو چلنے سے [illegible] جاتے ہوں ان کی [illegible] دم
اور [illegible] چیپ [illegible] جانب راست [illegible] چیپ [illegible]
[illegible] چیپ پر نیل مصر تو وہ [illegible] انشاء اللہ تعالیٰ۔

فائدہ اس گائے کا جو اپنے بچے کو نا شناسی سے دودھ نہ پلاتی ہو

دیگر جو نافع اس گاوے کے جو اپنے بچے سے نفرت کرے اور اس [illegible] بچے اور
دودھ پلانے سے اچک جاوے اور [illegible] یہ آیات [illegible] کے گلے میں
باندھ دیویں۔ اول سورہ فاتحہ اور معوذتین اور قل ہو اللہ احد [illegible] بعد اس کے یہ آیات
[۱] وذللنا لهم فمنها ركوبهم ومنها يأكلون افغير دين الله يبغون
الآیہ وان من الحجارة لما يتفجر منه الانهار[۲] الآیۃ

[illegible] اے بندگان خدا یعنی اے فرشتو [illegible] بندگان خدا اس کو پکڑو۔۱۲

[۱] ہم نے ان کے لیے یعنی بندوں کے لیے جانوروں کو نرم اور رام کردیا ہے کہ بعض ان میں
سے ان کی سواریاں ہیں اور بعضوں کو کھاتے ہیں۔۱۲

[۲] تمہ آیہ بعد [illegible] منہ الانہار وان منہا لما یشقق فیخرج منہ الماء وان منہا [illegible]
اللہ بغافل عما تعملون یعنی تحقیق کہ بعض پتھروں میں وہ پتھر ہیں کہ ان [illegible] پتھر [illegible]
شق اور شگافتہ ہو جاتے ہیں اور ان میں سے نہریں نکلتی ہیں اور بعض ان میں سے وہ پتھر ہیں

اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ رب ۲
اعوذ بک من ھمزات الشیاطین واعوذ بک رب ان یحضرون۔
بعد ازاں مشت خاک لے کر اس پر فاتحہ سات بار اور قل ھو اللہ احد اور معوذتین ایک
ایک بار پڑھ کر اس خاک کو اس کے نتھنوں اور آنکھوں میں اور اس کے منہ پر
پھونک دیں اور یہی نافع ہے واسطے ہر ایک بہیمہ چوپایہ کے گاؤ ہو خواہ ناقہ و گوسفند
واسپ واشتر وخر وغیرہ جو ہو واللہ اعلم۔

واضح ہو کہ علماء نے اکثر چیزوں کا علم جاہل سے پوشیدہ و پنہاں کیا ہے تا اسرار اس فن کا جو مشتمل اوپر حکمت کے ہے نااہل کو اطلاع نہ دیں۔ ازاں جملہ جو کچھ معدنیات سے بطریق معما و رموز کے بولتے ہیں اس کو کواکب وغیرہ پر مرتب کیا ہے مثلاً شمس کہ مراد اس سے ذہب (زر) ہے و قمر سے مراد فضہ (سیم) ہے و زہرہ سے نحاس (مس) و مشتری سے قصدار زیز یعنی قلعی اور عطارد سے زیبق (سیماب) اور زحل سے رصاص (سیسا) اور مریخ سے حدید (آہن) مراد ہے اور علاوہ اس ترتیب کے برائے بعض معدنیات وغیرہ سے مراد دیگر ہے مثل سرب کہ وہ رصاص ارزیز ہے اور غراب کہ وہ زیبق سیماب اور اس کو نامزد کرتے ہیں۔ بہ فرار و بارب گریزندہ و عبد آبق گریز کنندہ و بادی اور عقاب سے مراد نوشادر ہے۔ واللہ اعلم۔

جوش اور شگافتہ ہو جاتے ہیں اور ان میں سے پانی بہتا ہے اور بعض ان میں سے وہ پتھر ہیں جو خوف خدا سے ٹوٹ پڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ تمہارے اعمال سے غافل نہیں۔۱۲

۱ میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ کلمات الٰہی کے کہ وہ تمام ہیں ناقص نہیں ہیں پناہ اس کے غضب اور عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے۔۱۲

۲ اے میرے پروردگار میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ وسوسے شیاطین سے اور اے میرے پروردگار میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے اس بات سے کہ وہ شیاطین میرے پاس آویں۔۱۲

تحفۃ العروس

اس کتاب ''تحفۃ العروس'' میں علامہ محمود مہدی استنبولی صاحب نے مادہ پرستی کے اس دور میں بڑھتی ہوئی جنسی بے راہ روی کا تنقیدی جائزہ پیش کیا اور عورت جو کہ کائنات کی سب سے قیمتی اور حسین و جمیل چیز ہے کی حقیقت کو احسن انداز میں واضح کیا گیا ہے۔
یہ کتاب اپنی افادیت کی وجہ سے ہر گھر میں موجود ہے۔

علامہ محمود مہدی استنبولی

طب نبوی ﷺ

علامہ ابن القیم الجوزیہ علیہ الرحمہ کی تصنیف کردہ کتاب "طب نبوی" میں مصنف نے رسول اللہ ﷺ کے ان طریقہ ہائے علاج کو جمع کیا ہے جن سے خود نبی کریم ﷺ نے اپنی بیماریوں کا علاج فرمایا، دوسرے کسی شخص کیلئے کوئی نسخہ تجویز فرمایا اور اس سے نفع تام ہوا۔ ان تمام آزمودہ طبی نسخہ اور حکیمانہ طریقوں کو مصنف نے جمع کیا ہے جن حکمتوں تک پہنچنے میں بڑے بڑے بالغ نگاہ اطباء عاجز رہے۔

الامام المحدث شمس الدین ابو عبداللہ ابن القیم الجوزیہ

كتاب انزلناه اليك مبارك ليدبروا اياته وليتذكر اولو الالباب ۝

یہ کتاب جو ہم نے آپ پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں پر غور کریں اور عقلمند نصیحت حاصل کریں

الحمدللہ جناب محمد پالن حقانی صاحب کی تحریر کردہ یہ کتاب "شریعت یا جہالت" نے اس دور پر فتن میں بڑھتی ہوئی جہالت، شرک و بدعات، غیر اسلامی رسوم اور توہمات کا قلع قمع کر کے عوام و خواص کو صوم وصلوۃ کا پابند اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا پیروکار بنایا ہے۔

شریعت یا جہالت

(اضافہ شدہ جدید ایڈیشن)

تالیف: محمد پالن حقانی (گجراتی)

تحفۂ خواتین

مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری صاحب کی تصنیف کردہ کتاب جس میں اسلامی عقائد، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج کے مفصل احکام مذکور ہیں، ذکر، تلاوت اور دعا کے فضائل دعا کے آداب اور مختلف مواقع کی دعائیں درج ہیں، اولاد کی دینی تعلیم و تربیت کی اہمیت، اسلامی معاشرہ کی تفصیل اور اسکی ضرورت بتائی گئی ہے۔ اسلامی آداب، اسلامی اخلاق کی تشریح کرتے ہوئے غیر اسلامی معاشرہ پر بھرپور تبصرہ کیا گیا ہے آخر میں توبہ کا طریقہ اور زندگی گزارنے کا دستور العمل لکھ دیا گیا ہے، خواتین کی دینی زندگی بنانے کے لئے بہت جامع کتاب ہے جو سینکڑوں احادیث شریفہ کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔

مولانا عاشق الٰہی بلند شہری مدظلہ العالی

تفسیر ابن کثیر
جلد اول
صحیح البخاری
سیرۃ النبی
جلد اول
حیات الحیوان (اردو)
جلد اول
ممتاز اکیڈمی
فضل الٰہی مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور